باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

177

ماہنامہ
# عبقری
لاہور ®

مارچ 2021ء رجب شعبان المعظم 1442ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

پندرہ شعبان المعظم کی مکمل شب
## شب برأت تسبیح خانہ میں گزاریئے
تفصیلات صفحہ نمبر 10 پر ملاحظہ فرمائیں!

## نوچندی جمعرات کا درس
18 مارچ 2021ء بروز جمعرات
تسبیح خانہ لاہور میں بعد نماز مغرب نوچندی کا درس ہوگا
جادو جنات، گھریلو الجھنوں، نظر بد، کاروباری بندش، رشتوں کی بندش، سفلی عمل، میاں بیوی میں ان بن تمام مسائل کا حل

خالص دیسی گھی

Rs 1200/- 1kg
نسلوں کی تعمیر، پرانی ریت اور روایتوں کے ساتھ
وہی سچا ذائقہ، مہکتی خوشبو اور لاجواب صحت
ہر کھانے میں استعمال کریں، لذت اور ذائقہ پائیں۔

# موسم کوئی ہو آپ ہمیشہ صحتمند اور مسکراتے رہیں گے!
# جادو واپس پلٹ جاتا ہے! میرا تجربہ

- نقش لکھیں کمرے میں لٹکا دیں! میاں بیوی کی مثالی محبت پکی
- اسٹرابری کے ایسے فوائد جو آپ نے نہیں پڑھے ہونگے
- صحابی رسولؐ کی اصحاب کہفؓ سے دلچسپ ملاقات
- برص کے داغ بالکل ختم! دیہاتی کا آزمودہ ٹوٹکہ
- دماغ کو طاقتور ترین بنانے کی سادہ سی خوراک
- بے اولاد حضرات کیلئے پانچ انتہائی طاقتور تعویذ
- میرے کلمے کے گواہ رہنا! یہ کہا اور زندگی ختم
- مجبور بہن کی دعا! اللہ نے سات بیٹے دیئے

اس رمضان بھی ہر افطار میں مشروب عبقری کا ساتھ

نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کا سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
Rs:230/-
ہر گھر ہر فرد کی پسند اور ضرورت
افطار ڈسکاؤنٹ آفر
جو مخیر حضرات رمضان المبارک میں افطاری کا خصوصی اہتمام کرتے ہیں ان کیلئے "مشروب عبقری" پر خصوصی ڈسکاؤنٹ آفر" آج ہی رابطہ کیجئے!
0309-6893384

رمضان تسبیح خانہ میں گزاریئے!
تفصیلات صفحہ نمبر 66 پر پڑھئے

## 18 سال پرانے فاقے بیماریاں، ڈھلکے گال یاں ختم
## نامحرم سے دوستی! یہ پڑھا ختم ہوگئی
## قد بڑھانے کیلئے ورزش اور مالش!
## جادوگر کو بے بس کرنے کا نقش! بس باندھ لیجیے

0343-8710009

ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ اینٹی کرپشن
عبقری ریڈیو ★ اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا
عبقری گروپ آف میڈیا
YouTube Youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari
facebook.com/ubqari www.ubqari.org
instagram.com/ubqariofficial1 عبقری آفیشل انسٹاگرام www.ubqari.tv "عبقری ٹی وی" آج ہی وزٹ کیجئے۔

## فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 3 | اور آخر گدھا ریڑھی والے کا ہاتھ کٹ گیا | 38 | بستر مرگ سے اٹھا حج پر گیا اور واپسی پر مر گیا |
| 4 | امام جعفر صادق آل بیتؓ کے شاہسوار اور دنیا کے سائنسدان | 39 | جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار) |
| 5 | صحابی رسولﷺ کی اصحاب کہفؓ سے دلچسپ ملاقات | 41 | 18 سال پرانے لاعلاج بیماریاں ٹوٹکے کالیاں ختم |
| 6 | ناشتے پر پیٹ درد کی شکایت کرنے والے بچوں کا علاج | 42 | گھر میں جھاڑو پوچا لگانے کے فوائد! بڑھاپا ختم کر مضبوط |
| 7 | میرے کلمے کے گواہ رہنا! یہ کہا اور زندگی ختم | 43 | تقدیر سے زیادہ کبھی نہیں ملتا |
| 8 | دفتری اوقات میں تازہ دم رہنے کے رہنما اصول | 44 | قد بڑھانے کیلئے ورزش اور مالش! فوائد حیران کن ہیں! |
| 9 | موسم کوئی ہو آپ ہمیشہ صحت مند اور مسکراتے رہیں گے! | 45 | قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے |
| 10 | پندرہ شعبان المعظم! آئیے تسبیح خانہ میں گزاریں | 47 | بس میں کسی نے عبقری دیا' جادو ٹوٹ گیا |
| 11 | حضرت فضیل بن عیاضؒ کے مستند روحانی وظائف | 48 | کثرت حیض کیلئے کامیاب حکیم کا نایاب نسخہ |
| 12 | اسٹرابری کے ایسے فوائد جو آپ نے نہیں پڑھے ہونگے | 53 | والد پیسے لیکر لوگوں کی زندگیاں جہنم بناتے |
| 13 | روحانی امراض اور ان کا علاج | 54 | آئے ہیں تو کچھ لے کر ہی جائیے! |
| 15 | فٹ پاتھ سے آسمان کی بلندیوں کا سفر! | 55 | آپ کا خواب اور روشن تعبیر |
| 16 | مجبور بہن کی دعا! اللہ نے سات بیٹے دیئے | 56 | دل کی گھبراہٹ' معدے کا مسئلہ' انسولین سے چھٹکارا |
| 17 | شادی کے بعد بیٹی کو درپیش مسائل اور والدین کا کردار | 57 | قارئین کے سوال قارئین کے جواب |
| 18 | میک اپ جسمانی اور پوشیدہ امراض کا ذریعہ | 58 | ہدیہ دینا اور لینا سنت رسولﷺ! |
| 20 | جس رشتہ دار نے ستایا زندگی اجیرن بنائی اس کو صدقہ دینے کی فضیلت | 59 | بقیہ جات |
| 23 | برص کے داغ بالکل ختم! دیہاتی کا آزمودہ ٹوٹکہ | 60 | گردے کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل گئی |
| 24 | تانبا صرف جسم کو لگا کر رکھیں اور ہمیشہ جوان رہیے! | 61 | ادویات اشتہار |
| 26 | جادوگر کو بے بس کرنے کا نقش! بس باندھ لیجئے | 63 | ادویات اشتہار |
| 28 | نقش لکھیں کمرے میں لٹکائیں! میاں بیوی کی مثالی محبت کی | 64 | عبقری ادویات بمعہ نرخ نامہ |
| 34 | قوت مدافعت کو مضبوط تر بنانے کیلئے شملہ مرچ کھائیے! | 65 | تسبیح خانہ میں ہونے والے سال بھر کے اعمال |
| 35 | قارئین کی آزمودہ تحریریں | | |


ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں


عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

شمارہ نمبر 9 | جلد نمبر 15 | مارچ 2021 رجب' شعبان المعظم 1442 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

# ماہنامہ عبقری لاہور

مارچ 2021ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1260 روپے رجسٹرڈ ڈاک بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر


## مجھے ضرور پڑھیں!

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں' ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ نوٹ: حکیم صاحب کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے۔

ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا' حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے' بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار رہوں گے' ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب' رسائل' جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے' وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں' مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔


## 40 شفائیہ دعائیں

نہ کوئی وظیفہ' نہ نقش' نہ عمل! صرف سننے سے بگڑے کام سنور جائیں!

مشکلات کو سلجھانے' الجھنوں سے نجات پانے' دکھوں' بیماریوں' جادو و جنات سے چھٹکارے اور ہر مقصد کے حصول کیلئے شیخ الوظائف کی اسم اعظم کے ساتھ کی جانے والی صرف 40 شفائیہ دعائیں سنیں اور اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد کا نظارہ اپنی آنکھوں سے کریں۔ (قیمت: میموری کارڈ 8GB صرف 450 روپے علاوہ ڈاک خرچ)


## عبقری خدمات کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے' یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں' شکریہ! رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

## فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

## عبقری خدمات کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری خدمات کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر خدمات کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔


خط و کتابت کا پتہ: ''عبقری'' عالمی مرکز روحانیت وامن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور

عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 || E mail:contact@ubqari.org



محمد طارق محمود نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

## ماں سے حسن سلوک کی وصیت

حضرت ابوسلامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ ایک موقع پر نبی کریم ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا: ''میں ہر شخص کو اس کی والدہ سے حسن سلوک کی وصیت کرتا ہوں، پھر دو مرتبہ فرمایا ''میں ہر شخص کو اس کے والد سے حسن سلوک کی وصیت کرتا ہوں اور میں ہر اس شخص کو اس کے غلام سے حسن سلوک کی وصیت کرتا ہوں اگر چہ افراد سے اسے کوئی تکلیف ہی پہنچتی ہو'' 18996۔ (مسند احمد بن حنبل)

## پیٹھ پیچھے برائی اور حسد نہ کرو

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''آپس میں بغض نہ رکھو اور ایک دوسرے سے حسد نہ کرو (اور) پیٹھ پیچھے کسی کی برائی نہ کرو بلکہ اللہ کے بندے اور آپس میں بھائی بن کر رہو اور کسی مسلمان کیلئے جائز نہیں کہ اپنے کسی مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ تک بات چیت بند کرے۔'' 6146۔ (صحیح بخاری)

ایڈیٹر کے قلم سے

# حال دل

## اور آخر گدھا ریڑھی والے کا ہاتھ کٹ گیا

جو میں نے دیکھا سنا اور سمجھا

### وہ چوری کرنا اپنا حق سمجھتا ہے

ہمارے پڑوس میں ایک صاحب رہتے تھے' غریب آدمی تھے لیکن میں نے زندگی میں کبھی ان کو حلال حرام' جائز ناجائز' پاک ناپاک کی کبھی احتیاط کرنے والا نہیں پایا' اس کی زندگی میں جو چیز جیسے ہاتھ لگی جہاں سے لگی' جیسے ملی' وہ اپنا حق سمجھتا ہے حتیٰ کہ خود ہمارے گھرانے کی بھی کئی بار اس نے چوریاں کیں' کئی چیزیں اٹھائیں' لیکن وہ اپنی عادت سے کبھی باز نہ آیا' بعض اوقات پکڑا بھی گیا' بظاہر وہ گدھا ریڑھی چلاتا' اسی سے مزدوری کرتا لیکن اس کی نظر ہر وقت چوری اور مال حرام پر رہتی۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے یہ بات آج سے کوئی چھبیس ستائیس سال پرانی ہے' ایک دفعہ اس نے میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا عرق نکالنے والا قرع انبیق چرالیا' والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو یقین تھا کہ اسی نے چرایا ہے' اسے بلایا' اس نے قسم قرآن نا معلوم کیا عہد و پیماں کیے کہ میں نے نہیں چرایا۔ والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے دائیں ہاتھ کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: ''تیرے اس ہاتھ نے چرایا ہے' میں تیرے اس ہاتھ کو گواہ بناتا ہوں اگر یہ تیرے اس ہاتھ نے میرا رزق حلال چرایا ہے تو یہ تیرا ہاتھ تیرے ساتھ کفن' قبر میں نہ جائے تاکہ قیامت کے دن تجھے رسوائی نہ ہو' دنیا میں جو سزا بھگتنی ہے بھگت لے''

### اور آخر کار اس کا ہاتھ کٹ گیا

اس نے ان الفاظ کی کوئی پرواہ نہ کی' وہ چوری کھا گیا' والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ہوا' ایک بار میں نے اسے دیکھا تو اس کا دایاں ہاتھ کٹا ہوا تھا' مجھے حیرت ہوئی' جھٹکا لگا اور لگا یک والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اس وقت جلالی کیفیت تھی اس جلالی کیفیت کے دوران وہ الفاظ یاد آئے' میں نے اس سے پوچھا کہ یہ کیا ہوا؟ اسے وہ وقت بھول گیا تھا' وہ لمحے یاد نہیں رہے تھے کیونکہ اس نے کوئی ایک چوری کی ہوتی تو اسے یاد ہوتا' جائز ناجائز وہ اپنا حق سمجھتا تھا۔ کہنے لگا: گدھی کے لیے گھاس کاٹ رہا تھا گھاس کاٹنے والی مشین میں ہاتھ آگیا اور سارا ہاتھ کٹ گیا' میں خاموش چلا گیا۔

### ملازم کا دھوکہ اور کاروبار تباہ

پھر مجھے ایک اور واقعہ یاد آیا مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ آنے کے لیے ٹیکسی لی ہم تین افراد تھے ٹیکسی ڈرائیور سے باتیں ہوئیں' وہ اصل میں ملتان کا رہنے والا تھا۔ کہنے لگا میری ملتان میں بہت قریبی عزیزہ فوت ہوئیں' مجھے مدینہ سے ملتان آنا تھا' میں نے اپنا کھجوروں کا کام بہت بڑا کاروبار تھا' وہ اپنے ملازم کو دیا اور تاکید کی کہ اس کا خیال رکھنا' پرانا ملازم تھا' میں ملتان آیا تو یہاں کی مصروفیت میں چند ماہ ٹھہر گیا' فون پر بات ہوتی رہتی تھی وہ ہر وقت ہر چیز درست بتاتا' کاروبار بہت اچھا ہے' میں مطمئن رہا' کئی ماہ کے بعد جب مدینہ منورہ پہنچا تو اس سے کاروبار کا حساب لیا تو پتہ چلا کہ اس نے مجھے لاکھوں ریال کا مقروض کردیا' اب میں پریشان کہ کاروبار کہاں گیا؟ اور یہ پیسہ کہاں گیا؟ کہنے لگا: سب کچھ آپ کے سامنے ہے' مجھے حساب کتاب نہیں آتا' الغرض وہ ہر چیز سے مکر گیا اور میرا سب کچھ کھا گیا۔

### حضور نبی کریم ﷺ کے روضہ اطہر پر وجدانی کیفیت اور انوکھے الفاظ

میں حضور ﷺ کے روضہ اطہر پر گیا اور کراں کی بارگاہ میں عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ اس نے میرا مال کھایا' میں اس کو دنیا میں معاف نہیں کررہا' میں نے اس کو آخرت میں معاف کیا' آخرت میں اس لیے معاف کیا کہ سارے انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے یہ امتی شرمندگی کا ذریعہ نہ بن جائے' بس میرے وجدانی الفاظ تھے' مجھے سمجھ نہیں آرہی تھی مجھے کیا کہنا ہے کیا نہیں کہنا۔ آج بھی ان بولوں پر خود شرمندہ ہوں' میں اس طرح کی باتیں کرکے چلا آیا۔ کاروبار کیا تھا' سب کچھ ختم ہوگیا' مقروض ہوگیا حتیٰ کہ ٹیکسی چلانا شروع کردی اور کما کما کر اپنے قرض اتارنا شروع کیے۔

### کوئی سزا دے دیتے مگر روضہ رسول ﷺ پر شکایت نہ لگاتے

کچھ ہی عرصہ کے بعد وہی میرا ملازم اسی دکان کا مالک بن کر بیٹھا تھا مجھے ساری سمجھ آگئی لیکن میں معاملہ اللہ پر چھوڑ چکا تھا اور اس کے حبیب ﷺ کو گواہ بنا چکا تھا' پھر میں نے آنکھوں سے منظر دیکھا جب یہ دکان پر آجاتا تو اس کا عربی کفیل اس کے گھر جہاں اس کی بیوی اکیلی ہوتی وہاں چلا جاتا۔ پھر یہ نہیں بلکہ کچھ ہی عرصہ کے بعد اس کے سارے کاروبار پر وہ کفیل قابض ہوگیا' یہ پھر جھاڑو پر آگیا حتیٰ کہ جھاڑو سے بھی اس کو دکان سے فارغ کردیا۔ آج در بدر مزدوری کرتا ہے' گھر بھی گیا' عزت بھی گئی' غیرت بھی گئی' دکان بھی گئی' کاروبار بھی ختم' کئی بار میرے پاس آتا ہے مجھے معاف کردیں میں نے آپ کو دھوکہ دیا' میں نے کہا بھائی میں نے تو حضور ﷺ کے روضہ اطہر پر جاکر یہ کچھ کہا تھا' ایک بار کہنے لگا آپ نے روضہ رسول ﷺ پر جاکر میرا شکوہ کرکے مجھے بہت بڑی سزا دی ہے اس سے کم کی سزا دیتے۔

قارئین! زندگی جیسی بھی ہو ایک شعر ضرور سمجھ آتا ہے

''جیسی کرنی ویسی بھرنی نہ مانے تو کرکے دیکھ
دوزخ بھی ہے جنت بھی ہے نہ مانے تو مر کے دیکھ

بس ہمیشہ اللہ سے ایک لفظ مانگیں اور اس لفظ کو اپنے دل کی گہرائیوں میں لکھ لیں میں بھی اور آپ بھی ''یا اللہ بغیر آزمائش اور امتحان کے ہدایت دے اور مغفرت فرما! اور میرے گناہوں کی وجہ سے میری نسلوں سے انتقام نہ لے' اللہ میری نسلوں کو اپنے غصہ انتقام اور مکافات سے بچا۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء
☆جلد کی خرابی' پرانی خارش' اس کی وجہ خون کی خرابی ہو' کسی قسم کا انفیکشن ہو' الرجی ہو' ناسُور گری کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔
نکھری بے داغ جلد' جلد کو داغ دار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج
خون صفا
غیبی طاقتیں آپ کے ساتھ! ہجویری محل چلیے!
جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔
قیمت -/150 روپے



www.ubqari.org

# امام جعفر صادقؒ اہل بیت کے شاہسوار اور دنیا کے سائنسدان

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

ہفتہ وار درس سے اقتباس

**اہل بیت کے شہسوار:** حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہٗ دنیا کے بہت بڑے سائنسدان تھے اہل بیت کے شاہ سوار تھے۔

اہل بیت میں اُن کا بڑا مقام تھا، وہ دنیا کے بہت بڑے سائنسدان ہیں۔ اُنکی حکمت، اُنکی دانائی، اُن کے نسخے اور اُن کی کمال کی چیزیں آج بھی سائنس اُن سے لیتی ہے، اُس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے خالق پر محنت کی تھی اور خالق نے اپنی بنائی ہوئی کائنات کی نعمتیں اُن کے سامنے کھول دی تھیں۔

**خدمت اور عقیدت:** ایک اللہ والے کے پاس ان کے ایک خادم آئے، جو شیخ کے ساتھ خدمت میں عقیدت سے رہتے تھے۔ شیخ کی خدمت میں رہنا اور عقیدت سے رہنا بڑا مشکل کام ہے، وہ خادم شیخ کی خدمت میں رہتے تھے کچھ عرصہ کے بعد شیخ سے عرض کرنے لگے: ”حضرت یہ ساری جڑی بوٹیاں بولتی ہیں کہ ہمارے یہ فائدے ہیں، ہمارے یہ فائدے ہیں، جب یہ جڑی بوٹیاں بولتی ہیں تو میں پریشان ہوجاتا ہوں۔ تو حضرت نے فرمایا: ”بھئی یہ اللہ کی طرف سے عطا کردہ نعمت ہے اس کو لکھ لیا کرو“ خادم نے اس کو لکھنا شروع کردیا۔ اس کے فائدے لکھنے شروع کردیے۔ اس کتاب کا نام انہوں نے رکھا ”حکیم غیب دان“ یہ کتاب کافی عرصہ پہلے چھپی تھی اُس کے چند اوراق میرے پاس موجود ہیں۔

**سوچ کا محور:** جب بندہ خالق کا ہوجاتا ہے تو ساری مخلوق کا نظام اس کے تابع ہوجاتا ہے۔ جب بندہ سارا دن بیٹھ کر دنیا کو، اسباب کو، چیزوں کو اور مخلوق کو سوچے گا تو پھر مخلوق ہی اُسکے دل میں آئے گی، خالق اس کے دل میں نہیں آئیگا۔ اگر دل میں خالق بس جائے اُس کا ساتھ مل جائے تو یقین جانیے کائنات ساری کی ساری اُسی کی ہوجائے گی! کائنات کی ایجادات اُسی کی ہوجائیں گی! ہمارے جاننے والے کچھ احباب ایسے ہیں جن کا تعلق بڑے بڑے اولیاء اور جنات کے ساتھ ہے وہ اولیاء اور جنات بتاتے ہیں کہ پہلے دور کے جو درویش ہوتے تھے، وہ اپنا زیادہ وقت مخلوق پر نہیں خالق پر لگاتے تھے۔ یاد رکھیے گا اگر یہ دماغ ہم نے اللہ کو نہ دیا تو یہ دماغ ایسے ایسے منصوبے سوچے گا کہ جس سے حلال وحرام کی دلیل ختم ہوجائیگی اور حلال وحرام کا فرق ختم ہوجائے گا۔

**حقیقی علم:** اللہ والو! اگر ہم نے اپنے دماغ کو اللہ کے حوالے کیا تو پھر اسکے اندر مزید علم آئیگا، پھر یہ علم سے ہر چیز کو پرکھے گا۔ اگر ہمارے دل میں احکامِ الٰہی نہ ہوا تو ہمارے پاس صرف علم ہی ہوگا۔ شیطان کے پاس تھوڑا علم نہیں تھا لیکن اُسکا علم اُسکی بخشش کا ذریعہ نہیں بن سکا۔ پہلے دور کے جتنے بھی علماء یا بڑے بڑے دانشور ہوتے تھے، وہ یہ سمجھتے تھے کہ ہمارے پاس احکام الٰہی کا علم ہے اور ہمارا دماغ اُس علم سے بھرا ہوا ہے۔ لیکن اُنہیں اپنے علم پر بھروسہ نہیں تھا، اس لئے وہ فوراً کسی اللہ والے کی طرف رجوع کرتے تھے۔

## دماغ میں دینی علم کا خزانہ مگر دل میں نور نہیں!

**علماء کا رجوعِ الٰہی:** ایک بہت بڑے عالم تھے‘ اُن کا بہت بڑا جامعہ تھا، اُن کا علم اور اُن کا اِستنباط، اِستبصار، استدراک سِکہ بند ہے، اُن کا نام آتے ہی بڑے بڑوں کی گردنیں جھک جاتی ہیں۔ اُس دور میں انہوں نے ایک اللہ والے سے رجوع کیا۔ فرمانے لگے: میرے پاس علم ہے! جسم کا ایک ایسا حصہ دماغ ہے جس میں تمام علوم واحکام ہیں لیکن میرے دل کے اندر وہ نور نہیں ہے جو ہونا چاہئے کیونکہ دل کا برتن خالی ہے اور دماغ کا برتن بھرا ہوا ہے۔

**دل کا برتن:** ہمارے دل کا برتن اس وقت تک نہیں بھرے گا جب تک ہم اپنے آپ کو کسی اللہ والے کے حوالے نہیں کریں گے جو دل کی دنیا کو لے کر چلتے ہیں جب تک ہم اپنا دل ان کے حوالے نہیں کریں گے ہمارے دل کا برتن خالی رہے گا۔ اگر ہمارے دماغ کا برتن علم سے بھرا ہوا ہے اور دل کا برتن عشقِ الٰہی سے نہیں بھرا ہوا تو گمراہ ہوجانے کا خطرہ ہے۔ اور اگر دل کے اندر عشقِ الٰہی ہے اور دماغ کے اندر اللہ والے احکامات نہیں ہیں پھر بھی یہ گمراہ ہوجائے گا۔ پھر حیرت انگیز قسم کی بدعات اس کو گھیر لیں گی اور ایسی چیزیں اسکے سامنے آئینگی جس کو یہ سمجھے گا کہ مجھے اسی سے نور ملے گا جبکہ حقیقت یہ ہے کہ اس کو نور نہیں ملے گا، اس کو وقتی سرور ملے گا اور اس سرور کے اندر گمراہی ہوگی۔

**دو قیمتی اعضاء:** دیکھو اللہ والو! جسم کے اندر دو اعضاء ایسے ہیں جن کو تھوڑی سی چوٹ لگے نقصان زیادہ ہوتا ہے۔ وہ اعضاء ”دِل اور دماغ“ ہیں۔ بازو پر چوٹ لگ جائے یا جسم کے کسی حصے پر چوٹ لگ جائے، یا جسم پر گولیاں لگ جائیں لیکن آدمی بچ جاتا ہے۔ دل یا دماغ کو گولی چھو کر بھی گزر جائے تو بندہ نہیں بچ سکتا۔ اُس کی وجہ یہ ہے کہ یہ دو اعضاء ایسے ہیں جو نہایت قیمتی ہیں، اِن دو اعضاء کی قیمت بہت زیادہ ہے۔ سارے نظامِ عالم میں اللہ پاک جل شانہٗ نے انسان کو جو کچھ دیا ہے وہ ان دو اعضاء ایک دماغ اور دوسرا دل کی وجہ سے دیا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

انوکھے روحانی وظائف اور رازِ ولایت پانے کیلئے
خطباتِ عبقری کا مطالعہ کریں

### درس دکھی انسانیت کی بہت بڑی راحت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں بہت جھگڑے چل رہے تھے گھر کی تقسیم کا مسئلہ تھا ٹینشن نے ذہنی معذور کردیا تھا‘ کسی نے درس کا بتایا اور جب سے ہر جمعرات کو مغرب کے بعد سے آپ کا درس سننا شروع کیا ہے اللہ پاک نے بہت کرم کیا ہے۔ گھر کی جائز تقسیم ہوگئی ہے اور ہمارا گھر سکون کی دولت سے مالا مال ہوگیا ہے۔ درس سے ملے وظائف نے زندگی کو حقیقی سکون اور چین دیا ہے۔ یَابَاعِثُ یَانُوْرُ گیارہ مرتبہ رات کو پڑھ کر سونے سے سکون کی نیند آتی ہے اور دل کو ہر وقت سکون ملتا ہے۔ میری ٹانگوں میں ہر وقت درد رہتا تھا۔ پاؤں پر زیتون کے تیل کی مالش کی آپ کے درس میں سنا تھا اب درد نہیں ہوتا اور ٹانگوں میں طاقت ہے اور جسم (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

**15 شعبان (شب برأت) تسبیح خانہ میں گزاریں!**
شیخ الوظائف کا پرسوز درس‘ ساری رات خصوصی عبادات‘
تہجد کے وقت شیخ الوظائف رقت آمیز دعا کروائینگے
روزہ رکھنے والے افراد کیلئے سحری کا انتظام

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
تمام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

بیٹا بیروزگار ہے!
ہجویری محل چلیے

# صحابیٔ رسول ﷺ کی اصحاب کہف سے دلچسپ ملاقات

انتخاب: ابولبیب شاذلی

ایک روز رسول اللہ ﷺ نے اللہ کی بارگاہ میں اصحاب کہف سے ملاقات کی آرزو کی تو اسی وقت حضرت جبریل علیہ السلام نازل ہوئے اور بارگاہِ رسالت میں عرض کی کہ یارسول اللہ ﷺ! آپ انہیں دنیا میں ظاہراً نہیں دیکھ پائیں گے، البتہ اپنے اکابر صحابہ میں چار صحابیوں کو ان کے پاس بھیج دیں تاکہ وہ آپ کا پیغام اُن تک پہنچائیں اور انہیں آپ ﷺ پر ایمان لانے کی دعوت دیں۔'' نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اے جبریل! اس کی کیا صورت ہوگی، میں اپنے صحابہ کو ان کے پاس کیسے بھیجوں اور ان کے پاس جانے کا حکم کس کو دوں؟'' حضرت جبریلؑ نے عرض کیا: ''یارسول اللہ ﷺ! ایسا کریں آپ اپنی چادر مبارک کو بچھائیں اور ایک طرف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، دوسری طرف حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، تیسری طرف حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور چوتھی طرف حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بٹھا دیجئے۔ پھر اس ہوا کو بلائیں جسے اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے مسخر فرمایا تھا، کیونکہ اللہ نے اسے حکم دیا ہے کہ وہ آپ ﷺ کی اطاعت کرے

آپ ﷺ اس ہوا سے ارشاد فرمایئے کہ ان چاروں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو اٹھائے اور اس غار تک لے جائے جہاں اصحاب کہف آرام فرما ہیں۔'' چنانچہ نبی کریم ﷺ نے ایسا ہی فرمایا۔ تو ہوا نے آپ ﷺ کی چادر مبارک کو اٹھایا، چاروں صحابہ کرام علیہم الرضوان اس پر آرام و سکون سے بیٹھے رہے دیکھتے ہی دیکھتے وہ چادر آنکھوں سے اُوجھل ہوگئی یہاں تک کہ اصحاب کہف کے غار کے پاس ہوا نے چادر کو زمین پر رکھ دیا۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے غار کے قریب پہنچ کر منہ سے پتھر ہٹایا جیسے ہی روشنی اندر پہنچی تو اصحاب کہف کے اس عاشق کتے نے جو اُن کے ساتھ ہی آرام کر رہا تھا ہلکی سی آواز نکالی، گویا اس نے غار میں داخل ہونے والے کو بغیر اجازت داخلے سے خبردار کیا۔ خطرے کی بُو سونگ کر فوراً حملہ کرنے کے لیے باہر آیا لیکن جب اولیاء اللہ کے اس عاشق نے رسول اللہ ﷺ کے ان پیارے عُشاق کو دیکھا تو اِن کے قدموں کے بوسے لینے لگا اور بڑے پیار سے اپنی دُم ہلانے لگا اور پھر سر کے اشارے سے اندر آنے کو کہا۔ چاروں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم غار کے اندر گئے اور

سوئے ہوئے اصحاب کہف کو یوں سلام کیا

''السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ''

اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم سے اصحاب کہف کو بیدار فرمایا اور انہوں نے بھی جواباً سلام کیا۔ چاروں صحابہ کرام علیہم الرضوان نے اپنا تعارف کروایا اور فرمایا: ''بے شک اللہ کے پیارے نبی حضرت محمد بن عبداللہ ﷺ نے آپ لوگوں کو سلام ارشاد فرمایا ہے۔'' انہوں نے کہا ''ہماری طرف سے بھی اللہ کے رسول حضرت محمد ﷺ پر جب تک زمین و آسمان ہیں سلامتی نازل ہو اور آپ سب پر بھی۔'' پھر سب لوگ بیٹھ کر باتیں کرتے رہے۔ اصحاب کہف سرکار ﷺ پر ایمان لے آئے اور دین اسلام کو قبول کیا اور عرض کیا کہ ''ہماری طرف سے پیارے آقا ﷺ کی بارگاہ میں سلام پیش کیجئے گا۔'' پھر وہ اپنی اپنی جگہوں پر دوبارہ لیٹ گئے اور اللہ نے ان پر حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ظاہر ہونے تک نیند طاری فرمادی۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب ظہور فرمائیں گے تو انہیں سلام کریں گے اور ایک بار پھر اللہ ان کو بیدار فرمائے گا اور اس کے بعد قیامت تک کے لیے سو جائیں گے۔ بہرحال چاروں صحابہ کرام علیہم الرضوان چادر پر اپنی اپنی جگہ دوبارہ بیٹھ گئے اور ہوا انہیں بارگاہِ رسالت ﷺ میں پہنچانے کے لیے چادر کو لے کر چل پڑی۔

# صحابہ رضی اللہ عنہم و اہل بیت رضی اللہ عنہم سے محبت کرنے والے کی مغفرت پکی

اُدھر حضرت جبریل علیہ السلام سرکار ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے اور ان چاروں صحابہ کرام علیہم الرضوان کے ساتھ جو ہوا سب کچھ بیان کر دیا اور جب چاروں صحابہ کرام علیہم الرضوان بارگاہِ رسالت ﷺ میں حاضر ہوئے تو سرکار ﷺ نے ان سے استفسار کیا کہ ''اصحاب کہف سے ملاقات کیسی رہی اور انہوں نے کہا؟'' عرض کیا: ''یارسول اللہ ﷺ! ہم نے انہیں سلام کیا، انہوں نے جواب دیا، پھر ہم نے انہیں دین اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے اسے قبول کیا اور دین اسلام بھی عرض کیا ہے۔'' یہ سن کر نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور ﷺ بہت خوش ہوئے اور دعا کے لیے ہاتھ اٹھا دیئے اور بارگاہِ الٰہی میں یوں دعا فرمائی: ''یا الٰہ العالمین! میرے، میرے رشتہ داروں، میرے دوستوں، میرے بھائیوں، میرے محبین کے مابین کبھی جدائی نہ ڈالنا اور جو مجھ سے محبت کرتا ہے، میرے اہل بیت سے محبت کرتا ہے، ان کا حامی ہے، اور جو میرے اصحاب سے محبت کرتا ہے ان سب کی مغفرت فرما'' (روح البیان، پ ۱۵، الکہف، تحت الآیۃ: ۲۱، ج ۵، ص ۲۳۱، انوارِ آفتاب صداقت، ج ۲، ص ۱۹۸، فیضانِ صدیق اکبرؓ ص ۶۱۲)

**اسلام کی مالی خدمت:** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ چونکہ ایک کاروباری آدمی تھے اور کپڑے کا وسیع کاروبار کرتے تھے لہٰذا جس دن اسلام لائے آپ کے پاس چالیس ہزار درہم یا دینار تھے، سارے کے سارے راہ خدا میں خرچ کردیئے۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، عبداللہ بن ابی قحافۃ، الرقم: ۱۶۵۱، ج ۳، ص ۹۴، تاریخ مدینۃ دمشق، ج ۳۰، ص ۶۶)۔ **عاقبت اللہ کے ذمہ کرم پر:** ایک بار حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سرکار ﷺ کی بارگاہ میں صدقہ لے کر حاضر ہوئے اور چھپا کر اسے پیش کیا اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! اللہ کے ذمہ کرم پر ہی میری عاقبت موقوف ہے''۔ (حلیۃ الاولیاء) **رسول اللہ کی مالی خدمت:** اسلام قبول کرنے کے بعد سے ہجرت مدینہ تک آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام کی مالی خدمت کرتے رہے لہٰذا ہجرت کے وقت آپ کے پاس کل مال پانچ یا چھ ہزار درہم تھا جو آپ نے اپنے ساتھ لے لیے۔ (اور رسول اللہ ﷺ پر صرف کردیئے)۔ (السیرۃ النبویۃ لا بن ہشام، ہجرۃ الرسول) **رسول خدا ﷺ کی گواہی:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم ﷺ کی اتنی مالی خدمت کی کہ آپ ﷺ نے خود ارشاد فرمایا: ''مجھے کسی کے مال نے اتنا فائدہ نہ دیا جتنا ابوبکر صدیق کے مال نے دیا۔'' (سنن ابن ماجۃ، کتاب السنۃ، باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ، الحدیث: ۹۴، ج ۱، ص ۷۲)

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
نزلہ و زکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
شفائے حیرت چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بندش توڑ شیشے کا عمل! ہجویری محل چلیے!
☆عبقری کتب، ادویات، گھر بیٹھے منگوائیں۔ کال کریں: 0332-7552382 ☆ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی ☆عبقری ادویات، رسالہ یا ایجنسی سے متعلق تجاویز، شکایات: صرف میسج 0343-8710009

# روزانہ ناشتے پر پیٹ درد کی شکایت کرنیوالے بچوں کا علاج

فضیلہ یاسر، لاہور

آپ بھی ہر صبح یہ دیکھ دیکھ کر اکتا چکی ہیں کہ بچہ سکول جاتے وقت نت نئے بہانے تراشتا ہے۔ ہر دوسرے روز تیاری کے دوران اس کے معدے میں اینٹھن شروع ہو جاتی ہے یا اچانک سر میں درد ہونے لگتا ہے اور آخری بات سکول جانے سے گریز کی صورت سامنے آتی ہے۔ آپ کو کم و بیش دھکیلتے ہوئے اسے لے جا کر وین میں بٹھانا پڑتا ہے اور جب آپ ایسا کر رہی ہوتی ہیں تو اس کی متواتر چیخ و پکار اور رونا دھونا شرمندگی میں مبتلا کر دیتا ہے لیکن کبھی یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ اس وقت کیا کروں؟۔ آپ بھی یہی چاہیں گی کہ آپ کا بچہ بھی دوسرے بچوں کی طرح خوشی خوشی سکول جائے اور ماحول کا لطف اٹھاتے ہوئے تعلیم حاصل کرے۔ آپ کی فکرمندی بالکل بجا ہے لیکن سوچنے کی بات ہے کہ ایسا کیوں ہوتا ہے، ہم آخر وہ وجوہات تلاش کیوں نہیں کرتے کہ جو اس مسئلے کا حل ہوں۔

اکثر اوقات ایسے بچوں کے دل میں سکول جانے سے کہیں زیادہ خوف گھر کو چھوڑ کر جانے کا ہوتا ہے۔ اگر والدین میں سے کوئی بیمار ہو تو بچہ یہ محسوس کر سکتا ہے کہ وہ اگر والدین کو چھوڑ کر چلا گیا تو انہیں کچھ ہو نہ جائے، اس کی عدم موجودگی میں کوئی ایسا واقعہ نہ ہو جائے جو کہ اس کی سوچ سے بڑھ کر ہو۔ اگر اس نوعیت کی بات والدین کو محسوس ہو تو وہ بچے کو اپنے پاس بٹھا کر پیار سے سمجھائیں کہ انہیں کچھ نہیں ہوگا، اسے اس بات کی یقین دہانی کرانے کی کوشش کریں کہ تم یہاں نہ ہو کر بھی ہمارے پاس ہو اور جب سکول سے تمہاری واپسی ہوگی تو ہم تمہیں یہاں ہی ملیں گے“۔

آپس کی اس ہم آہنگی کو بڑھاتے ہوئے یہ نکتہ فراموش نہ کریں کہ ”تمہیں لازمی طور پر سکول تو جانا ہے“۔ بہت سے والدین بچے کی ضد کے آگے بڑی آسانی سے ہتھیار ڈال دیتے ہیں اور کسی معمولی بہانے کے بعد بھی سکول کی چھٹی کرادی جاتی ہے جو کہ درست نہیں ہے۔ بعض بچے سکول جانے سے اس لئے احتراز کرنے لگتے ہیں کیونکہ انہیں کسی خاص ٹیچر سے خوف یا ڈر محسوس ہوتا ہے اور یا ایسا ماحول جہاں وہ خود کو مطمئن اور آرام دہ محسوس نہیں کرتے۔ ایسے حالات میں یہ معلوم کرنے کی کوشش لازمی ہے کہ بچے کو سکول میں غیر معمولی حالات یا مشکلات کا سامنا تو نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ کلاس روم میں اسے ساتھیوں نے مسترد کر کے توجہ کے قابل ہی نہ سمجھا ہو یا پھر اسے چڑانے اور بے تکے مذاق کا نشانہ بنانے کی کوشش کی جا رہی ہو۔ اگر ایسی کوئی بات ہے تو گھر واپسی پر بچے کی بات بغور سننے اور اس کی مشکل کو سمجھنے کی کوشش کریں جبکہ اپنے طور پر تحقیق کر کے اس مشکل کو ختم کرانے کی سعی بھی کیونکہ اس کا مطلب یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ آپ کا بچہ سکول کے مقررہ وقت سے بہت پہلے پہنچ جاتا ہو یا وین کے انتظار میں اسے کافی دیر تک سکول میں رکنا پڑتا ہو، ساتھیوں کی جانب سے اس نوعیت کی مشکلات ایسے اوقات میں ہی پیش آتی ہیں۔ اس حوالے سے بچے کی ٹیچر اور اس کے دوستوں سے بھی بات چیت کریں تا کہ وہ پہلو سامنے آسکیں جن سے مسئلہ حل کرنے میں آسانی پیدا ہو سکے۔ آپ کو جب کچھ مشکلات سے آگاہی ہو جائے خواہ وہ کسی بھی نوعیت کی کیوں نہ ہو تو ان کی رپورٹ سکول کی پرنسپل اور کلاس ٹیچر کو ضرور کریں جو کہ ضروری کارروائی کر کے اس امر کو یقینی بنا سکیں کہ بچہ خود کو سکول میں مطمئن اور پرسکون محسوس کر سکے اور پورے اعتماد سے تعلیم کا سلسلہ جاری رکھے۔

# پہلے دن سکول جانے والے بچوں کے مسائل کا حل

اس وقت تو سکول جانے کا خوف ایک لازمی امر ہے جب آپ کا بچہ یا بچی پہلی مرتبہ سکول جانے کے لیے تیار ہو رہے ہوں یہ بالکل قدرتی سی بات ہے کہ بچہ آپ کو آسانی سے چھوڑنے پر رضامند نہیں ہوتا جس کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ کلاس روم میں اماں بھی ساتھ جائیں اور اس کے ساتھ بیٹھی رہیں جو کہ ناممکن سی بات ہے۔ ایسے مواقع پر غیر یقینی حالات کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے اور بالکل نئے تجربات بھی ہوتے ہیں لہٰذا بچے کی مدد کرنے کے لیے نیا سال شروع ہونے سے قبل اسے کئی مرتبہ اپنے ساتھ سکول لے کر جائیں، اسے کلاس روم اور وہاں موجود بچوں کو دیکھنے کا موقع دیں۔ وقفے کے دوران کھیلتے کودتے بچوں کو دیکھ کر اسے بھی ان میں شامل ہونے کا شوق پیدا ہوگا اور سکول اس کے لیے کوئی نئی جگہ نہیں ہوگی جب اسے پہلی مرتبہ اس امتحان سے گزرنے کا موقع ملے گا۔ اگر آپ کے پاس کچھ فارغ وقت ہے تو بچے کو سکول لے جا کر کلاس ٹیچر کی اجازت سے اسے کچھ دیر کے لیے وہاں بٹھائیں تا کہ وہ اس ماحول سے ہم آہنگ ہو جائے۔ دن کا کچھ حصہ وہاں گزارنے سے اس جگہ کا نیا پن اس کے ذہن سے جاتا رہے گا اور وہ سکول کی زندگی شروع کرتے ہوئے کسی بھی چیز کو نیا محسوس نہیں کرے گا۔ یاد رہے کہ جو والدین اس تکنیک کا سہارا لیں وہ رفتہ رفتہ اپنی موجودگی کو کم کرنے کی کوشش کریں تا کہ وہ آپ کے بغیر کلاس روم میں بیٹھنے کی عادت ڈال لے اور جب باقاعدہ طور پر سکول آنا شروع کرے تو اس کے دل میں کسی قسم کا ڈر یا خوف نہ ہو۔

جب بچہ سکول جانے کے قابل ہو جائے اور آپ یہ سمجھیں کہ اس کا داخلہ سکول میں ہو جانا چاہئے تو اسے ایسی تصاویر اور ویڈیوز دکھائیں جس میں سکول کے بچوں کو کلاس روم میں بیٹھے یا کھیلتے کودتے دکھایا گیا ہو جو کہ ماحول کا لطف اٹھا رہے ہوں۔ بچوں کو سکول سے متعلق قصے اور کہانیاں سنانا اور اس دوران کھیلنے کودنے، پینٹنگ، ٹیبلو اور دیگر غیر نصابی سرگرمیوں سے آگاہ کرنا بھی مددگار ثابت ہوتا ہے۔ ان تمام تجاویز کے ساتھ ہی ایک انتہا پسندانہ اپروچ بھی اپنائی جا سکتی ہے جو کہ اکثر کارآمد ثابت ہوتی ہے۔ بچے کو تیار کر کے گاڑی میں بٹھائیں اور سکول کے احاطے میں داخل کر کے واپس آجائیں۔ ایسی صورتحال بچے کو بری طرح اپ سیٹ کر دے گی لہٰذا پہلے سے اس بات کا انتظام کریں کہ اس وقت کلاس ٹیچر یا کوئی دوسرا فرد اس کی دلجوئی کرے اور وہ اطمینان محسوس کرنے لگے کہ یہاں بھی اس کی دیکھ بھال کی جا رہی ہے۔ یہ طرز عمل بچے اور ٹیچر کے مابین ایک ایسا رشتہ قائم کر دے گا جس کے بعد بچہ سکول کے ماحول میں اجنبیت یا بے سکونی محسوس نہیں کرتا۔ سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ والدین اس طریقے کو کسی حد تک ظالمانہ محسوس کرتے ہیں اور انہیں یہ احساس رہتا ہے کہ گویا وہ بچے کے ساتھ ٹھیک نہیں کر رہے لیکن انہیں تسلیم کر لینا چاہئے کہ بچہ ہمیشہ اپنے گھر میں نہیں رہے گا اور نہ ہی وہ اس کے ساتھ ہمیشہ سکول میں رہ سکتے ہیں لہٰذا اسے اپنے آپ پر بھی انحصار کرنے دیں۔

ممکن ہے کہ سکول میں پہنچ کر پہلی مرتبہ بچہ یہ دیکھ کر اپ سیٹ ہو جائے کہ والد یا والدہ اسے چھوڑ کر چلی گئی ہیں مگر یاد رکھیں کہ اسے اطمینان دلانے کے لیے ٹیچر وہاں موجود ہے اور وہ اس مسئلے کو بہت جلد اور کہیں آسانی سے حل کر لے گی۔ والدین کے طور پر ہمیں بچوں کو بہت جلد یہ بات سکھا دینا چاہئے کہ ان کا الگ ہونا ہی (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ”کمر درد جوڑوں کا درد کورس“ آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی، طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)

شوہر بھٹک چکا!
ہجویری محل چلیے

# میرے کلمے کے گواہ رہنا! یہ کہا اور زندگی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے محسن اور بزرگ جناب محسن انصاری صاحب ماشاء اللہ 82 سال عمر میں بھی بالکل صحت منداور کامیاب انسان ہیں۔ الحمدللہ قہقہے بھی لگاتے ہیں' مسکراتا چہرہ' بالکل کم کھاتے ہیں بہت زیادہ کام کرتے ہیں' اس عمر میں اکاؤنٹس کا شعبہ انتہائی کامیابی سے چلارہے ہیں۔ بات خاتمہ بالخیر کی چل رہی تھی توانہوں نے اپنے کچھ تجربات اور آنکھوں دیکھے واقعات بتائے جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں۔ فرماتے ہیں: اپنے خاتمہ بالایمان کی بہت زیادہ فکر ہونی چاہیے۔ ہم اپنی زندگی میں توکئی مرتبہ کلمہ پڑھ لیتے ہیں، لیکن اگر موت کے وقت بھی کلمہ نصیب ہوجائے تو یہ کامیاب زندگی کی اصل علامت ہے۔ میری عمر بیاسی سال ہوگئی ہے (ماشاءاللہ) مگر میں نے اپنی پوری زندگی میں صرف ایک شخص کو کلمہ پڑھ کر رخصت ہوتے ہوئے دیکھا۔ میں ایک مرتبہ ملتان کی کسی سوسائٹی سے گزررہا تھا کہ راستے میں ایک گھر کے اندر سے کسی بزرگ کی بہت اونچی آواز آرہی تھی۔ بھئی! میرے کلمے کے گواہ رہنا لا الٰہ الا اللہ اے فلاں، تم بھی میرا کلمہ سن لو لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اے فلاں تم بھی گواہ بن جاؤ کہ میں نے کلمہ پڑھتے ہوئے اپنی جان اپنے رب کے سپرد کی ہے۔ بس یہ آوازیں تھیں اور پھر کلمہ پڑھتے پڑھتے وہ ہمیشہ کیلئے خاموش ہوگئے۔ مجھے یاد ہے کہ جب میری اہلیہ مرحومہ کا آخری وقت آیا تو میرے بچوں میں سے ہر کوئی ان کے پاس ہسپتال جاتا اور کہتا: امی! کلمہ سنادیں۔ چنانچہ وہ کلمہ پڑھنے لگ جاتیں۔ آخری لمحات میں سب رشتہ داروں کے ساتھ میں بھی موجود تھا تو وہ بالکل ہوش وحواس میں اپنے والد صاحب سے کہنے لگیں: پاپا اب آپ واپس چلے جائیں، آپ کو یہاں کافی دیر ہوگئی ہے۔ اے فلاں! تم بھی اب واپس چلی جاؤ، تمہارے بچے گھر میں اکیلے ہیں۔ اس طرح ایک ایک کرکے سب کو رخصت کردیا۔ میں پاس بیٹھا تھا۔ اچانک میں نے محسوس کیا کہ ان کی گردن کی رگیں کھنچتی جارہی ہیں۔ میں سمجھ گیا کہ روح نکلنا شروع ہوگئی ہے۔ میں نے فوراً ان کے سینے پہ ہاتھ رکھا اور سورۃ یاسین پڑھنا شروع کردی۔ دومرتبہ مکمل پڑھ لی تو دیکھا کہ ان کا جسم بالکل نارمل ہوگیا ہے۔ یعنی جو کھچاؤ پیدا ہورہا تھا، وہ ختم ہوگیا ہے اور وہ ابھی ہوش میں ہیں۔ پھر تیسری مرتبہ سورۃ یاسین شروع کی اور جب اس آیت پر پہنچا سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ تو میری زبان پر یہی آیت جاری ہوگئی اور میں بار بار اسی کی تکرار کرنے لگ پڑا۔ پھر جب ان کے چہرے کی طرف دیکھا تو بڑی آہستگی سے ان کی گردن ایک طرف ڈھلک گئی اور میں نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ پڑھتے ہوئے ان کی آنکھیں بند کردیں۔ اس سے پہلے سینے پہ ہاتھ رکھ کر سورۃ یاسین پڑھنے کا تجربہ مجھے میری والدہ کیساتھ ہوا تھا۔ ان کے آخری وقت میں بھی میں ان کے پاس تھا اور ان کے ہاتھ کو اپنے ہاتھوں میں لیا ہوا تھا۔ اچانک ان کے ہاتھ کی رگوں میں ایسی حرکت محسوس ہوئی جیسے (Some Thing Is Passing Slightly) اس کے ساتھ ہی ٹانگوں میں بھی اکڑاؤ شروع ہوگیا تو سورۃ یاسین شریف پڑھنے کی حدیث نبوی ﷺ میرے ذہن میں آئی۔ لہٰذا میں نے ان کے سینے کے اوپر ہاتھ رکھا اور سورۃ یاسین شریف پڑھنا شروع کردی۔ ابھی پہلی مرتبہ پڑھ رہا تھا کہ ان کے جسم سے اکڑاؤ ختم ہوکر جسم بالکل نارمل ہوگیا۔ یعنی سورۃ یاسین کی یہ تاثیر ہے کہ مریض کو آخری وقت میں ہرطرح کی ذہنی، جسمانی اور روحانی طمانیت کا احساس ہونا شروع ہوجاتا ہے اور اس کی روح آٹے میں سے بال کی طرح نکل کر اللہ کی رحمت میں چلی جاتی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ پاک ہم سب کا خاتمہ اپنی ملاقات کے شوق اور ایمان کی حالت میں کرے! آمین (مشاہدہ، محسن انصاری، لاہور)

قسط نمبر 155

اسلام اور رواداری

## پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

ابن زیب بھکاری

بحیثیت مسلمان ہم جس بااخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں انکا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا آپ نے سابقہ اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں سوچیں فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے

مشہور تابعی حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کے پڑوس میں ایک یہودی رہتا تھا، اس نے اپنا گھر فروخت کرنا چاہا اور اس کی دو ہزار قیمت لگائی، لوگوں نے کہا ''اس کی قیمت تو ایک ہزار ہے'' کہنے لگا ''تم ٹھیک کہتے ہو، دراصل ایک ہزار گھر کی قیمت ہے اور ایک ہزار عبداللہ بن مبارک کے پڑوس کی قیمت ہے''۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کو جب یہ معلوم ہوا تو اس کو بلا کر ایک ہزار درہم دے دیئے اور کہا ''گھر مت بیچو''۔ (المکارم والمفاحر لابی بکرالغوادزی)

''پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک'' اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور ''غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں'' کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

# قرآن سے محبت خوبصورت خاتمہ کا باعث بنی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد محترم (مرحوم) اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے وہ عبقری رسالہ پڑھتے تھے' تسبیح خانہ سے روحانی نسبت تھی۔ 13 ربیع الاوّل بروز پیر کورات 11:30 بجے کے وقت ان کو دل کا دورہ پڑا اور ان کی زبان پر آخری الفاظ یہ تھے اللہ اکبر۔ اللہ۔ اللہ۔ اور اسی وقت ان کی آنکھیں خودبخود بند ہوگئیں' چہرہ دائیں جانب ہوگیا اور منہ بھی خود ہی بند ہوگیا۔ ان کا خاتمہ میری آنکھوں کے سامنے تھا۔ اس کی وجہ جو میں نے ساری زندگی مشاہدہ کیا وہ یہ تھا کہ میرے والد صاحب کو قرآن پاک سے بہت لگاؤ تھا' عرصہ پینتالیس سال سے خود بھی اپنی منزل پڑھتے تھے اور بہت سے لوگوں کو قرآن مجید پڑھایا اور بہت سے حفاظ کو منزلیں یاد کروائیں اور ان کا معمول تھا کہ رات کو جب بھی اٹھتے وضو کرتے اور دو نفل پڑھتے اور دعا کرتے۔ اس روز بھی دو نفل پڑھے' دعا مانگی اور بیٹھے تسبیح پڑھ رہے تھے کہ اللہ کا حکم آگیا۔ قرآن سے محبت' لگن' احترام اور ادب ہی تھا کہ ان کو اللہ نے اتنا خوبصورت خاتمہ سے نوازا بے شک قرآن اپنے پڑھنے والوں کو کبھی اکیلا نہیں چھوڑتا' خاتمہ کے وقت' قبر میں اور حشر میں بھی گواہی دے گا۔ ان شاء اللہ۔

(بیٹا، محمد صدیق شاہد)

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1- بک سٹال جہاں رسالہ نہ ہو تو سٹال کا فون یا موبائل نمبر ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری عالمی مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور 042-37552384-042-37425801-3

7 مرادیں' 7 منٹ کے چراغ! ہجویری محل چلیے!

# دفتری اوقات میں تازہ دم رہنے کے رہنما اصول

آصف، ڈسکہ

روزانہ ایک جیسی روٹین جسم کے ساتھ ساتھ ذہن کو بھی تھکا دیتی ہے۔ خاص طور پر دفتروں میں ملازمت پیشہ افراد آٹھ گھنٹے یا اس سے بھی زائد وقت مسلسل کرسی اور میز پر گزارتے ہیں۔ مستقل ایک ہی پوزیشن میں بیٹھنے سے جسمانی تھکن ہونا لازمی امر ہے۔ کچھ افراد پر تھکن کا غلبہ، دوپہر اور کچھ پر شام کے اوقات میں ہوتا ہے۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب آپ کا دماغ کام کرنا چھوڑ دیتا ہے اور کچھ دیر کے لیے پرسکون رہنا چاہتا ہے۔ کبھی یوں بھی ہوتا ہے کہ جب اس طرح مسلسل بیٹھنے کے بعد کھڑے ہونے کا کوئی کام کیا جائے تو ٹانگیں جواب دے جاتی ہیں اور آپ کا انرجی لیول نیچے آنے لگتا ہے۔

خرابی اس وقت پیدا ہوتی ہے جب اعصابی تھکن کو بار بار نظر انداز کیا جائے۔ اگر دوران کام آپ کو تھکن یا سستی کا احساس ہو تو مناسب یہی ہے کہ زبردستی کام کرنے کے بجائے کچھ وقت کے لیے چہل قدمی یا آرام کرلیں۔ اس طرح کم از کم آپ تھکن کے اثرات کو کم کرسکیں گے مگر اس کے لیے آپ کو اپنے روزمرہ معمولات پر ایک بار نظر ثانی کرنی پڑے گی۔ کچھ دیر کے لیے سارے کام چھوڑ کر سکون سے سوچیں کہ آپ کیا کھاتے ہیں؟ کس وقت سوتے ہیں اور بیٹھتے کس طرح ہیں۔ آپ دن بھر میں کتنے گھنٹے کام کرتے ہیں اور آرام کے لیے کتنا وقت نکالتے ہیں؟ ان معمولات میں تھوڑی سی ردوبدل کیجئے یعنی آپ کا وقت اتنا ہی صرف ہوگا مگر توانائی کے معیار اور مقدار میں اضافہ آپ کے اپنے ہاتھ میں ہے۔ ذیل میں دیئے گئے کچھ سادہ اصول آپ کی توانائی کو برقرار رکھنے میں خاصی مدد دے سکتے ہیں۔

سائنس اور سنت دونوں سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ دن بھر کے کھانے میں سب سے اہم صبح کا ناشتہ ہے یعنی بھرپور صحت بخش ناشتہ آپ کے انرجی لیول کو بڑھاتا ہے اور دن بھر کے لیے توانائی کا خزانہ دیتا ہے۔ مقدار اور معیار کا تعین کرنا بھی نہایت اہم ہے۔ بھرپور ناشتے سے مراد یہ قطعی نہیں کہ بے تحاشہ حراروں اور چکنائی والی خوراک کھائی جائے صرف ناشتہ ہی نہیں دن بھر میں کھائی جانے والی ہر خوراک غذائیت سے بھرپور ہونی چاہیے۔ دلیہ، پھل، انڈے، پنیر اور دودھ کا ناشتہ غذائیت سے بھرپور اور مکمل ہے۔ یہ جسم کو ضروری پروٹین، چکنائی، نشاستہ، وٹامنز اور معدنیات پہنچاتے ہیں۔ ☆ دوپہر کا وقت طبیعت میں سستی اور تھکان لاتا ہے اور ایسے میں پیٹ بھر کر کھانا دفتری اوقات میں کام نہیں کرنے دیتا خصوصاً دن کے دوسرے پہر بوجھل پن سے بچنے کے لیے ہلکے پھلکے کھانے کو فوقیت دیں۔ ☆ کام کے دوران بھوک محسوس ہو تو چپس، سموسے اور چاکلیٹ کی جگہ پاپ کارن، چنے، مکئی یا پھل کھائیں۔ ☆ اپنی میز یا بیٹھنے کی جگہ کے قریب کوئی چھوٹا انڈور پلانٹ رکھیں۔ مشاہدات سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ پودے ماحول اور انسانوں پر گہرا اور مثبت اثر ڈالتے ہیں۔ ان سے خارج ہونے والی آکسیجن انسانوں کے لیے نعمت ہے اس کے علاوہ دفتری ماحول میں کمپیوٹر کے مضر اثرات بھی کم ہوتے ہیں۔

# دوران کام جمائی یا انگڑائی کا آنا! وجہ جان کر حیران ہوں

☆ اپنے کام کرنے کی جگہ پر بھی دھیان دیں اپنی میز یا ڈیسک کو صاف ستھرا رکھیں۔ تمام اہم کاغذات اور فائلیں سنبھال کر درازوں میں رکھیں۔ ڈیسک یا میز کے اوپری حصے پر فائل فولڈر، پین ہولڈر اور دیگر روزمرہ استعمال ہونے والی اشیاء سلیقے سے رکھیں۔ اگر کمپیوٹر بھی ڈیسک پر رکھا ہے تو اس کی باقاعدہ صفائی کا خیال رکھیں۔ ☆ یہ یقین کرلیں کہ دفتر میں روشنی کا انتظام مناسب ہے خاص طور پر آپ کی کرسی، کمپیوٹر کی اسکرین کی بورڈ، ٹیلیفون، فائلیں اور پین ہولڈر میز یا ڈیسک پر قریب ترین موجود ہوں۔ ☆ قدرتی روشنی کی غیر موجودگی اور زیادہ دیر تک بیٹھنے کا ایک جیسا انداز اعصاب کو تھکا دیتا ہے طبیعت بوجھل ہو جاتی ہے اور جسم کچھ دیر آرام کرنا چاہتا ہے۔ اس کی علامات میں بار بار جمائی آنا، دباؤ میں اضافہ اور کام پر سے دھیان کا ہٹنا ہے۔ اس کا سب سے آسان حل یہی ہے کہ ہر پینتالیس سے پچاس منٹ بعد تین سے پانچ منٹ کا وقفہ کرلیا جائے اور ذرا سی چہل قدمی کی جائے یا کچھ کھا ہی لیا جائے۔ یاد رکھیں! آپ جب تک خود اپنے لیے کچھ وقت نہیں نکالیں گے آپ کے یہ مسئلے حل نہیں ہو سکتے۔ ☆ خاص طور پر وہ افراد جن کے کام کی نوعیت میں کمپیوٹر استعمال زیادہ ہو انہیں ایسے چھوٹے چھوٹے وقفوں کی شدید ضرورت ہوتی ہے۔ ان وقفوں میں پانی ضرور پئیں اور اپنے دیگر ساتھیوں کے ساتھ ہلکی پھلکی گفتگو کر کے دماغ کو تر وتازہ کریں۔ ☆ نکوٹین کے لیے وقفہ کرنے سے بہتر ہے کہ یہ وقت اپنے لیے استعمال کریں۔ ریلیکس ہو کر بیٹھ جائیں کچھ دیر کرسی کی پشت سے سر کو لگالیں اور آنکھیں موندلیں۔ گہری سانسیں لیں یہ ورزش نا صرف جسم میں دورانِ خون کو فعال کرتی ہے ساتھ ہی دماغ کو کام کے دباؤ سے کچھ دیر کے لیے آزاد کر کے اسے دوبارہ فعال کرتی ہے۔ ☆ ہم میں سے ہر شخص کچھ نہ کچھ انفرادی خصوصیت کا مالک ہوتا ہے اور ہم سب جانتے ہیں کہ دن میں ایک وقت ایسا آتا ہے جب انسان کی توانائی بڑھ جاتی ہے اور وہ دن کے باقی اوقات کے مقابلے میں زیادہ چست و توانا ہوتا ہے۔ آپ اپنا جائزہ لیں اور یہ دیکھیں کہ آپ دن کے کس وقت سب سے زیادہ پرسکون میں ہوتے ہیں۔ اپنے دن کے اہم کام خاص طور پر ملازمت کے حوالے سے اہم ٹاسک اسی وقت انجام دیں جب آپ خود کو مکمل چاق و چوبند محسوس کریں۔ ☆ بعض ملازمت پیشہ افراد اپنی صحت کی طرف سے غافل رہتے ہیں۔ پانی پینے کے معاملے میں اکثر غفلت برتتے ہیں۔ دماغ اور جسم کی توانائی کو برقرار رکھنے کے لیے دن میں کم از کم آٹھ گلاس پانی پینا نہایت ضروری ہے۔ پانی کی غیر متوازن مقدار، دماغ پر منفی اثرات مرتب کرسکتی ہے اور اس طرح کام کرنے کی صلاحیت بھی متاثر ہوتی ہے۔ ☆ اگر دفتری اوقات کار میں چائے، کافی اور کولا مشروبات کے استعمال کی عادت ہے تو اسے کسی نباتاتی چائے جیسے سبز چائے سے بدل ڈالیے۔ چائے، کافی اور کولا مشروبات میں موجود کیفین دماغی اعصاب کو سست کرتے ہیں اور یوں جسمانی و ذہنی فعالیت متاثر ہوتی ہے۔ ☆ تھکن اور کام میں دل نہ لگنے کی ایک اہم وجہ دیر سے سونا جلدی اٹھنا یعنی نامناسب نیند بھی ہے۔ جلدی سونے کی عادت اپنائیے تاکہ جلد اٹھ سکیں۔ اپنے اردگرد نگاہ دوڑائیے۔ دفتر کے دیگر ساتھیوں سے پوچھیے ان کے معمولات کیا ہیں۔ مشاہدات سے یہ واضح ہو چکا ہے کہ مکمل اور بھرپور نیند لینے والوں کی مجموعی کارکردگی ان لوگوں سے زیادہ ہوتی ہے جن کی نیند پوری نہیں ہوتی۔ دن کے بھرپور آغاز کے لیے یہ نہایت ضروری ہے کہ آپ مندرجہ بالا اصولوں پر نظر ثانی کریں۔

جسم و جان کیلئے شاہی ٹانک
تندرستی ٹانک
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)
موذی بیماریوں سے حفاظت!
ہجویری محل چلیے!

www.ubqari.org

# موسم کوئی ہو آپ ہمیشہ صحتمند اور مسکراتے رہیں گے!

بزرگوں کا قول ہے کہ ناشتہ بادشاہ کی طرح کرنا چاہیے اور چکنائی سے بھرپور غذا سے دن کی ابتدا کرنی چاہیے تاکہ آپ دن بھر چاق و چوبند رہ سکیں۔ حالیہ تحقیق میں سائنسدانوں نے اس بات کی تصدیق کر دی ہے اور کہا ہے کہ بہترین اور غذائیت سے بھرپور ناشتہ آپکے دن بھر کی صحت کی ضمانت ہوتا ہے۔ اگر آپ صبح میں اچھا ناشتہ کریں گے تو تمام دن صحت مند رہیں گے اور کمزوری اور سستی آپکے قریب بھی نہیں بھٹکے گی۔ امریکی ریسرچرز کا کہنا ہے کہ دن کا پہلا کھانا بہت صحت بخش ہونا چاہیے اس سے میٹابولزم سسٹم دن بھر کے لیے ٹھیک اور درست کام کرتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ بات بالکل درست ہے کہ ناشتہ ایک بادشاہ کی طرح ہونا چاہیے۔ دوپہر کا کھانا شہزادے کی طرح جبکہ رات کا کھانا کسی گداگر یا مفلس کی طرح ہونا چاہیے۔ اس مقولے پر عمل کرنے سے میٹاروم سے بچا جاسکتا ہے یہ میٹابولک سنڈروم ہی ہے جو موٹاپے انسولین کی مزاحمت اور دل کی بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ کھانے کے اوقات کار طریقہ اور کھانے کی اقسام میٹابولک سنڈروم کی وجہ سے ہوتی ہیں جن سے بعد میں مختلف بیماریاں پیدا ہوتی ہیں اس ریسرچ ٹیم سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر برے کا کہنا ہے کہ اگر ہم صبح چکنائی والا کھانا کھائیں تو یہ چکنائی بہت جلد میٹابولزم فیٹ کا حصہ بن جاتی ہے اور دن بھر میں دوسرے کھانے کو بھی ڈیل کرتی ہے۔ اگر صبح بہترین کھانا کھایا جائے تو دن بھر صحت مند رہا جاسکتا ہے۔

## چہرے کی جلد اگر دونوں موسموں میں خشک رہتی ہو

چہرے کی جلد دونوں موسموں یعنی سردیوں گرمیوں میں خشک رہتی ہو، چکنی کریموں سے بھی کوئی خاص فرق نہ پڑتا ہو تو دو چمچ شہد، دو چائے کے چمچ دودھ، دونوں کو اچھی طرح مکس کر کے چہرے پر لگائیے۔ ماتھے سے گلے تک دس منٹ تک لگا رہنے دیجئے پھر نیم گرم پانی سے دھولیں۔ اس عمل سے چہرے کی جلد خشک نہیں رہے گی۔ (اقراء، کراچی)

# پانچ بہترین صحت بخش اور آسان ناشتے

## آئیے ایک مزیدار ناشتہ سے لطف اندوز ہوں!

(۱) انڈے: یہ پروٹین حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں صحت مند چکنائی اور دوسرے اہم غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ اچھی ہری سبزیوں یا پھلوں کا جوڑ بنائیں اور ایک مزیدار ناشتے سے لطف اندوز ہوں۔

## ناشتے میں طاقتور پیالے کی ضرورت

(۲) سیچوریٹڈ چکنائی دل کے امراض کے لیے فائدہ مند ہے اور یہ آپ کو صحت و تندرستی عطا کرتی ہے۔ اس لیے دہی استعمال کریں اور دہی استعمال کرنے کے لیے آپ کو لو فیٹ دہی استعمال کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ آرام سے پوری چکنائی والا دہی استعمال کریں۔ جس میں بھاری مقدار میں پروٹین ہوتا ہے جو کہ ایک اچھے اور تگڑے ناشتے کے لیے بہت ضروری ہے۔ ایک جلدی تیار ہونے والے ناشتے کے لیے ایک طاقتور پیالے کی ضرورت ہے جس میں کچھ پھلوں کے ٹکڑے، چند چمچ دہی، تھوڑا سا کوکو پاؤڈر، چوپ کیے ہوئے نٹس اور تھوڑا سا آلمنڈ بٹر شامل کر کے ایک بہترین ناشتے کا پیالہ تیار ہو سکتا ہے۔

## جو کا دلیہ

جو کا دلیہ ناشتے کے لیے بہترین غذا ہے۔ اس میں غذائیت بھی ہے، بھرپور بھی ہے اور پیٹ بھی بھر جاتا ہے۔ اس کو بنانا بھی بہت آسان ہے۔ اس میں شکر، شہد یا کوئی بھی دوسرے جوسز مکس کرنے سے گریز کریں۔ اس میں بہتر ہے کہ تازہ پھل بھی شامل کریں۔ اس سے یہ مزید غذائیت بخش ہو جائے گا۔

## طاقت سے بھرپور اسموتھی

ایک اچھا سادہ بلینڈر بھی آپ کو صحت بخش ناشتہ بنانے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ اس کے لیے اچھا ہے کہ آپ کچھ نٹس، کچھ میوؤں کو رات بھر بھگو دیں۔ ایک مٹھی نٹس اور ایک مٹھی فروزن بیریز، آدھا کیلا اور تھوڑا سا پانی تاکہ اس کا ایک اچھا کریمی ٹیکسچر آ جائے۔ اس میں آپ اور بھی مختلف غذائیت سے بھرپور چیزیں شامل کر سکتے ہیں۔ جیسے کہ پروٹین پاؤڈر، کوکو پاؤڈر وغیرہ بھی شامل کر سکتے ہیں۔

## مچھلی بہترین ناشتہ ہے

بہت سے لوگوں کے لیے یہ بہت مشکل ہوگا کہ ناشتے میں مچھلی کھائیں لیکن یقین جانئے کہ ایک دفعہ آپ مچھلی کو اپنے ناشتے کا حصہ بنا لیں گے تو آپ کو اس کے ذائقے کی عادت ہو جائے گی۔ یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے دن کا آغاز پروٹین سے کریں، خاص کر جن لوگوں کو صبح کے وقت شوگر لو ہو جانے کی شکایت ہو جاتی ہے۔ ان کے لیے ایووکاڈو بہت اچھا ہے۔ ایووکاڈو سے انسولین کا لیول بیلنس ہوتا ہے۔ اگر آپ فروزن مچھلی استعمال کر رہے ہیں تو کوشش کریں کہ ایسے برانڈ کی ہو جس میں پریزرویٹو نہ ڈالے گئے ہوں۔ اس کے علاوہ کھجور اور دودھ ناشتہ میں ضرور استعمال کیجئے' تین کھجوریں اور ایک دودھ کا گلاس اپنے اندر تمام غذائی اجزاء سموئے ہوئے ہے' ضرور استعمال کریں سارا دن فریش رہیں۔

## بچوں کا سر بڑھنا پریشان کن مسئلہ کا آسان ٹوٹکہ

جب بچے پیدا ہوتے ہیں تو سات دن کے بعد بال جسے جھنڈ کہتے ہیں اتروا دیں اس کے بعد استرے سے بال نہ اتاریں جو لوگ ننھے بچوں کے بال اُسترے سے اتارتے ہیں ان بچوں کا سر بڑھنا شروع ہو جاتا ہے پہلے بال استرے سے اتار لیں پھر کبھی بھی آپ اُسترے استعمال نہ کریں استرا سے بال اتارنے سے بچوں کا سر بڑھتا ہے۔

**عبقری ٹوٹکہ سیکشن:** قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔

**نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کبھی ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

بیماریوں کیلئے شفائیہ نمک! ہجویری محل چلیے!

# پندرہ شعبان المعظم! آئیے تسبیح خانہ میں گزاریں

**پندرہ شعبان المعظم کی مکمل شب تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے‘ شیخ الوظائف کا پرسوز درس‘ خاص اذکار‘ اعمال‘ ساری رات عبادات‘ تہجد کے وقت شیخ الوظائف کی خصوصی دعا‘ روزہ رکھنے والوں کیلئے سحری کا انتظام۔ باقی لنگر عام۔ اجازت عام!**

## عذاب قبر سے نجات اور جنت میں داخل ہونے کی خوشخبری

ماہ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب بعد نماز عشاء آٹھ رکعت نماز نفل ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ دفعہ پڑھے اور اس کا ثواب خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ہدیہ کرے خاتون جنت فرماتی ہیں کہ میں ہرگز جنت میں قدم نہ رکھوں گی جب تک کہ اس نماز پڑھنے والے کو اپنے ہمراہ جنت میں نہ لیجاؤں۔ ماہ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے عمرے کا ثواب عطا ہوگا۔ شعبان کے پہلے جمعہ کو بعد نماز مغرب اور قبل نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی دس بار سورۂ اخلاص ایک بار سورۂ فلق اور ایک بار سورۂ ناس پڑھنی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ نماز ترقی ایمان کیلئے بہت مفید ہے۔ **وظیفہ:** شعبان المعظم کی چودہ تاریخ کو بعد نماز عصر آفتاب غروب ہونے کے وقت باوضو چالیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے: **لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔** اللہ تعالیٰ اس دعا کے پڑھنے والے کے چالیس سال کے گناہ معاف فرمادیں گے۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ) **نوافل اور روزہ:** حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جب شعبان کی پندرھویں شب آئے تو تم رات کو قیام کیا کرو یعنی نوافل پڑھو اور دن کو روزہ رکھو۔ اس رات اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ہے کوئی بخشش چاہنے والا کہ میں اسے بخش دوں‘ کوئی رزق مانگنے والا ہے کہ میں اسے رزق عطا کروں‘ کوئی مصیبت میں مبتلا ہے کہ میں اس کو عافیت دوں۔

**شب برأت:** حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مجھ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تیس صحابہ رضوان اللہ علیہم نے بیان کیا ہے کہ اس رات جو شخص یہ نماز پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طرف ستر بار (نظر رحمت سے) دیکھتے ہیں اور ہر نگاہ میں ستر حاجتیں پوری کرتے ہیں جن میں سب سے ادنیٰ حاجت گناہوں کی مغفرت ہے۔ اس نماز کا طریقہ یہ ہے کہ دو، دو نفل کی نیت سے سو رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنے بعد نماز دعا کرے۔ (رات کو عبادت کرے اور دن کو روزہ رکھے) شب برأت میں دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار‘ سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ بعد سلام کے درود شریف ایک سو دفعہ پڑھ کر ترقی رزق کی دعا کریں۔ انشاء اللہ اس نماز کے باعث رزق میں ترقی ہوجائیگی۔ جو شخص شب برأت کو آٹھ رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص دس دس مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کیلئے بے شمار فرشتے مقرر کردیں گے جو اسے عذاب قبر سے نجات اور جنت میں داخل ہونے کی خوشخبری دیں گے۔ **گھر بیٹھے حج اور عمرہ کا ثواب:** ماہ شعبان میں ہر جمعہ کی رات چار رکعت نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھیں تو ان نوافل کے پڑھنے والے کو مقبول حج اور عمرہ کا ثواب نصیب ہوگا۔ شب برأت کی عظمت، اہمیت اور فضیلت کے پیش نظر اس میں عبادت و مناجات، ذکر الٰہی اور تلاوت قرآن کے لئے غسل کرلینا مستحب ہے۔ عشاء اور فجر کی نماز باجماعت ادا کرنے کا پورا اہتمام کیا جائے۔ جتنا سہولت اور آسانی سے ممکن ہو اس مقدس رات کو نوافل اور ذکر و تلاوت میں گزاریں، منکرات سے دامن بچاتے ہوئے قبرستان جاکر زیارت قبور کرنا، صحت و عافیت، رحمت و بخشش اور جملہ مقاصد حسنہ کے لئے دعاؤں کا اہتمام کیا جائے۔ پندرہویں شعبان کا روزہ رکھیں۔ جن گناہوں کی نحوست اور وبال اس مبارک رات کی رحمتوں اور برکتوں سے محروم کردیتی ہے۔ ان سے مکمل پرہیز کرتے ہوئے صدق دل سے توبہ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

## ماہانہ روحانی محفل

**روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے**

اس ماہ کی روحانی محفل 10 مارچ بروز بدھ صبح 10 بج کر 13 منٹ سے لے کر 11 بج کر 21 منٹ تک۔ 19 مارچ بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 28 مارچ بروز اتوار رات 9 بجے سے لیکر 10 بج کر 27 منٹ تک بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا‘ اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پییں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں‘ ان شاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

**ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں**

(**نوٹ:**) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (**ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ**)

### گھر میں عرق گلاب کشید کرنے کا طریقہ

گلاب کے پھول کی پتیاں ایک پاؤ لیں ایک کپڑے میں باندھ لیں ایک دیگچے میں پانی بھر لیں اس کے اندر کوئی چیز ایسی رکھیں جو پانی سے اوپر ہو اس کے اوپر کٹورا رکھیں اب دیگچے کے منہ پر کوئی برتن رکھیں جیسے کوئی چھوٹی دیگچی اس میں پانی بھر لیں چولہے کو درمیانی آنچ پر رکھیں جب دیگچی پر پانی گرم ہوجائے تو اس کو اتار لیں اور ٹھنڈا پانی رکھیں اس طرح برتن کے اندر بھاپ کا پانی جمع ہوجائے گا جو کہ خالص عرق گلاب ہوگا۔ (غزالہ کوٹ ادو)

خاص الخاص عمل کے بعد **جادو شکن تیل**
کالا جادو‘ جنات‘ نظر بد‘ سفلی عمل‘ بدروحوں کے برے اثرات‘ لاعلاج بیماریاں‘ گھریلو جھگڑے‘ اولاد کی نافرمانی‘ مسلسل ناکامیاں‘ دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت 50 روپے)

بچہ امتحان میں فیل نہ ہوگا! **ہجویری محل چلیے!**

# حضرت فضیلؒ بن عیاضؒ کے مستند روحانی وظائف

## کند ذہن اور موٹی عقل کا خاتمہ

اگر کوئی چاہتا ہے کہ بچے کا پڑھنے لکھنے میں ذہن کھل جائے اور اس کی عقل‘ سمجھ بوجھ سب صحیح کام کرے تو اس کیلئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے پھر سات سو چھیاسی 786 بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کرے اور وہ پانی صبح ناشتہ سے قبل اور سوتے وقت پلایا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ ذہن روشن ہوگا اور عقل و شعور میں اضافہ ہوگا۔

## قرض سے آزادی

بعض مرتبہ انسان اس امید پر کہ قرض لے لوں شاید کچھ نفع ہو جائے اور کاروبار چل نکلے لیکن ہر بار کاروبار میں نقصان ہوتا جاتا ہے اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہے اور قرض اترنے کا نام نہیں لیتا۔ ایسی صورت میں قرضہ دینے والے طرح طرح سے پریشان کرتے ہیں۔ جس سے تجارت اور کاروبار میں توجہ قائم نہیں رہتی اور نقصان ہوتا ہے۔ دوسری طرف دل اور دماغ بوجھل رہتے ہیں۔ قرض سے نجات کے لیے سب سے بہتر عمل وہ ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو فرمایا تھا۔ نماز مغرب کے بعد یہ دعا سو (100) مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھے۔ وہ دعا یہ ہے: اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

## مردانہ امراض کا روحانی علاج

جس مرد میں قوتِ مردمی کی کمی ہو اور اس سلسلے میں بہت پریشان رہتا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت مع بسم اللہ کے باوضو لکھ کر موم جامہ میں باندھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ قوت زیادہ ہوجائے گی۔ وہ تعویذ معظم یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ (آل عمران 191)

## بچہ کا بات بات پر رونا

اگر بچہ چڑچڑا ہوگیا ہو اور ذرا ذرا سی بات پر روتا اور مچلتا ہو تو اس آیت کو باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں موم جامہ کرکے بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے سے رک جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ○ (طٰہٰ:108)

## ہر قسم کے شر و فتنہ سے حفاظت

ہر قسم کے شر و فتنہ سے حفاظت کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ سو بار: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل بعد نماز عشاء مسلسل پابندی کے ساتھ کرے‘ ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا شر و فتنہ از خود ختم ہوجائے گا۔

## خوبصورت بچہ پیدا ہو

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کا بیٹا خوبصورت اور نیک پیدا ہو۔ برائی سے محفوظ رہنے والا ہو اس کو چاہیے کہ سورہ یوسف مع بسم اللہ شریف کے صاف صاف باوضو لکھے اس طرح لکھے کہ کوئی حرف مٹا ہوا نہ ہو۔ اس سورت کو لکھ کر موم جامہ میں بند کر کے حاملہ عورت کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا خوبصورت اور نیک سیرت اور شہرت کا مالک ہوگا۔

# غربت تنگدستی اور فاقے ختم کرنے کا قرآنی فارمولہ

اگر کوئی سالہا سال سے غربت کی چکی میں پس رہا ہو‘ ہر جگہ ہاتھ مار چکا‘ محنت کرلی‘ نوکریاں کرکر کے تھک گیا‘ مگر گھر سے غربت نے ڈیرے نہ ختم کیے ہوں تو ایسے شخص کو چاہیے کہ بعد نمازِ مغرب یا بعد نماز عشاء باوضو سورہ مزمل (پ 29) گیارہ مرتبہ پڑھے۔ سورہ مزمل پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ سورہ مزمل پڑھتے وقت جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچے تو پچیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اس عمل کی برکت سے گھر سے غربت اور تنگ دستی کا خاتمہ ہوگا اور روزی میں برکت پیدا ہوگی۔ کاروبار بند ہوچکا ہو تو دوبارہ وسعت پیدا ہوگی‘ گھر میں امن و سکون آئے گا۔ شرط یہ ہے کہ یہ عمل روزانہ بلاناغہ کرے اور پابندی سے کرے گا تو اس کا پھل پائے گا۔

# اس دعا کو پاس رکھیے! جادو پلٹ جائے گا

یہ دعا بہت طاقتور ہے‘ بے شمار کتب میں اس کا تذکرہ ملتا ہے۔ جو شخص اس دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ ہر نماز کے بعد اس کا ورد کرے، اگر کسی شخص نے اس پر جادو کیا ہوگا تو کرنے والے پر لوٹ جائے گا اور تمام جنات، شیاطین اور انسانوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ سَدَّدْتُ اِخْوَةَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَالسَّحَرَةِ وَاِلَّا بِالسِّةَ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَيَلُوْذُ بِهِمْ بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْاَعَزِّ وَبِاللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

# بیوی شوہر سے یا شوہر بیوی محبت کم کرتا ہے تو پڑھیے

اگر شوہر سے بیوی کم محبت کرتی ہو یا بیوی سے شوہر کم محبت کرتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے لیکن یہ صرف میاں بیوی کی محبت کیلئے ہے۔ بعد نماز عصر باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو ایک (101) بار یَاوَدُوْدُ پڑھے اسکے بعد تین بار درود شریف پڑھے اور مطلوب کا تصور باندھ کر اس کے سینہ پر تصور ہی میں دم کردے۔ یہ عمل پڑھتے وقت منہ میں مصری کی ڈلی رکھ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے۔ مجرب عمل ہے۔

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
بے طاقتی‘ بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر
قوت و شباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مردان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
گاہک کھینچنے والا تعویذ! ہجویری محل چلیے!

# اسٹرابری کے ایسے فوائد جو آپ نے نہیں پڑھے ہونگے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری انتہائی مفید شمارہ ہے' ضرور پڑھتا ہوں' کچھ عرصہ قبل پرانے اخبارات و رسائل چھانٹی کر رہا تھا تو ایک آرٹیکل پر نظر پڑی' جس میں اسٹرابری کے فوائد پڑھ کر میں حیران رہ گیا' پھر خود بھی استعمال کی تو انتہائی مفید پائی حالانکہ اس سے پہلے میں نے کبھی اسٹرابری شوق سے نہیں کھائی تھی' دل سے آواز آئی کہ یہ عبقری شمارہ میں ضرور شائع ہونا چاہیے لاکھوں لوگوں کا بھلا ہوا' لہٰذا یہ مفید ترین تحریر عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں:۔

سرخ رنگ کا یہ پھل دیکھنے میں جتنا خوبصورت ہے جسمانی صحت کے لیے اتنا ہی فائدہ مند بھی۔ اگر آپ اسٹرابری کو پسند نہیں کرتے تو ضرور کریں، اس لیے کیونکہ یہ لذیذ اور عرق سے بھرپور ہے بلکہ یہ کسی بھی طرح سپرفوڈ سے کم نہیں۔ وٹامن سی سے لے کر متعدد اینٹی آکسی ڈینٹس تک اسٹرابری متعدد طبی فوائد پہنچاتی ہے اور ان میں سے کچھ آپ کو حیران کردیں گے۔ جسمانی دفاعی نظام بہتر بنائے طبی ماہرین کے مطابق اسٹرابری وٹامن سی کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے، انسانی جسم اس وٹامن کو بنانے کی صلاحیت نہیں رکھتا اور اسی لیے اسے غذائی شکل میں حاصل کرنا بہت اہمیت رکھتا ہے، وٹامن سی جسمانی دفاعی نظام کو مضبوط اور طاقتور کرتا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق اگر چند ہفتوں تک اسٹرابری کا روزانہ کچھ مقدار میں استعمال کیا جائے تو اس میں موجود اینٹی آکسیڈنٹ کی طاقت خون کا حصہ بن جاتی ہے۔ آنکھوں کی صحت کے لیے اینٹی آکسی ڈینٹس سے بھرپور اسٹرابری کا پھل موتیے کے مرض کی روک تھام میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے، جس کے نتیجے میں بڑھاپے میں بینائی ختم ہونے کا خطرہ بھی ہوتا ہے۔ ہماری آنکھوں کو وٹامن سی درکار ہوتا ہے تاکہ سورج کی الٹراوائلٹ شعاعوں کے اثرات سے بچا جاسکے جو قرنیے کی پروٹین کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ وٹامن سی آنکھوں کے قرنیے اور پردہ چشم کو مضبوط بنانے کا بھی کام کرتا ہے۔ کینسر کے خلاف مفید وٹامن سی ایسا جز ہے جو کینسر کی روک تھام کے لیے بھی مددگار ثابت ہوتا ہے۔ جسم کے صحت مند دفاعی نظام کی بدولت امراض سے دفاع بھی مضبوط ہوتا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق اسٹرابری میں موجود ایک جز ellagic acid انسداد کینسر کی خصوصیات رکھتا ہے اور کینسر کے خلیات کی نشوونما کو روکتا ہے۔ جھریوں سے تحفظ اسٹرابریز میں موجود وٹامن سی کولیگن کی پروڈکشن کے لیے بھی اہمیت رکھتا ہے جو جلد کی لچک اور نرمی کو بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے، عمر بڑھنے کے ساتھ کولیگن کی سطح میں کمی آتی ہے تاہم وٹامن سی سے بھرپور غذا کے استعمال سے جلد کو صحت مند اور جوان بنانے میں مدد ملتی ہے، وٹامن سی کے ساتھ ساتھ اسٹرابری میں ellagic acid بھی کولیگن کے خاتمے اور ورم کے ردعمل کو روکتا ہے اور یہ دونوں عوامل جھریوں کا باعث بنتے ہیں۔ خراب کولیسٹرول کے خلاف مزاحمت دنیا بھر میں امراض قلب سے اموات کی بڑی وجوہات میں سے ایک ہیں اور اسٹرابری میں دل کی صحت کو بہتر بنانے کی بھی خوبی ہے۔ ellagic acid اور فلیونوئڈز ایسا اینٹی آکسائیڈنٹ اثر فراہم کرتے ہیں جو دل کی صحت کو بہتر بناتے ہیں، یہ خون میں خراب کولیسٹرول کے اثرات کا مقابلہ کرتے ہیں جو شریانوں میں خون گاڑھا کرنے کا باعث بنتے ہیں۔ تحقیق کے مطابق اسٹرابری کا غذا میں استعمال امراض قلب اور ذیابیطس سے تحفظ دیتا ہے۔ ورم میں کمی اسٹرابریز میں موجود اینٹی آکسی ڈینٹس اور دیگر اجزاء جوڑوں کے ورم کا اثر کم کرنے میں بھی ممکنہ طور پر مددگار ثابت ہوسکتے ہیں۔ اسٹرابری میں شامل پوٹاشیم بھی ایک اور صحت بخش جز ہے اور وہ نہ صرف بلڈ پریشر کو کنٹرول میں رکھنے میں مدد دیتا ہے بلکہ اس سے ہائی بلڈ پریشر کی سطح میں بھی کمی لائی جاسکتی ہے۔ بلڈ پریشر، خراب کولیسٹرول اور ورم سے تحفظ دینے کے باعث اسے دل کی صحت کے لیے بہترین پھلوں میں سے ایک پھل قرار دیا جاتا ہے۔ جسم میں فائبر بڑھائے فائبر کھانے کے ہضم ہونے کے لیے ضروری ہوتا ہے اور اسٹرابری میں قدرتی طور پر اس کی کچھ مقدار شامل ہوتی ہے۔ جسم میں فائبر کی کمی کے نتیجے میں قبض اور آنتوں کے ورم کا خطرہ ہوتا ہے جس کا سامنا عمر کی چھٹی دہائی میں موجود 50 فیصد افراد کو ہوتا ہے۔ فائبر ذیابیطس ٹائپ ٹو کے خلاف بھی جدوجہد کرتا ہے کیونکہ یہ خون میں چینی کی جذب کرنے کے عمل کو سست کردیتا ہے۔ جسمانی وزن کے لیے مفید صحت مند وزن کو برقرار رکھنا ذیابیطس ٹائپ ٹو اور امراض قلب کے خلاف بہترین دفاع ثابت ہوتا ہے، اسٹرابری قدرتی طور پر (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

## مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر لاتعداد مسلسل یَا غَفَّارُ یَا کَرِیْمُ پڑھیں' اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے پورے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

## بزرگ کی بوسیدہ کتاب سے ملا بے حد روحانی طاقت پانے کا طبی ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ روحانی نسخہ میں نے اپنے ایک بزرگ کی بوسیدہ کتاب جو انہوں نے خریدی تھی سے لیا ہے سفید پھول والے ڈھاک' گل ٹیسو کے بیج اور پھول لیں اور چھال بھی حاصل کریں اور ان کا باریک سفوف بنالیں۔ جو کوئی اسے کھائے گا اس میں بے حد روحانی طاقت آجائیگی اس کا باطن صاف اور سینہ فراخ ہوجائے گا اللہ نے چاہا تو اسے غیبی پُراسرار حالات معلوم ہونے لگیں گے قوت حافظہ اور عقل بڑھے گی۔ (حمزہ حنیف، کلاس کچا کھوہ)

اصلاح معدہ و جگر پیکیج (ہربل)
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کرکے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت صرف 440/- روپے علاوہ ڈاک خرچ
نافرمان اولاد نیک! ہجویری محل چلیے!

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج = روحانی بیماریوں کا روحانی علاج = کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو کے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہِ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں۔

## وظیفہ دیجئے! نیک سعادت مند شوہر ملے

خواہش ہے کہ مجھے تسبیح خانے کی نسبت رکھنے والا شوہر ملے اور میرا نکاح بھی تسبیح خانے میں ہو۔ کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں' ایسا رشتہ خود آجائے دھوکہ نہ ملے۔ نیک شوہر اور اچھے سسرال والے ملیں' میں وظیفہ توجہ دھیان سے پڑھوں گی۔ امی تین سال سے رشتہ ڈھونڈ رہی ہیں پریشان بھی ہوتی ہے۔ (پوشیدہ' فیصل آباد)

مشورہ: نیک سعادت منداور جلد رشتے کیلئے یہ تین عمل آزمائے ہوئے ہیں' آپ یہ تینوں یقین' توجہ سے کیجئے۔ ان شاء اللہ کرم ہوگا۔ 1۔ 152 مرتبہ سورۂ الم نشرح اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ کسی بھی وقت پڑھ لیں' اکثر ایک مرتبہ کرنے سے رشتہ طے ہوجاتا ہے۔ 2۔ ہر روز نماز عشاء کے بعد 121 مرتبہ یَا اَللّٰہُ یَا لَطِیْفُ پڑھیں' شادی تک مستقل پڑھیں۔ 3۔ سورۂ طٰہٰ 21 مرتبہ، تین' سات یا گیارہ دن تک ایک وقت اور ایک جگہ بیٹھ کر پڑھنی ہے' ان شاء اللہ جلد ہی اللہ پاک نیک اسباب بنائیں گے۔

## پلازہ کے تین فلور مگر خالی! گاہک نہیں

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے آپ کی مدد فرمائے۔ آمین! میرے پلازہ کے تین فلور ہیں' لیکن گاہک بہت کم ہیں' کاروبار کا نظام ٹھیک کرنے کی ہمت نہیں ہورہی' غصہ بہت آتا ہے' گاہک پر بھی اور گھر میں بھی۔ مزید کچھ معاملات پیسوں اور جگہ کے ہیں جو حل نہیں ہورہے' براہ کرم وظیفہ عنایت فرمائیے!

جواب: رزق میں اضافہ حصول غناء' کیلئے سورہ فاتحہ ایک بار' سورہ الم نشرح تین بار اور سورہ قدر 11 بار پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف 11,11 بار روزانہ پڑھیں ان شاء اللہ رزق میں بے تحاشہ برکت ہوگی۔ کسی کا دل نہ دکھائیں۔ اپنے رزق سے چرند پرند جانوروں اور انسانوں کو پالتے جائیں اللہ آپ کا رزق وسیع کردیگا۔ استغفار اور درود پاک کی کثرت کیجئے۔

## بیٹی کے امتحانات میں کامیابی اور شادی کیلئے وظیفہ

میری بیٹی کے امتحانات ہونے والے ہیں' مزید میں بیٹی کا کہیں رشتہ کرنا چاہتی ہوں اور جلد از جلد یہ فرض ادا کرنا چاہتی ہوں۔ لہٰذا امتحان میں کامیابی اور اچھے رشتے' کیلئے مجھے وظیفہ عنایت فرمائیے۔ (ج، گجرات)

جواب: بیٹی کو چاہیے کہ وہ امتحانات کے آغاز سے چند دن قبل عصر کی نماز اور مغرب کی نماز کے درمیانی وقفہ میں باوضو حالت میں قبلہ رو ہوکر بیٹھے اور بسم اللہ شریف کے ساتھ 41 مرتبہ یہ درود پاک پڑھے اور 40 یوم تک بلاناغہ پڑھے۔ دوران امتحان اور جب امتحان ختم ہوجائیں تب بھی ناغہ نہ کرے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ بیٹی کی جلد اور اچھی جگہ شادی کیلئے آپ کی بیٹی سورۂ یٰسین کی آیت نمبر 36 (سُبْحٰنَ الَّذِیْ الخ) فجر کے بعد 100 بار پڑھیں تو اللہ کے فضل وکرم سے حسب خواہش رشتہ مل جائے گا۔ وظیفہ کے اول و آخر میں درود شریف ضرور پڑھیں۔

## ہمارے گھر جنات کی تباہ کاریاں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں بہت عرصہ سے جنات ہے' جو ہمارے گھر تباہی مچاتے رہتے ہیں' بڑے بڑے عاملین کے پاس گئے لیکن مایوسی کے سوا کچھ نہیں ملا سوائے پیسہ برباد کرنے کے' آخر مایوس ہوکر آپ سے پوچھ رہی ہوں ہمارے گھر کا ہر فرد بیمار ہے' ہر وقت گھر میں لڑائی' کوئی کسی کو برداشت نہیں کرتا' بہت پریشان ہوں' اپنی طرف سے پڑھائی بہت کرتی ہوں جب ایک ہفتہ گزرتا ہے تو گھر میں ایسا طوفان اٹھتا ہے کہ برداشت سے باہر ہے یا تو چوری ہوجاتی ہے یا پھر بیماری یا پھر ایسی لڑائی ہوتی ہے جو نقصان کا باعث بنتی ہے۔ براہ مہربانی کوئی حل بتایئے۔ (ر۔ قصور)

جواب: سورہ جن (پارہ نمبر 29) 3 بار اور سورہ مزمل (پارہ نمبر 29) 3 بار پڑھ کر 4 اگربتی کے ڈبوں پر دم کریں اور روزانہ بعد نماز مغرب گھر میں اور صبح دکان میں 4 عدد جلائیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ جنات سے حفاظت اور رزق میں اپنی شایان شان اضافہ فرمائینگے۔ ☆ جب بھی گھر میں داخل ہوں تو سلام کریں پھر درود شریف اور پھر سورہ اخلاص پڑھیں۔ ☆ مسواک کریں اور گھر کے اندر مختلف کونوں میں رکھیں' خصوصاً مریضوں کے پاس رکھیں۔ ☆ گھر کے چاروں کونوں میں اذان دیں۔ ☆ مریضہ کو ڈر سے بچانے کیلئے سورہ قریش کا عمل بتایا۔ ☆ مریض کی صحت یابی کیلئے حسب توفیق صدقہ روزانہ یا جمعرات' جمعہ کریں۔ ☆ مریض کے سر کے اوپر والی جگہ پر قرآن پاک رکھ دیں جہاں وہ سوتے ہیں۔ ☆ مریض باوضو رہے اور کثرت سے تلاوت قرآن پاک کرے اور نماز کی پابندی کرے۔

## 160 کنال اراضی پر قبضہ! قتل کی دھمکیاں

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! ہمارے والد محترم نے جو جائیداد چھوڑی ہے ان پر اکثر لوگ قابض ہیں' پچاس سال سے ہماری 160 کنال اراضی پر لوگوں نے قبضہ کیا ہوا ہے' کوئی ایک پائی دینے کو تیار نہیں' والد مرحوم نے قریبی ہمسائے کو ایک کنال عارضی طور پر راستہ دینے کیلئے دیا' اب اس نے بھی قبضہ کرلیا' حالانکہ ساتھ ہی ان کی اپنی ٹھیک ٹھاک زمین ہے' مگر ہمارا ایک کنال دینے کو تیار نہیں' یہ لوگ ہمیں قتل کی دھمکیاں دیتے ہیں' چچا ہیں نہیں' ماموں خالو دیگر رشتہ دار ڈرتے ہوئے ساتھ نہیں دیتے۔ براہ کرم! مجھے کوئی وظیفہ بتایئے' زمینوں کا مسئلہ حل ہوجائے۔ یہ لوگ اعلانیہ کہتے ہیں کہ جاؤ نہیں دیتے زمین جو کرنا ہے کرلو میں وکیل ہوتے ہوئے کچھ نہیں کرپارہا' دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے پاس کلائنٹ نہیں آتے۔ وظیفہ بتادیجئے۔ (م۔ اُ' ڈیرہ غازیخان)

جواب: آپ درج ذیل قرآنی آیت مسلسل مستقل مزاجی سے قابضین کا سخت تصور کرتے ہوئے پڑھیں' بے شمار تجربات ہیں کہ اس آیت کے پڑھنے سے ظالم ظلم سے باز آجاتا ہے۔ یقین توجہ اور دھیان سے پڑھیے چند دن پڑھ کر چھوڑ نہ دیں۔ جتنا زیادہ پڑھیں اتنا جلد اثر نظر آئے گا۔ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (الانعام ۴۵)۔ رزق میں برکت کیلئے صبح و شام سورۂ کوثر 129 مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ضرور پڑھیں۔ ان شاء اللہ گھر میں خیر و برکت' عزت اور سکون پیدا ہوجائے گا۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟

آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 180 روپے

دانے' کیل مہاسے' چھائیاں' داغ' گڑھے' پیپ دار الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔

چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

مویشی شفا پیکیج! ہجویری محل چلیے!

## جسمانی بیماریوں کا شافی علاج ——— طبی مشورے

### خدارا مجھے اس عذاب سے نکالیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو نیکیاں کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! میں اپنے دکھ کی داستان آپ کو لکھ رہی ہوں' مجھے بائیس سال ہوگئے ہیں انسولین کے انجکشن لگاتے' اب میری عمر 32 سال ہے' نویں کلاس میں تھی تو یہ انجکشن والا سلسلہ شروع ہوا تھا اب ہر کوئی طعنہ دیتا ہے یہ انسولین لگاتی ہے' اسی بیماری کی وجہ سے مجھے کوئی اپنانے کو تیار نہیں' سب کی شادیاں ہوگئیں مگر میرا رشتہ کوئی نہ لے کر آیا۔ الحمدللہ! پڑھی لکھی ہوں' اللہ نے حسن دیا ہے' مگر ہر جگہ مشہور ہے یہ انسولین لگاتی ہے۔ خدارا مجھے اس عذاب سے نکالیے' میرا علاج تجویز کیجئے۔ مجھے دعاؤں کی اشد ضرورت ہے۔ (پوشیدہ' سکھر)

مشورہ: محترمہ! آپ مستقل مزاجی سے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ "عرق شوگر شفاء" استعمال کریں۔ اس کے علاوہ صبح کی سیر کو زندگی کا حصہ بنالیجئے' چاہے گھر میں یا کسی لیڈیز پارک میں کسی کے ساتھ ضرور جائیں' شوگر کا مستقل علاج واک ہی ہے۔ مزید عبقری رسالہ میں ایک چٹنی چھپی تھی' شوگر کا کامیاب ترین علاج ہے۔ آپ بھی ذائقہ دار چٹنی بنائیے اور انسولین سے محفوظ رہیے۔ کچھ عرصہ استعمال ضرور کیجئے اگر مستقل کریں گی تو ہمیشہ شوگر کنٹرول رہے گی۔ ھوالشافی: لہسن چھلا ہوا آدھ چھٹانک' ادرک تازہ ایک چھٹانک' پودینہ سبز ایک چھٹانک' انار دانہ کھٹا ایک چھٹانک۔ ان چاروں کو پیس کر چٹنی بنالیں اور صبح' دوپہر' شام ایک چمچ کھالیں' پرانی سے پرانی شوگر یہاں تک کہ شوگر کی وجہ سے مریض کے جسم کے کسی حصہ کو کاٹنا بھی تجویز کیا گیا ہو تب بھی یہ چٹنی آزمودہ ہے اور جسم کا ورم' زخم اور معدے کی بیماری بھی بہت زیادہ مفید ہے۔ جن افراد کو شوگر نہیں بھی ہے وہ بھی یہی بنالیں' کبھی شوگر اور معدے کا امراض نہ ہوں گے۔

### چھاتی میں ورم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ میری کزن کے ساتھ مسئلہ ہے برائے مہربانی اس کا آسان سا کوئی وظیفہ یا ٹوٹکہ بتادیں۔ اس کے دائیں بریسٹ میں ورم (سوجن) آگیا ہے۔ ٹیسٹ بھی کروائے ہیں لیکن اللہ کے کرم سے کوئی گلٹی یا رسولی نہیں تھی لیکن سوجن بہت زیادہ ہے وہ بہت پریشان رہتی ہے برائے کرم کوئی حل بتادیں۔ (پوشیدہ)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ "گلٹی رسولی کورس" کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کیجئے' ان شاء اللہ چند کورس استعمال کرنے سے ہی آپ بہت مثبت تبدیلی محسوس کریں گی اور مرض کا جڑ سے خاتمہ ہوجائے گا۔ اس کے ساتھ وضو کے بعد وضو کے تین گھونٹ پانی پییں اور چوتھا گھونٹ ہاتھ میں لیکر سوجن کی جگہ پر لگائیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد آپ صحت یاب ہوجائیں گی۔

### مثانے کی پتھری نکالنے کا انوکھا ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا جس کی عمر تیس سال ہے اس کے مثانے میں پتھری تھی۔ مقامی حکیم سے دوائی لی جس سے پتھری باریک ہوکر نکل گئی مگر ایک پتھری مثانہ عضو کی نالی کے اندر ہے ڈاکٹر صاحبان کہتے ہیں اس کا آپریشن ہوگا مگر بیٹا کہتا ہے کہ میں نے آپریشن نہیں کروانا۔ عضو کی نالی کے اندر کبھی اوپر چلی جاتی ہے کبھی نیچے آجاتی ہے کہ درد ہوتا ہے۔ آپ سے درخواست ہے کوئی اچھا سا ٹوٹکہ یا دوائی بتادیں۔ (محمد شہباز انور، جہانیاں)

مشورہ: میں نے کئی لوگوں کو اس کا نسخہ بتایا جس سے پتھری ریزہ ریزہ ہوکر بغیر کسی تکلیف کے خارج ہوجاتی ہے۔ نسخہ درج ذیل ہے گل سرکنڈہ (جسے لوگ کانے کہتے ہیں جن سے پہلے لوگ مکان کی چھت ڈالتے تھے) ایک کلو لیکر کسی چیز سے کچل لیں اب اسے کسی برتن میں تین یا چار کلو پانی ڈال کر اس میں سرکنڈہ (جو کچلا گیا ہو) ڈال کر آگ پر رکھ دیں جب پانی جل کر ایک بوتل رہے تو اسے ٹھنڈا کر کے پانی چھان کر بوتل میں بھرلیں اور دوسرا پھوک وغیرہ ضائع کردیں اب یہ پانی ایک چھٹانک صبح ایک چھٹانک کی مقدار شام کو پی لیں بس تیسرے یا چوتھے دن پتھر نما پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکلنی شروع ہوجائے گی بعض لوگوں کی ایک بوتل، بعض دو بوتل اور بعض کو تین بوتل پانی پینے سے پتھری خارج ہوکر بغیر آپریشن کے نکل جاتی ہے۔

### رات کو نظر نہیں آتا! کوئی دوا بتائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے رات کو اندھیرے میں نظر نہیں آتا اسی وجہ سے میں رات کو گھر سے نکل نہیں پاتی اگر نکل بھی جاتی ہوں یا تو ٹھوکر لگ جاتی ہے یا کسی سے ٹکرا جاتی ہوں یا نالی میں یا ویسے ہی زمین پر گر جاتی ہوں۔ یہ بات مجھے بہت تکلیف دیتی ہے اور بہت دکھ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ میرے کانوں کا مسئلہ ہے اُونچا سنتی ہوں۔ (ا۔ح۔ حافظ آباد)

مشورہ: آپ آنکھوں میں عبقری دواخانہ کی "آنکھ شفاء" ڈالیے اور ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یَانُوۡرُ پڑھ کر انگوٹھے کے ناخنوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیریئے' ان شاء اللہ بہت جلد آپ کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

### بچے کی تکلیف کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بچے کی عمر 13 ماہ ہے دو تین ماہ سے شدید تکلیف میں ہے موشن کرتے وقت شدید تکلیف ہوتی ہے بہت زیادہ روتا ہے چاہے ایک مرتبہ کرے۔ ڈاکٹری علاج کروایا لیکن کوئی فرق نہیں پڑا ایکسرے اور الٹراساؤنڈ بھی کروایا رپورٹ ٹھیک ہے۔ خون کی بھی بہت زیادہ کمی ہوگئی ہے۔ کوئی دوائی یا وظیفہ بتائیں۔ (غ،م۔ کوٹ ادو)

مشورہ: آپ بچے کو نرم غذا زیادہ کھلائیں' مزید عبقری دواخانہ کا چلڈرن سیرپ اور فٹنس فولاد ٹانک لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے ضرور استعمال کروائیے۔ عبقری دواخانہ کا طلینہ لکھی گئی ترکیب سے بچے کو ضرور استعمال کروائیے' ان شاء اللہ چند ہفتوں میں ہی صحت بہترین ہوجائے گی۔

### مجھے پڑھے بغیر آپ کے طبی مسائل حل نہ ہوں گے؟

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام' موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء
ستر شفائیں
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
زندگی عذاب سے گلزار! ہجویری محل چلیے!



www.ubqari.org

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں‘ کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

# فٹ پاتھ سے آسمان کی بلندیوں کا سفر!

س۔ف، لاہور

قارئین! حضرت جی کے درس‘ موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں‘ انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں‘ آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں‘ روز سنیں‘ آپ کے گھر‘ گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

وہ شخص مجھے ایئرپورٹ کے لاؤنج میں ملا‘ انتہائی مطمئن‘ ایک ٹانگ دوسری ٹانگ پر رکھ کر میگزین پڑھ رہا تھا‘ پہلے تو میں نے توجہ نہ دی مگر جب میری نظر میگزین پر پڑی تو مجھے اپنا سا لگا‘ فلائٹ میں ابھی وقت تھا‘ میں ان کے قریب گیا‘ سلام کیا‘ جس کا انہوں نے انتہائی خوشگوار انداز میں جواب دیا‘ میں جاتے ہی عبقری رسالہ کے متعلق پوچھا‘ انہوں نے کہا: مجھے یہ میگزین بہت پسند ہے‘ اس میں انسان کے ہر مسئلہ کا حل موجود ہوتا ہے‘ آج سوشل میڈیا کے دور میں بھی یہ میرے ہر سفر‘ گھر‘ آفس میں ساتھ ہوتا ہے۔ اس میگزین سے مجھے حوصلہ‘ سکون اور اعتماد ملتا ہے‘ وہ ایک سانس میں عبقری کے فوائد بتائے جارہے تھے اور میں ان کے چہرے کو دیکھ دیکھ کر مسکرا رہا تھا‘ میں نے بتایا کہ میرا تسبیح خانہ سے روحانی تعلق ہے‘ میں گزشتہ کئی سال سے تسبیح خانہ میں جاکر درس سنتا ہوں‘ عبقری رسالہ پڑھتا ہوں‘ شیخ الوظائف کے درس ہر وقت میرے موبائل میں موجود ہوتے ہیں‘ جسے میں جب بھی تنہا ہوں بیٹھ کر سننا شروع کردیتا ہوں۔ میری یہ بات سننا تھا کہ انہوں نے عبقری رسالہ سائیڈ پر رکھا اور بالکل اپنائیت کے ساتھ میرے ساتھ گرمجوشی سے ہاتھ ملایا اور کہا میں بھی شیخ الوظائف سے بیعت ہوں‘ مجھے اس در سے بہت کچھ ملا ہے‘ بلکہ میں یہ کہوں کہ آج اگر میں اس جگہ پرسکون بیٹھا ہوں تو یہ تسبیح خانہ کا ہی کمال ہے۔ ان کی آنکھوں میں تھوڑی سی نمی آئی مگر چمک کمال کی تھی۔ میں نے ان سے پوچھا آپ کو تسبیح خانہ سے کیا ملا؟

میرا سوال پوچھنے کی دیر تھی کہ وہ شخص یوں گویا ہوا: میں اچھی تعلیم حاصل کرنے کے باوجود دنیا کا ناکام ترین انسان تھا‘ ہر جگہ سے ٹھکرایا ہوا‘ زندگی سے عاجز‘ میری حالت یہ ہوگئی تھی کہ سارا دن سڑک کے درمیان گرین بیلٹ پر بیٹھ کر گاڑیوں کو آتا جاتا دیکھتا اور شام کو اٹھ کر گھر چلا جاتا‘ کوئی مجھ سے بات کرکے خوش نہ ہوتا‘ میری دماغی حالت انتہائی ابتر ہوچکی تھی‘ ایک مرتبہ فٹ پاتھ پر ہی کسی عبقری رسالہ دیا‘ اسے پڑھنا شروع کردیا‘ اسی رسالہ سے تسبیح خانہ کے متعلق پڑھا‘ نجانے ایک دن کیا ہوا‘ میں اٹھا اور سیدھا لاہور تسبیح خانہ میں پہنچ گیا۔ بس پھر وہاں ڈیرے لگالیے‘ وہاں اللہ والوں نے مجھے کچھ ذکر اذکار دیئے‘ تھوڑی سی خدمت کرتا‘ ہر جمعرات کو شیخ الوظائف کا درس سنتا‘ میری دماغی حالت سدھرنا شروع ہوئی‘ زندگی میں مثبت تبدیلیاں آنا شروع ہوگئیں۔ چند ہفتوں کے بعد گھر گیا تو میں بالکل بدل چکا تھا‘ میں اٹھنا بیٹھنا‘ بات کرنا‘ میں پراعتماد تھا‘ میں نے دوبارہ سے زندگی جینے کا فیصلہ کرلیا‘ ایک کمپنی میں سی وی جمع کروائی‘ یقین کیجئے تیسرے دن مجھے وہاں سے انٹرویو کال آگئی‘ میری اتنی تعلیم نہیں تھی مگر مجھے انہوں نے اچھی پوسٹ دی‘ میری تنخواہ اتنی تھی کہ مجھے ایک ماہ یقین ہی نہ آیا‘ میرا درجہ اتنا بڑا نہیں مگر اس ادارے میں لوگ میری اتنی عزت احترام کرتے ہیں کہ تنہائی میں بیٹھ کر رب کے حضور گڑگڑاتا ہوں روتا ہوں اور اس کا شکر ادا کرتا ہوں۔ شیخ الوظائف کے لیے ڈھیروں دعائیں کرتا ہوں۔ جو لوگ مجھے دیکھنا پسند نہیں کرتے تھے وہی لوگ اپنی بیٹیوں کے رشتے لیکر ہمارے گھر پہنچے‘ میری شادی وہاں ہوئی جہاں میں بچپن سے خواب سجاتا تھا اور اے کاش کہتا تھا کہ میرا اس خاندان میں رشتہ ہوجائے‘ ایسا سبب بنا کہ انہوں نے خود اپنی بیٹی کیلئے میرا انتخاب کیا۔ آج میں پرسکون زندگی گزار رہا ہوں اور اس کا سبب یہی عبقری ہے۔ مجھے تو یہ سب خواب محسوس ہوتا ہے۔ میں انہیں دیکھ رہا تھا اور اندر اندر سوچ رہا تھا کہ واقعی تسبیح خانہ لوگوں کی زندگیاں بدل رہا ہے۔ انہوں نے پہلو بدلا پانی کی بوتل سے ایک گھونٹ لیا اور دوبارہ مسکراتے ہوئے بولے اب تو میرے شہر کے لوگ مجھ سے دم بھی کروانے آجاتے ہیں‘ عبقری کی وجہ سے لوگ مجھے پیر سمجھنا شروع ہوگئے ہیں‘ اس بات پر انہوں نے قہقہہ لگایا جس کا میں نے بھی بھرپور ان کا ساتھ دیا۔ اچانک سنجیدہ ہوئے اور کہنے لگے: ابھی حال میں تسبیح خانہ میں 625 مرتبہ والا تعویذ لکھوایا گیا‘ میں نے بہت سارے تعویذ لکھ لیے ہیں‘ جس کو بھی یہ تعویذ دیتا ہوں اس کا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ ابھی جب میں اپنے گھر گیا تھا تو میں پندرہ سے بیس تعویذ لکھ کر رکھ آیا‘ اب جب بھی گاؤں میں لوگوں کا مسئلہ ہوتا ہے وہ ہمارے گھر کی طرف آتے ہیں میں موجود نہیں ہوتا اس لیے گھر والے انہیں عبقری کے اعمال اور یہ تعویذ دے دیتے ہیں۔ حیرت انگیز طور پر ان کا مسائل حل ہوجاتے ہیں۔ اسی دوران فلائٹ کا اعلان ہوا۔ انہوں نے عبقری رسالہ اپنے بیگ میں رکھا‘ میں بھی کھڑا ہوگیا‘ انہوں نے گرمجوشی سے مجھے سینے سے لگایا‘ تسبیح خانہ میں ملاقات کا وعدہ کیا‘ اور چل پڑے وہ تو چلے گئے مگر میں شیخ الوظائف کو دل ہی دل میں دعائیں دے رہا تھا۔ (ق، لاہور)

# قارئین! سینے کا راز دے رہا ہوں‘ قدر کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ نسخہ سینہ کا راز ہے اور 100 فیصد مجرب نسخہ ہے برائے درد گردہ و مثانہ و اخراج پتھری مثانہ و گردہ۔ ھوالشافی: ڈیڑھ کپ پانی میں ایک چمچ دیسی خالص گھی ڈال کر آگ پر رکھیں اور خوب ابالیں جب آدھا کپ پانی رہ جائے تو اتار لیں حسب ذائقہ چینی ملا لیں۔ معمول اس طرح ہے کہ حب سنگدانہ (نظریہ مفرد اعضاء) ایک گولی اس نیم گرم تربوز کے ہمراہ دیں۔ شدید صورت میں صبح دوپہر شام اسی طریقے سے دیں۔ (حب سنگدانہ ضروری نہیں کوئی بھی دوائی دے دیں اصل چیز تربوز ہے)۔ بفضلِ تعالیٰ مثانہ کی نالی میں پھنسی ہوئی بڑی سے بڑی پتھری کو اکسیر ہے۔ درد تو پہلی خوراک سے ہی ختم ہوجاتا ہے مگر شدید صورت میں دوسری یا تیسری خوراک کافی ہے۔ دو سے تین مرتبہ کے استعمال سے پتھری خارج ہوجاتی ہے ان شاء اللہ کبھی ناکامی نہ ہوگی۔ گردے میں سے سات سات پتھری بفضلہٖ تعالیٰ بندہ کے ہاتھوں خارج ہوئی ہیں مگر اس صورت میں دو سے تین ہفتے یا ایک ماہ علاج جاری رکھیں۔ ضدی قسم کی یا بڑی پتھری کے لیے حب سنگدانہ اور ستر شفائیں کی گولی اسی تربوز کے ہمراہ دیں۔ (حکیم آصف اقبال گوندل، منڈی بہاؤالدین)

خون افزا ٹانک

خون بنانے والی گولیاں

☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے، جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ‘ اسٹریس‘ ڈپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔ قیمت:-/150 روپے

اصحاب کہف کے 8 طلسم! ہجویری محل چلیے!

☆ عبقری کتب‘ ادویات‘ گھر بیٹھے منگوائیں۔ کال کریں: 0332-7552382 ☆ ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی ☆ عبقری ادویات‘ رسالہ یا ایجنسی سے متعلق تجاویز شکایات: صرف میسج 0343-8710009

# چچا کی دعا اور آٹھ بیٹے ملے

ف، کوئٹہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ مستقل مزاجی سے پڑھتی ہوں' اس میں دعاؤں بددعاؤں کے واقعات پڑھ کر ایمان تازہ ہوجاتا ہے۔ یقیناً دعائیں اور بددعائیں نسلوں تک پیچھا کرتی ہیں۔ میرے پاس دعاؤں کے دو سچے واقعات ہیں جو میں قارئین کی نذر کرنا چاہتی ہوں تاکہ مخلوق خدا کو معلوم ہو کہ دعا جہاں سے بھی ملے فوراً لے لینی چاہیے نجانے کس کے منہ سے نکلی کوئی بات پوری ہوجائے اور نسلیں سنور جائیں۔ آئیے پڑھتے ہیں:۔

میرے دادا جان کو شوگر اور ہائی بلڈ پریشر تھا۔ بواسیر اور ہرنیا کا وہ علاج بھی کروا رہے تھے' ہر رات کو بہت سی گولیاں کھانی پڑتی تھی ان کو جسم میں ہروقت درد رہتا تھا' کبھی گردوں کا درد اور کبھی کمر درد کی شکایت ہوتی تھی لیکن دیکھنے میں بہت خوبصورت تھے' بڑا قد تھا' کالی پگڑی باندھ کر جب وہ اپنی براؤن رنگ کا بیت یا چھڑی جیسے کہتے ہیں۔ بازار جاتے تو کسی کو یقین نہ آتا تھا کہ یہ بندہ اتنا بیمار ہے۔ ہم چھوٹے تھے گھر میں کوئی نہ تھا جو رات کو ان کی مالش کرتا یا ٹانگیں دباتا دادی کام میں مصروف ہوتی تھیں۔ لہٰذا وہ مجھ سے یہ کام کرواتے تھے لیکن چونکہ میں چھوٹی تھی تو جس دن دادا جان کے جسم میں زیادہ درد ہوتا تھا یا کسی سفر سے واپسی ہوتی تھی تو اس دن اپنی بھتیجی کو بلوا لیتے تھے جو بغیر انکار کے آتی اور رات دیر تک دادا جان کے ٹانگیں دباتی جب تک دادا جان اس کو گھر نہ بھیجتے وہ بیٹھ کر ٹانگیں دباتی رہتی۔ اس کی ماں یعنی دادا کی بھابھی ہمارے گھر آکر کئی بار اس کو آواز دیتی کہ آجاؤ سو جاؤ لیکن وہ کہتی ماں ذرا صبر کر چچا کی ٹانگیں دبا آؤں' بیچارے درد سے کراہ رہے ہیں جب دادا جان اس کو جانے کی اجازت دیتے تو ساتھ میں یہ دعا بھی دیتے کہ اللہ تم کو خوش رکھے اور تمہیں سات بیٹوں سے نوازے۔ آج اس کے سات نہیں بلکہ آٹھ بیٹے ہیں اور وہ بہت خوش ہے اپنی زندگی میں۔ اپنے بڑے بیٹے کی جلدی شادی کروائی اس نے اسکے بہو کا بھی ایک بیٹا ہے۔ تو یہ ہے چچا جان کی دعا کی برکت ورنہ جس کے گھر میں دادا کی بھتیجی کی شادی ہوئی تھی اس خاندان میں اکثر لڑکیاں پیدا ہوتی تھیں' خود اسکی سات نندیں ہیں اور ایک دیور ہے یعنی اسکی ساس کے دو بیٹے اور سات بیٹیاں ہیں اور گھر میں مردوں کی کمی تھی جواب اسکی برکت سے پوری ہوئی۔

# مجبور بہن کی دعا! اللہ نے سات بیٹے دیئے

جب میں چھوٹی تھی تو ہم لوگ چار بہنیں تھیں بھائی کوئی نہیں تھا۔ گھر میں پیسے کی ریل پیل تھی لیکن ہر روز دستر خوان پر مختلف قسم کی ڈشز کھانے دادا جان کے بھائی اور بھتیجے آجاتے جب کھانا اور مختلف قسم کے پھل کھا کر رخصت ہونے لگتے تو دادا جان سے کہتے کیا فائدہ تیرا کوئی وارث نہیں' اپنے بیٹے کی دوسری شادی کرالو واضح رہے کہ میری ماں شہر سے بیاہ ہو کر آئی تھی جو بہت خوبصورت صحت مند باپردہ اور سلیقہ مند تھیں اور اتنی اچھی کک تھی کہ ایک مکمل دنبہ وہ ثابت دیگ میں آگ کا دم دے کر پکاتی تھی۔ دادا جان کو اپنی بہو یعنی میری امی سے بہت زیادہ پیار تھا' دادا جان کہتے کہ میری بہو لاکھوں میں ایک ہے' بس امی کا بڑا عیب یہ تھا کہ بیٹا نہ دے سکی تھی۔ جب میں ابو اور دادا جان کے رشتہ دار بچوں سے کھیلتی تو میرے نئے کپڑے دیکھ کر لڑتے۔ پھر کہتے تم تو لڑکیاں ہو بھائی نہیں ہے لوگ تم پر ترس کھاتے ہیں جتنے بھی قیمتی کپڑے پہنو تم تو بیچاری ہی رہو گی۔

تب میں بہت روئی کہ اللہ پاک مجھے بھائی دے دیں تاکہ ان کے طعنوں سے میری جان چھوٹ جائیں۔ جب دادا جان مجھ سے پوچھتے بیٹا کیا خواہش ہے اللہ سے تو میں کہتی بس اللہ پاک مجھے بھائی دے دیں اور کوئی خواہش نہیں۔

آج اللہ پاک نے مجھے چھ بھائی دیئے ہیں ایک بھائی سات ماہ کا تھا جب اس کو نظر لگی فوت ہوگیا ورنہ اب سات بھائی ہوتے۔ اب تین بھائیوں کی ماشاء اللہ ڈاڑھی نکلنے لگی ہے جس کا امی جان اور دادا جان کو بہت ارمان تھا لیکن افسوس کے دادا جان 2002ء میں اور امی 4 ستمبر 2015 کو مجھ سے بچھڑ گئی۔ لیکن اللہ کا شکر ہے کہ میرے بھائی ہیں اور میری دعا قبول ہوئی۔

# افسوس نہ کیجئے

مولانا وحید الدین خاں

امریکہ کے ایک نفسیاتی ڈاکٹر نے کہا ہے کہ آدمی سب سے زیادہ جس چیز میں اپنا وقت برباد کرتا ہے وہ افسوس ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ بیشتر لوگ ماضی کی تلخ یادوں میں گھرے رہتے ہیں۔ وہ یہ سوچ سوچ کر کڑھتے رہتے ہیں کہ اگر میں نے ایسا کیا ہوتا تو میرا جو کام بگڑ گیا وہ نہ بگڑتا۔ اگر میں نے یہ تدبیر کی ہوتی تو میں نقصان سے بچ جاتا۔ وغیرہ

اس قسم کے احساسات میں جینا اپنے وقت اور قوتوں کو ضائع کرنا ہے۔ گزرا ہوا موقع دوبارہ واپس نہیں آتا، پھر اس کا افسوس کیوں کیا جائے، مذکورہ ڈاکٹر کے الفاظ میں بہترین بات یہ ہے کہ ہر ایسے موقع پر آپ یہ کہیں کہ اگلی بار میں اس کام کو بہترین ڈھنگ سے کروں گا:

Next time I' ll do it differently

جب آپ ایسا کریں گے تو آپ گزرے ہوئے معاملات کو بھول جائیں گے۔ آپ کی توجہ جو اس سے پہلے ماضی کی بے فائدہ یاد میں لگی ہوئی تھی وہ مستقبل کے متعلق غور وفکر اور منصوبہ بندی میں لگ جائے گی۔

(ریڈرز ڈائجسٹ ستمبر ۱۹۸۱)

اس کا نقد فائدہ یہ حاصل ہوگا کہ آپ افسوس اور کڑھن میں اپنی قوتیں ضائع کرنے سے بچ جائیں گے۔ جو چیز اس سے پہلے آپ کے لیے صرف تلخ یاد بنی ہوئی تھی وہ آپ کے لیے ایک قیمتی تجربہ کی حیثیت اختیار کرلے گی، ایک ایسا تجربہ جس میں مستقبل کے لیے سبق ہے، جس میں آئندہ کے لئے نئی روشنی ہے۔

افسوس یا غم بیشتر حالات میں یا ماضی کے لیے ہوتے ہیں یا مستقبل کے لیے۔ آدمی یا تو کسی گزرے ہوئے نقصان کا افسوس کرتا رہتا ہے یا ایسے واقعہ کا غم جس کے متعلق اسے اندیشہ ہو کہ وہ آئندہ پیش آئے گا۔ مگر یہ دونوں ہی غیر ضروری ہیں۔ جو نقصان ہو چکا وہ ہو چکا۔ اب وہ دوبارہ واپس آنے والا نہیں۔ پھر اس کا غم کرنے سے کیا فائدہ اور جس واقعہ کا اندیشہ ہے وہ بہرحال ایک امکانی چیز ہے اور بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ آدمی جس خطرہ کا اندیشہ کرے وہ عین اس کے اندیشہ کے مطابق پیش آجائے۔

آنکھ شفاء موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے

آشوب چشم' موتیا بند' دھندلا پن' سوزش چشم' ضعف چشم' آنکھیں درد کرتی ہوں' صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں' آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں' آنکھوں میں دھندلا' غبار یا جالا ہو' آنکھوں میں خارش ہو' نظر دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہو' آنکھوں کی جلن' ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 90 روپے

اللہ تعالیٰ کو منالیں! ہجویری محل چلیے!

# شادی کے بعد بیٹی کو درپیش مسائل اور والدین کا کردار

## بچیوں کی تربیت میں ماں کا کردار

والدین کا گھر بچوں کیلئے پہلی درسگاہ ہے زندگی گزارنے کے ڈھنگ انہیں اسی گھر میں سیکھنے ہوتے ہیں۔ اچھی مائیں اچھی بیٹیاں پالتی ہیں جو ہر کسی کی آنکھ کا تارا بن جاتی ہیں۔ بچیوں کے کمرے میں ایسی جگہ جہاں ان کی نظر پڑتی رہے۔ یہ دعا لکھ کر ٹیپ سے چپکا دیں۔

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ مُنْکَرَاتِ الْاَخْلَاقِ، وَالْاَعْمَالِ، وَالْاَھْوَاءِ"

ترجمہ: اے اللہ میں پناہ مانگتی ہوں آپ کی برے اخلاق سے برے اعمال سے اور بری خواہشات سے۔

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ"

ترجمہ: اے اللہ میں پناہ چاہتی ہوں آپ کی، نفاق سے بدبختی سے اور برے اخلاق سے۔

جب دن میں کئی مرتبہ دعا پڑھیں گی تو ان شاء اللہ پروردگار دنیا و آخرت میں ضرور سرخرو کریں گے۔ بحیثیت ماں کے آپ خود بھی گناہوں سے بچنے کی کوشش کریں۔ اچھی ماں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اچھی انسان اور اچھی مسلمان ہو۔ آپ گھر کے کام خوشدلی سے عبادت سمجھ کر کریں اور بچیوں کو بھی ذہن نشین کرائیں کہ اللہ کے ہاں ہر محنت کا اجر ہے شرط یہ ہے کہ اسے اللہ کی رضا کے لیے کیا جائے۔ بوجھ سمجھ کر بے دلی سے، غصہ، نفرت، چڑچڑاہٹ کا اظہار کر کے اپنے اجر کو ضائع نہ کیا جائے جیسا کہ اس واقعے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے۔

"ایک صحابیہ رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ یہ مرد حضرات تو باجماعت نمازیں پڑھتے ہیں۔ جہاد کرتے ہیں۔ تبلیغ کے لیے نکلتے ہیں۔ ہم ان کے پیچھے ان کے گھروں کی دیکھ بھال، کام کاج کرتی اور بچے سنبھالتی پالتی ہیں ہمیں تو زیادہ عبادت کا موقع نہیں مل پاتا' اجر و ثواب میں مرد حضرات ہی سبقت لے جائیں گے اس پر آپ ﷺ نے جواب دیا اس سے عورتوں کو بے حد خوشی ہوئی۔ مفہوم "تم عورتیں گھروں کے جو کام کرو گی اس پر بھی ایسا ہی اجر ملے گا جیسے میدان جہاد میں مردوں کو ملتا ہے۔"

بچیوں کو شروع سے اس بات کا احساس دلائیں کہ ماں کے ساتھ کاموں میں ہاتھ بٹائیں اپنے والد، بہن، بھائیوں کے چھوٹے چھوٹے کام آگے بڑھ کر کریں۔ والدہ کو آرام پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کریں۔ چھوٹی بہنوں کے ساتھ محبت و شفقت کا برتاؤ کریں تاکہ وہ ہمیشہ آپ کو اچھے الفاظ سے یاد کریں آپ کی کمی دوری کو زندگی کے ہر مقام پر یاد کریں۔ یاد رکھیں! کچن میں کھانا پکانا ہی اہم نہیں ہوتا ساتھ ساتھ ہر چیز کو سلیقہ و ترتیب سے رکھتی جائیں۔ چولہا روز صاف کریں۔ برتن دھو کر سنک اچھی طرح چمکائیں۔ کچن کا فرش اچھی طرح دھو کر سنک کے نیچے جو پائپ والی جگہ ہے اسے خوب اچھی طرح صاف کریں۔ عموماً گھروں میں نوکرانیوں کا رواج عام ہوگیا ہے۔ بچیاں کام کی عادی نہیں ہوتیں سسرال میں اگر حالات مختلف ہوں تو زندگی دشوار ہوجاتی ہے۔

# بیٹیوں کو سسرال میں رہنے کے آداب سکھائیں

بچیوں کو سسرال میں رہنے کے آداب ضرور سکھائیں۔ سسرال جانا ان کی نئی زندگی کا آغاز ہے۔ یہاں قدم قدم پر ان کا اور آپ کی تربیت کا امتحان ہے۔ اللہ سے دعا ہے کہ سب کی بیٹیاں اپنے رویوں سے لہجوں کی مٹھاس سے اپنے طور طریقوں، حسن سلوک سے سسرال والوں کے دل جیت لیں۔ خود کو اچھی بہو ثابت کریں۔ یاد رکھیں! اچھا بننے کے لیے محنت کرنا پڑتی ہے۔ برا بننے کے لیے ڈھٹائی، ہٹ دھرمی، سستی کافی ہوتی ہے۔ سسرال بے شک نئی جگہ ہے شروع میں دل لگنا مشکل ہوتا ہے۔ اب اسی کو اپنا گھر سمجھنا، دل لگانا ہے، خوشدلی سے رہنا ہے۔ بے دلی، بے زاری، بے مروتی، بدمزاجی سے معاملات بد سے بدتر ہو جاتے ہیں۔ ہروقت میکے جانے کی رٹ نہ لگائیں۔ گھر محنت سے بنتے ہیں ذرا سی غفلت و کوتاہی سے اجڑ جاتے ہیں۔ آرام طلبی، سستی و کاہلی کو خیر باد کہہ دیں۔ آگے بڑھ کر کام کریں اس انتظار میں نہ رہیں کہ دوسرے کام کرلیں ہم جان چھڑالیں۔ گھر کے کام عبادت سمجھ کر اللہ سے اجر و ثواب کی امید رکھتے ہوئے کریں تو دل کو سکون ملتا ہے۔

خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا اپنے مبارک مطہر ہاتھوں سے چکی پیستی تھیں۔ ان مبارک ہاتھوں میں گٹے پڑ گئے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمادیا تھا گھر کے کام فاطمہؓ انجام دیں اور باہر کے امور حضرت علی رضی اللہ عنہ سرانجام دیں۔

خدمت خلق کا بہت بڑا درجہ ہے اپنی ذات سے دوسروں کو راحت و آرام پہنچانے کی کوشش کریں ان شاء اللہ بندوں کی دعائیں ہر مشکل گھڑی میں کام آتی ہیں۔ آپ کی بیٹیاں والدین کے رشتہ داروں سے حسن سلوک کریں گی بعد میں سسرالی رشتوں کو نبھانا آسان ہوگا۔ سمجھداری سے تمام رشتوں کو درجہ بدرجہ، خوش اسلوبی و حکمت کے ساتھ نبھانا عورت کی بہت بڑی کامیابی ہے۔ بعض مائیں سمجھتی ہیں بچیاں جب تک والدین کے گھر ہیں آرام کرلیں سسرال میں تو کرنا ہی ہے۔ یہ غلط سوچ ہے۔ عادت نہ ہو تو بڑی مشکلات پیش آتی ہیں۔ سیکھنے کی جگہ والدین کا گھر ہے۔ ہر کام میں بچی کو ماہر کیجئے۔ محنت کی عادت ڈالیے۔ ان شاء اللہ آئندہ زندگی میں ماں کی تربیت کو سراہا جائے گا۔ تب آپ کا دل خوشی، تشکر کے جذبات سے بھر جائے گا اللہ سب کو شاداں و فرحاں رکھے آمین۔ (اہلیہ محمد ابراہیم صدیقی، کراچی)

## حاسدین کو ایصال ثواب کیجئے خوش رہیے!

(۱) میرے پاؤں پر چنبل تھی میں نے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پی کر چوتھا گھونٹ چنبل پر لگاتا رہا جس کی برکت سے میرے پاؤں پر چنبل ختم ہوگئی اب صرف اس کا نشان باقی ہے۔ (۲) میں مسواک کے ساتھ وضو کرتا ہوں اور جیب میں مسواک رکھتا ہوں۔ میرا دو مرتبہ شدید ایکسیڈنٹ ہوا ہے اللہ پاک کی رحمت سے موٹر سائیکل اور مجھے کسی بڑے نقصان کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ (۳) عبادت کے بعد اجر و ثواب اپنے مخالفوں حسد کرنے والے بغض کرنے والے پریشان کرنے والوں کو بھی ہدیہ کرتا ہوں یہ فیض تسبیح خانہ سے ملا عبقری سے ملا۔ عبادت میں خوب دل لگتا ہے۔ (عبدالرشید ولد ناظر حسین، لاہور)

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
لولے لنگڑے، اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا، اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار، مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفایابی بڑھاپے کا سہارا ہے
قیمت صرف 550 روپے علاوہ ڈاک خرچ
مقدر اور نصیب سنواریں! ہجویری محل چلیے!



www.ubqari.org

# میک اپ جسمانی اور پوشیدہ امراض کا ذریعہ

خواتین اگر تین روز تک میک اپ نہ کریں تو ہارمون متاثر کرنے اور کینسر پیدا کرنے والے مضر کیمیکل سے دور رہ سکتی ہیں۔ایک مطالعے سے انکشاف ہوا ہے خواتین اور خصوصاً نوعمر لڑکیوں کا شادی سے قبل زیادہ میک اپ کرنا جسم میں مضر کیمیکل کی وجہ بن رہا ہے اور ان کے جسم میں ضروری ہارمون کی پیداوار بھی شدید متاثر ہوتی ہے جس سے عمر کے اگلے حصے میں کئی بیماریاں پیدا ہو سکتی ہیں۔

یونیورسٹی آف کیلیفورنیا برکلے کی خاتون سائنسدان کے مطابق خواتین ہی میک اپ اور دیگر اشیاء کا سب سے زیادہ استعمال کرتی ہیں اور نوعمر لڑکیاں انہیں زیادہ استعمال کرتی ہیں اور نقصان اٹھا سکتی ہیں کیونکہ وہ بلوغت سے گزر رہی ہوتی ہیں اور ان کا تولیدی نظام بن رہا ہوتا ہے جو آگے چل کر کئی مسائل کی وجہ بن سکتا ہے۔مطالعے کے مطابق اگر صرف تین دن کے لیے ہی میک اپ سے دور رہا جائے تو اس سے مضر کیمیکل کی تعداد کم کی جا سکتی ہے کیونکہ خوشبوؤں، بالوں کی افزائش، صابن، اسپرے اور سن اسکرین مضر صحت کیمیکل سے بھرے ہوئے ہیں۔

مطالعے کے مطابق جانوروں پر ان کیمیکلز کی آزمائش کا انکشاف ہوا ہے یہ اینڈوکرائن نظام کو متاثر کرتے ہیں جو ان کے پیشاب میں بھی ظاہر ہوا ہے اب اگر خواتین صرف دو روز تک میک اپ نہیں کرتیں تو ان کے جسم میں پرفیوم کا ایک عام کیمیکل ڈائی ایتھائل فتھلیٹ 27 فیصد، صابنوں کے ایک کیمیکل ٹرائکلوسین اور سن اسکرین کا ایک کیمیکل بینزوفینون تین کی مقدار 36 فیصد تک کم ہوتی ہے۔

سائنسدانوں نے مشورہ دیا ہے کہ خواتین ایسے میک اپ کا انتخاب کریں جس میں کم سے کم کیمیکل ہوں کیونکہ امریکہ ہو یا یورپ ان ممالک میں میک اپ مصنوعات کی درجہ بندی اور نگرانی کا نظام بھی بہت مؤثر نہیں۔سائنسدانوں کا دوسرا مشورہ یہ ہے کہ خواتین میک اپ کا استعمال وقفے وقفے سے ترک کرتی رہیں تاکہ کیمیکل جسم میں جمع نہ ہونے پائیں جب کہ سب سے بڑھ کر نوعمر لڑکیاں اس سے اجتناب کریں۔(منزہ سہیل، لاہور)

# اونچی ایڑھی والے جوتے کے صحت پر بھیانک اثرات

چار انچ اونچی ہیلز کا ایک خوبصورت سا سینڈل پہن کر خواتین پر اعتماد محسوس کرتی ہیں۔اونچی ایڑھی والی جوتی کا فیشن کبھی پرانا نہیں ہوتا۔مختلف رنگوں، ڈائزئن اور شیپ میں ہائی ہیل کے جوتے دکانوں کی زینت بنتے ہیں۔البتہ اس کے پہننے سے جسمانی صحت کو جو نقصان پہنچتا ہے اس کا اندازہ کچھ عرصے تک مستقل اونچی ایڑھی والا جوتا پہننے سے خود ہی لگ جاتا ہے۔زیادہ دیر تک اونچی ایڑھی والا جوتا پہننے والی خواتین کے ٹخنوں، پیروں، گھٹنوں اور کمر میں درد رہنے لگتا ہے۔لیکن صرف یہ ہی نہیں اندرونی طور پر بھی اونچی ہیلز والے جوتوں کے صحت پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔اس کے باوجود فیشن کی دلدادہ خواتین اونچی ایڑھی والا جوتا پہننے کے اس شوق کو ترک کرنے کو تیار نہیں۔ہائی ہیلز پہننے کی شوقین خواتین کو ان کے پہننے سے ہونے والے نقصانات اور احتیاط کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔

**جسمانی صحت پر اثرات:** ایک امریکی تحقیق کے مطابق دنیا بھر میں 72 فیصد خواتین ایسی ہیں جو کبھی کبھی ہائی ہیلز پہنتی ہیں جبکہ 28 فیصد ایسی خواتین ہیں جنہوں نے کبھی ہائی ہیلز نہیں پہنیں۔خواتین کو ہائی ہیلز پہن کر توازن برقرار رکھنے کے لیے کولہوں اور ریڑھ کی ہڈی کو پیچھے کی طرف دھکیلنا ہوتا ہے۔بیلنس بنائے رکھنے کے لیے کمر، کولہے کی ہڈی اور پنڈلیوں پر بوجھ بڑھ جاتا ہے۔اس اضافی بوجھ کی وجہ سے پٹھوں میں درد اور بھاری پن محسوس ہوتا ہے۔جسم کے مختلف حصوں میں ہائی ہیلز سے ہونے والی مسائل کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔(۱) **پیر:** پیروں کی ساخت اس طرح کی ہے کہ اس میں پورے جسم کا بوجھ اُٹھانے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ہیلز پہن کر جسم کا سارا بوجھ پورے پیر میں پھیلنے کے بجائے محض ایڑھیوں پر آجاتا ہے۔ہیل جتنی لمبی ہوگی ایڑھیوں پر اتنا ہی زیادہ بوجھ پڑے گا۔ایک تحقیق کے مطابق ایک انچ ہیل سے ایڑھیوں پر 22 فیصد، 2 انچ ہیل پہن کر 57 فی صد جبکہ 3 انچ ہیل سے 76 فیصد بوجھ پڑتا ہے۔(۲) **ٹخنے اور پنڈلیاں:** ہیلز پہن کر ٹخنے آگے کی طرف مڑ جاتے ہیں جس سے ٹانگوں کے نچلے حصے میں خون کی روانی کم ہوجاتی ہے۔اس سے پنڈلیاں بھی اکڑ جاتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ پورا دن ہیل والے جوتے پہننے کے بعد جب جوتا اُتارو تو چلنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔(۳) **گھٹنے:** گھٹنے کی ہڈی میں جسم کا سب سے بڑا جوڑ ہوتا ہے۔مستقل ہائی ہیلز پہننے سے گھٹنے کے اندرونی حصے پر پریشر پڑتا ہے جس سے جوڑ میں ہونے والی توڑ پھوڑ تیز ہوجاتی ہے اور گنٹھیا کے مرض کے خطرات میں اضافہ ہوتا ہے۔(۴) **کمر:** نارمل انداز میں چلنے کے لیے ہائی ہیلز پہن کر ریڑھ کی ہڈی کو زیادہ اندر کرنا پڑتا ہے جس سے ریڑھ کی ہڈی اور پٹھوں پر بوجھ بڑھ جاتا ہے۔اس سے آپ کی کمر میں سوجن یا کھچاؤ محسوس ہو سکتا ہے۔جسم کے دیگر اعضا کی طرح کمر کو بھی آرام کی ضرورت ہوتی ہے۔**ہیل پہننے میں احتیاط:** ☆ کوشش کریں کہ جسم اور پٹھوں کو آرام بھی دیں۔اگر ایک پورا دن ہیل پہننا ہو تو اگلے دن فلیٹ چپل پہنیں۔☆ جب موقع ملے ہیل اُتار کر ننگے پیر چہل قدمی کریں۔اس سے پنڈلیوں میں درد کم ہوگا۔☆ ہائی ہیلز پہننے سے پہلے اور بعد میں ٹانگوں کے پٹھوں کی اسٹریچنگ کریں۔☆ کوشش کریں کہ دو انچز سے زیادہ لمبی ہیلز نہ پہنیں۔ہمیشہ دن میں جوتے خریدیں اس وقت آپ کے پیر کا سائز سب سے بڑا ہوتا ہے۔☆ نوکیلی یا پنسل ہیلز کم سے کم خریدیں کیونکہ یہ سب سے زیادہ نقصان دہ ہیں۔(صباء، کراچی)

## معدہ کی تیزابیت کے لیے ضرور استعمال کیجیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت ہی شاندار رسالہ ہے‘ میرے پاس ایک لاجواب نسخہ ہے‘ معدہ کی تیزابیت میں مبتلا مریض ضرور استعمال کیجیے۔ھوالشافی: سبز مرچ 4 عدد، ½ گڈی سبز دھنیا، پودینہ ½ گڈی، انار دانہ 10 گرام یہ سب چیزیں کوٹ کر ½ کلو دہی میں ملائیں حسب ذائقہ نمک پھر استعمال کریں۔نکسیر بند کرنے کے لیے: ½ چمچ ثابت اسپغول ایک کپ دودھ میں دو کپ پانی ڈال کر پلائیں نکسیر فوراً بند ہوجائے گی۔(ش۔لاہور)

فٹنس مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
فٹنس فولاد ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری‘ ملازم پیشہ مردوں‘ عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 150 روپے
رزق اور عمر میں برکت! ہجویری محل چلیے!

# میرے لیے مصالحے دار کھانے کھانا عذاب سے کم نہ تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے مصالحے دار اشیاء کھائے ایک عرصہ ہو گیا تھا کیونکہ میرا ہاضمہ درست نہیں رہتا تھا۔ اگر مصالحہ دار سالن کھالوں تو بس اس رات سونا مشکل ہو جاتا تھا معدے میں جلن ہوتی تھی اس لیے میں مصالحے والی چیزوں سے اجتناب ہی کرتا ہوں۔ ایک روز دوستوں نے ایک ہوٹل میں دعوت دی میں گیا اور مینیو لسٹ سامنے آئی تو اس میں سے دنبہ کڑاہی، مچھلی کا آرڈر دیا گیا مجھ سے دوستوں نے کہا اور کیا منگوائیں تو میں نے کہا تم نے اپنے لیے ہی منگوانا ہے میں تو تیز مصالحہ جات کی چیزوں سے پرہیز کرتا ہوں مجھے ہاضمے کا مسئلہ ہے۔ مچھلی آئی کڑاہی آئی میرے سامنے دوستوں نے اصرار کیا میرا بھی دل کیا کھالوں پھر میں بھی کھانا شروع ہو گیا جی بھر کر کڑاہی اور مچھلی کھائی سوچا دیکھا جائے گا جو ہونا ہے کب تک اپنے دل کو قابو میں رکھوں۔ کھانا کھانے کے بعد بس پھر دل عجیب سے ہونا شروع ہو گیا میں نے سوچنا شروع کر دیا کہ آج رات کیسے گزرے گی۔ دوستوں نے کہا تم کوئی بات وغیرہ کرو میں نے کہا کیا بات کروں اب مصالحہ دار کھانا تو کھا لیا ہے اب بس اللہ خیر کرے۔ یہ باتیں پاس کھڑا ویٹر سن رہا تھا جو بل لینے آیا تھا ہم ہوٹل سے جانے لگے تم ویٹر آیا اور میرے ہاتھ میں تین پڑیاں پکڑا دیں اور کہنے لگا کہ سر آپ کے ہاضمے والی بات میں نے سن لی تھی آپ یہ تین پڑیاں تین تین گھنٹے بعد کھائیں پھر اس کا کمال دیکھیں۔ میں نے پڑیاں جیب میں ڈالی اور گھر آ گیا آتے ایک پڑیاں کھائی تین گھنٹے بعد اور دوسری پھر تین گھنٹے بعد تیسری کھائی میرا پیٹ پھول کی طرح ہو گیا بالکل ہلکا پھلکا مجھے اس دوائی نے بڑا متاثر کیا اگلے روز میں ہوٹل پر گیا اور اس ویٹر سے ملاقات کی اور اس سے اس دوائی کا پوچھا تو اس نے بتایا کہ یہاں اسلام آباد میں عبقری ایجنسی ہے وہاں سے یہ دوائی ملے گی اور اس کا نام "ہاضم خاص" ہے۔ میں گیا اور ایک ڈبی خریدی جو اتنی مہنگی نہیں تھی ہر غریب اور امیر کی پہنچ میں تھی۔ بس پھر وہ دن اور آج کا دن ہر کھانے کے بعد ہاضم خاص ایک چیچ کھا لیتا ہوں مجھے پھر کبھی ہاضمے کا مسئلہ نہیں ہوا اس کے علاوہ گھر میں بھی موجود افراد اکثر اس کا استعمال کرتے ہیں۔ (شہریار، رواٹ)

# روحانی عطر سے جسمانی و روحانی فائدہ ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بیس سال یورپ میں رہا بڑے مہنگے پرفیوم اور عطر لگائے لیکن جو تاثیر میں نے روحانی عطر سے پائی میں بیان کرنے سے قاصر ہوں۔ روحانی عطر کی خاص بات یہ ہے کہ اس پر اسم اعظم کا دم ہوا ہے۔ روحانی عطر کے میں نے بہت سے فوائد پائے ہیں اور یہ میری تجربہ شدہ بات ہے روحانی عطر لگانے والے کو کبھی غصہ نہیں آئے گا۔ میں یورپ سے آنے کے بعد یہاں پاکستان میں اپنا کاروبار کر رہا ہوں یہاں زیادہ تر مسئلہ لین دین کا ہوتا ہے۔ گاہک اُدھار پر چیز لے جاتا ہے لیکن پیسے بار بار مانگنے پر بھی نہیں دیتا۔ مجھے شروع شروع میں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ایک روز میرے دکان پر ایک صاحب آئے اور میری دکان کو مہک سے بھر دیا میں نے ان سے پوچھا کہ آپ نے کونسا عطر یا پرفیوم لگایا ہے انہوں نے بتایا کہ یہ روحانی عطر ہے کیونکہ میں روحانی عطر کے بارے میں پہلے نہیں جانتا تھا اس لیے میں نے ان سے کہا یہ کونسا عطر ہے؟ میں نے تو آج تک نہ ہی اس نام سنا ہے اور نہ ہی لگایا ہے۔ تو انہوں نے کہا یہ اسم اعظم کا دم کیا ہوا عطر ہے اور یہ عبقری دواخانے سے ملتا ہے میں نے ایڈریس نوٹ کر لیا کیونکہ روحانی عطر نے مجھے متاثر کر دیا تھا۔ میں عبقری دواخانہ گیا اور دو شیشی عطر لے آیا اور روزانہ لگانا شروع کر دیا اس کا مجھے جسمانی فائدہ یہ ہوا کہ مجھے غصہ آنا بند ہو گیا اور ہائی بلڈ پریشر کنٹرول ہو گیا۔ اس کے علاوہ روحانی فائدہ یہ ہوا کہ نماز قائم کرنے کو دل کرتا تھا۔ اس کے علاوہ ایک شخص سے میں نے پیسے لینے تھے میں روحانی عطر لگا کر اس کی دکان پر گیا تو اس نے بنا مانگے پیسے مجھے دیدیئے حالانکہ پچھلے ایک سال سے ٹال مٹول کر رہا تھا میں نے تو روحانی عطر سے بہت کچھ پایا اور یہ اب میری زندگی کا حصہ ہے میں نے تمام یورپی پرفیومز کو اپنی الماری سے باہر پھینک دیا ہے اب صرف اور صرف روحانی عطر استعمال کرتا ہوں۔ (جواد الحسن، سمن آباد)

# عرق کے استعمال سے بھائی کی شوگر نارمل ہو گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بڑے بھائی کو شوگر کا کافی مسئلہ تھا شوگر آئے دن ہائی رہتی تھی اور گولی پر گولی کھانے سے شوگر نیچے آتی تھی اس کے علاوہ وہ یادداشت کی کمزوری، نظر کی کمزوری، پٹھوں اور گھٹنوں کے دردوں میں بھی مبتلا ہو گئے تھے۔ ان کی شوگر 500 سے 600 تک چلی جاتی تھی جو بہت ہی نقصان دہ بات تھی۔ ایک روز میں عابد مارکیٹ کی طرف کام سے آیا تو عبقری کا بورڈ دیکھا کیونکہ عبقری سے میں واقف اس طرح ہوا کہ فیس بک پر میں نے عبقری کا پیج لائک کیا ہوا تھا وہ نسخے ٹوٹکے آتے رہتے تھے۔ تو میں گلی کے اندر گیا تو وہاں عبقری دواخانے کا بورڈ پڑھا اور اندر اسسٹنٹ صاحب سے میری ملاقات ہوئی تو میں نے ان کو بھائی کے بارے آگاہ کیا تو انہوں نے کہا کہ اپنے بھائی کو عرق شوگر شفاء کی دس بوتلیں استعمال کروائیں ان شاء اللہ شوگر کنٹرول میں ہو جائے گی۔ میں دس بوتل عرق شوگر شفاء لے گیا اور بھائی کو مستقل مزاجی سے استعمال کرنے کا کہا۔ بھائی نے بھی مستقل مزاجی سے استعمال کیا دس بوتل کے استعمال سے بھائی کی شوگر کنٹرول میں ہو گئی ہے اب وہ روٹین سے دفتر بھی جا رہے ہیں۔ پٹھوں اور گھٹنوں کے درد میں بھی بھائی کو کافی افاقہ ہوا ہے۔ پہلے شوگر کی بہت سی ادویات کھاتے تھے اب سب چھوڑ دی ہیں صرف اور عرق شوگر شفاء کا ہی استعمال کرتے ہیں۔ ہمارے خاندان کے اکثر لوگوں نے بھی اس کا استعمال شروع کر دیا ہے۔ (محمد فیصل، آرائے بازار)

عبقری کا شہد سو فیصد خالص ہے موسمی تبدیلی کی وجہ سے شہد کا جمنا فطری عمل ہے۔ مصنوعی اور ملاوٹ نہ سمجھی جائے۔ قارئین! اعتماد سے عبقری کی ادویات استعمال کر رہے ہیں ہم قارئین کے مشکور ہیں۔ (ادارہ عبقری)

جادو شکن پانی

خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو، جنات، نظر بد، سفلی عمل، بدروحوں کے بڑے اثرات، لاعلاج بیماریاں، گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانی، مسلسل ناکامیاں، دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں "جادو شکن پانی" کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔

قیمت صرف 80 روپے

چند گھونٹ پانی! آسیب، بیماری ختم

ہجویری محل چلیے!

# جس رشتہ دار نے ستایا زندگی اجیرن بنائی! اس کو صدقہ دینے کی فضیلت

محمد خالد، کراچی

☆صدقہ وخیرات ہے جو غریب لوگوں کیلئے سامان حیات ہے۔ مساکین کی دل سے نکلی دعائیں صدقہ کرنے والوں کو ہر دو عالم میں راحتیں اور مسرتیں دلواتی ہیں۔ ☆صدقہ کرنا مال کو بڑھاتا ہے۔ بری موت سے حفاظت ہے۔ آنے والے مصائب و آرام سے چھٹکارے کا سبب ہے۔ صدقہ عمر میں اضافہ کرتا ہے۔ ☆حضرت ابوہریرہؓ جناب رسول ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں ہر صبح کو جب لوگ بیدار ہوتے ہیں تو دو فرشتے نازل ہوتے ہیں ایک ان میں سے یہ دعا کرتا ہے اے اللہ (نیک طریقہ اور راستہ میں) خرچ کرنے والے کو اس کا عوض (دنیا و آخرت) میں عطا فرما دوسرا یہ دعا کرتا ہے اے اللہ! بخیل کے مال کو ضائع کردے۔ بلاشبہ صدقے کے فوائد مسلمان دنیا و آخرت میں پاتا ہے۔ جانِ دو عالم حضور نبی کریم ﷺ کا فرمان عالیشان ہے بلاشبہ مسلمان کا صدقہ کرنا عمر کو بڑھاتا ہے سوئے خاتمہ سے حفاظت کرتا ہے اور اس کی وجہ سے اس سے اللہ تعالیٰ تکبر اور فخر کو مٹاتا ہے۔ ☆حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ فرماتے ہیں اے مسلمان نماز تجھے آدھے راستے تک پہنچاتی ہے اور روزہ تجھے بادشاہ اللہ تعالیٰ کے دروازے تک پہنچاتا ہے اور صدقہ تجھے اللہ کے حضور میں پہنچا دیتا ہے۔ ☆صدقہ دائمی خوشیاں اور مسرتیں لاتا ہے۔ ستر قسم کی بلاؤں کو دور کرتا ہے اور چھپا کر صدقہ دینا دکھا کر صدقہ دینے سے ستر گنا زیادہ ثواب اور فضیلت رکھتا ہے۔ شاہکارِ دو عالم ﷺ کا فرمان ہے ایک صدقہ تین آدمیوں کو جنت دلاتا ہے۔ بلاشبہ اللہ عزوجل روٹی کے ایک لقمہ اور انگلیوں سے اٹھا کر دی ہوئی تھوڑی سی کھجوروں اور ایسی ہی کوئی چیز جس سے مسکین کو فائدہ پہنچے تین شخصوں کو جنت میں داخل کرے گا۔ (۱) گھر کے مالک کو جس نے صدقہ دیا ہے۔ (۲) بیوی کو جس نے وہ چیز تیار کی ہے۔ (۳) اس خادم کو جس نے مسکین کو وہ چیز لے جا کر دی ہے۔

صدقہ ضرور دینا چاہیے اس کیلئے ضروری نہیں کہ انسان کے پاس معمولی چیز ہے اور وہ یہ سوچتا ہے میں کس طرح صدقہ کروں۔ جو کچھ بھی ہے جتنا بھی ہے اس میں تھوڑا سا ضرور صدقہ کرے۔ اللہ تعالیٰ جان و مال اور رزق میں برکت دیتا ہے۔

☆حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ایک راہب نے اپنے عبادت خانے میں ساٹھ سال تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی پھر اس کے پاس ایک عورت آئی اور اس کے ایک طرف رہنے لگی تو یہ اس کے پاس گیا اور چھ راتوں تک اس سے گناہ میں مبتلا رہا۔ اس کے بعد وہ اپنے گناہ میں حیران و پریشان ہوا اور بھاگ کر مسجد میں آیا۔ تین دن تک اس میں رہا اور کچھ نہ کھایا جب اس کے پاس ایک روٹی لائی گئی تو اس کو توڑ کر آدھی اپنے دائیں طرف کے آدمی کو صدقہ کردی اور آدھی اپنے بائیں طرف والے دوسرے شخص کو صدقہ کردی۔ اسی وقت اللہ تعالیٰ نے اس کی طرف ملک الموت کو روانہ کیا۔ اس نے اسی وقت اس کی روح قبض کرلی۔ چنانچہ اس کی عبادت کے ساٹھ سالوں کو ایک پلڑے میں رکھا گیا اور ان چھ راتوں کو دوسرے پلڑے میں رکھا گیا تو چھ راتیں بڑھ گئیں۔ پھر ایک روٹی کو عبادت کے ساٹھ سال کے اعمال کے ساتھ پلڑے میں رکھا گیا تو وہ ان چھ راتوں کے گناہ سے بڑھ گئی۔" اس روایت کو دیکھ کر گناہوں پر ہمت نہیں باندھنی چاہیے کوئی شخص اس نیت سے گناہ کرے گا کہ بعد میں صدقہ کردوں گا اس کے صدقے کا کوئی ثواب نہیں ہوگا بلکہ ثواب کی چیز کو گناہ میں استعمال کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔

صدقہ وہ خیرات ہے جو ساری کی ساری محتاج، غریب اور مسکین کو دے دی جائے۔ **صدقہ دینے کی ابتداء:** جناب رسول ﷺ کا ارشاد ہے کہ اوپر والا ہاتھ (دینے والا ہاتھ) نچلے (لینے والے ہاتھ) سے بہتر ہے صدقہ اور عطیہ دینے میں اس شخص سے ابتداء کر جس کی ذمہ داری تیرے اوپر ہے جب اس سے زائد ہو تو دیگر ضرورت مندوں کو دے اور بہتر صدقہ وہ ہے جو چل کے غنا سے دیا جائے اور دشمن رشتہ داروں کو صدقہ دینا دوہرا اجر رکھتا ہے۔ صلہ رحمی اور خیرات اچھی عادت ہے۔ بیوی، بچوں، والدین اور اپنے آپ پر خرچ کرنا بھی صدقہ ہے۔ ☆حضرت ابوامامہؓ فرماتے ہیں جناب رسول ﷺ نے فرمایا "جو شخص (ناجائز اور متشبہ) سے بچنے کیلئے اپنے آپ پر خرچ کرے گا تو یہ بھی صدقہ ہے اور جو کچھ اپنی بیوی، اولاد اور گھر والوں پر خرچ کرے گا یہ بھی صدقہ ہے"۔ ☆حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں (صدقات میں سے) سب سے پہلے جو چیز انسان کے ترازوئے اعمال میں رکھی جائیگی وہ انسان کا وہ خرچہ (باقی صفحہ نمبر 59)

# عدلِ علی رضی اللہ عنہ اور بیت المال کا قیمتی ہار

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیت المال کے خازن علی بن رافع سے کہلوایا۔ "سنتی ہوں کہ بیت المال میں ایک نہایت قیمتی ہار موجود ہے۔ کیا آپ صرف اسے عید کے دن کے لیے مجھے عنایت کرسکتے ہیں؟ میں عید کے دوسرے دن ہی واپس کردوں گی۔" خازن نے یہ ہار بھیج دیا، اور اُم کلثوم رضی اللہ عنہا نے یہ ہار عید کے دن پہن لیا، حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اس ہار پر نظر پڑی تو آپ رضی اللہ عنہ نے تعجب سے فرمایا۔ ام کلثوم! تمہیں یہ ہار کہاں سے ملا؟ ام کلثوم رضی اللہ عنہا نے سارا حال سچ سچ بیان کردیا، آپ رضی اللہ عنہ نے اسی وقت یہ ہار اپنی بیٹی کے گلے سے اتار لیا، اور خازن کو بلا کر بہت ڈانٹا اور فرمایا: "خدا کی قسم! اگر کلثوم یہ ثابت نہ کرسکتی کہ اس نے یہ ہار عاریتاً لیا ہے تو میں اس کے ہاتھ کٹوا دیتا اور بنو ہاشم کی خواتین میں یہ پہلی چوری ہوتی۔"

## اپنی اور نسلوں کی سلامتی اور سکون کے لیے

اپنی اپنی نسلوں اور معاشرے کی سلامتی کے لیے اس آیت کریمہ کا کثرت سے ورد کریں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ (ابوداؤد)

ترجمہ: اے اللہ ہم تجھ ہی کو ان کے مقابلے میں کرتے ہیں اور ان کے شر سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔ تیسرے کلمے کا ورد کثرت سے کریں۔

پہلی مرتبہ عبقری رسالہ لایا رمضان المبارک کے دس شاندار پکوان! اپریل 2021ء کے شمارہ میں خواتین پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

کالے جادو کیلئے کڑوی شفاء

کالی کڑوی شفاءٔ

صرف اس مریض کیلئے جس کو جادو نے ڈس لیا ہو، معالجین نے لاعلاج قرار دیا ہو، جادو کی وجہ سے کینسر، کالا یرقان، چھاتی کا سرطان، ہڈیوں نے کام کرنا چھوڑ دیا ہو، مریض موت کا انتظار کررہا ہو۔ اسی طرح لاعلاج اور ناممکن بیماریاں جس کا علاج آپ کو سمجھ نہ آتا ہو بس چکھے سے چند گھونٹ یا چند بوتلیں "کالی کڑوی شفاء" پلائیں پھر قدرت ربی کا مشاہدہ کیجئے

400

بہو بیٹی بن جائے! ہجویری محل چلیے!

# گجر بھائی کا بتایا انوکھا ٹوٹکہ! بھینس کی انوکھی بیماری کا علاج

## ٹوٹکہ برائے وانس (برائے گائے بھینس)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ تمام گھرانہ بہت ہی شوق سے پڑھتا ہے' ہر ماہ عبقری رسالہ کا شدت سے انتظار رہتا ہے' گھر کا ایک ایک فرد عبقری کا ایک ایک لفظ نہ نجانے کتنی مرتبہ پڑھتا ہے' یعنی ایک مرتبہ رسالہ ختم ہوتا ہے تو دوسری مرتبہ شروع کردیتے ہیں' اس طرح نجانے کتنی مرتبہ ہم دہرا لیتے ہیں۔ ہمارے گھر میں سالہا سال ایک گجر بھائی دودھ دینے آتے ہیں' ان سے میری کافی دوستی بھی ہے' عبقری میں کسان دوست سلسلہ پڑھتا ہوں' ایک دن عبقری پڑھتے ہوئے سوچا کہ یہ گجر بھائی نسل در نسل بھینسوں کے درمیان رہ رہے' ان کا اٹھنا بیٹھنا انہی کے ساتھ ہے' اللہ نے ان کی روزی روٹی انہی بھینسوں کے ذریعے لگا رکھی ہے' اگلے دن وہ آئے تو میں نے ان سے بھینسوں کی کسی خاص بیماری اور اس کا علاج پوچھا' کیونکہ میں خود بھی ایک ڈاکٹر ہوں' میری بات سن کر پہلے تو دودھ برتن میں ڈالتے ہوئے انہوں نے مجھے غور سے دیکھا' پھر مسکرائے اور کہا کہ آپ نے ایسا کیوں پوچھا؟ میں نے اسے عبقری رسالہ کے متعلق بتایا اور اس کی تفصیل بتائی کہ رسالہ میں ایک سلسلہ کسان بھائیوں کیلئے بھی ہے' اس صفحے پر خاص وظائف اور نسخہ اور ٹوٹکے بتائے جاتے ہیں جس سے کسان بھائیوں کے مسائل حل ہو رہے ہیں۔ میری بات سن کر اس نے مجھ سے عبقری رسالہ منگوالیا اور اپنے کرتے کی سائیڈ والی جیب میں ڈال لیا اور کہا کہ گھر جاکر اپنی بیٹی کو پڑھنے کیلئے دوں گا اور اس سے ٹوٹکے اور نسخے پوچھوں گا۔ میں نے رب سے دعا کی یا اللہ اس کو عبقری دیا اس کے ٹوٹکوں نسخوں کے ساتھ وظائف پر بھی لگا دے' ساتھ یہ بھی نیت کی کہ ہر ماہ اس کو عبقری رسالہ ضرور دیا کروں گا۔ خیر واپس اپنی بات کی طرف آتا ہوں' اس نے مجھے بھینسوں کی ایک بیماری بتائی جس کو وہ اپنی زبان میں ''وانس'' کہہ رہا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ نسخہ بہت ہی مجرب ہے۔

بیماری وانس کیلئے نسخہ پیش خدمت ہے: ھوالشافی: ''کیلے'' کے درخت کے اوپر آخری سرے پر ایک پھول لگتا ہے وہ لیکر کسی کاغذ وغیرہ میں لپیٹ کر جانور کو کھلادیں یعنی گائے بھینس کو ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ یہ پھول پنساری حضرات سے مل سکتا ہے۔ زمیندار بھائی ''وانس'' کے متعلق سمجھتے ہیں یعنی گائے بھینس سُونے سے پہلے یعنی وضع حمل سے قبل اپنے اندرونی اعضاء باہر نکال دیتی ہے اور اس طرح بہت تکلیف سہتی ہے۔ زمیندار بھائی یہ ٹوٹکہ استعمال کریں ان شاء اللہ فضل ہوگا یعنی گائے بھینس کو تکلیف سے افاقہ ہوگا۔ ان شاء اللہ۔ مزید بتاتا چلوں کہ اس بیماری کی وجہ سے بے شمار بھینسیں دوران زچگی دم توڑ جاتی ہیں' بہت تکلیف دہ مرحلہ ہوتا ہے' بالکل سادہ سا اور آسان ٹوٹکہ ہے تمام کسان بھائی عام پنساری سے دستیاب یہ پھول اپنے پاس لازم رکھیں۔ ان شاء اللہ دعائیں دیں گے۔ (ڈاکٹر راغب حسین ترمذی، ماڈل ٹاؤن واہ کینٹ)

### کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

**جانور شفاء:** سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# ڈاڑھی! سنت نبوی اور جدید سائنس

سانول چغتائی

قارئین السلام علیکم! چند سنتیں ایسی ہیں جن کو آج کل معاشرے کے ایک طبقے میں اچھی نگاہ سے نہیں دیکھا جارہا ان میں سے ایک ڈاڑھی بھی ہے۔ چند لوگوں کی ڈاڑھی کے بارے میں بہت عجیب سوچ ہے لیکن اس مضمون کے پڑھنے کے بعد آپ کے اشکالات شوق میں بدل جائیں گے۔ ڈاڑھی رکھنا سنت ہے یا واجب؟ اس موضوع پر بحث تو عرصہ دراز سے جاری ہے البتہ اس پر بات کم ہی ہوتی ہے کہ ڈاڑھی رکھنا صحت کے لیے کیسا ہے؟ سائنس نے یہ بات ثابت کردی ہے کہ ڈاڑھی رکھنے سے صحت پر انتہائی مثبت اثر پڑتا ہے ڈاڑھی انسان کو کئی امراض سے دور رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلامی ممالک غیر مسلم بلکہ غیر مسلم یہاں تک مغربی ممالک کے مرد بھی ڈاڑھی کو رکھنا پسند کرتے ہیں۔ اس سے ان کی شخصیات میں وقار اور رعب پیدا ہوتا ہے۔ ڈاڑھی کے ہوش ربا فوائد: (۱) کینسر سے بچاؤ: سائنس دانوں کی کاوشوں اور تحقیقات سے معلوم ہوا کہ ڈاڑھی 95 فیصد الٹراوائلٹ شعاؤں کو روک سکتی ہے جو شعاعیں کینسر کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ (۲) الرجی سے محفوظ رہنا: ڈاڑھی سے جلد اور کھال محفوظ رہتی ہے۔ ڈاڑھی کے بال چھلنی کی طرح ہوا کو فلٹر کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ شیونگ جیل کے بہت منفی اثرات نظروں سے گزر رہے ہیں۔ جب ڈاڑھی ہوتی ہے تو شیونگ جیل کا استعمال ختم ہوجاتا ہے جس سے جلد جراثیم اور انفیکشن سے بچی رہتی ہے۔ (۳) ڈاڑھی کو رکھنے سے انسان سانس کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے جس میں استخ ماء سے بچا رہتا ہے اور ڈاڑھی استخ ما جیسی خطرناک بیماری کے لیے فیس ماسک بن جاتا ہے۔ (۴) سردی اور خشکی کا مقابلہ: سردیوں میں ڈاڑھی سے جلد گرم رہتی ہے اور سردی میں زکام جیسے مسائل سے انسان بچا رہتا ہے۔ ساتھ ہی یہ سردیوں کی ٹھنڈی ہوا کے خلاف ایک دیوار بن جاتی ہے۔ (۵) یہ بات تصدیق شدہ ہے ڈاڑھی رکھنے والا بندہ بہت ذہین ہوتا ہے ظاہری طور پر نظر نہیں آتا لیکن اگر اس کو تھوڑا ٹٹولا جائے تو یہ بات یقینی ہوتی ہے کہ وہ واقعی کسی نہ کسی فن میں ماہر ہے۔ ایک ریسرچ کے مطابق لوگوں نے چہرے کے بالوں کے ساتھ بغیر 408 ہسپتال عملے کے (باقی صفحہ نمبر 59 پر

خون روک شفاء
حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی
خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا' پیچش میں خون آرہا ہو' نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔

لیکوریا' رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔ (قیمت صرف 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

ناگہانی آفت سے حفاظت! ہجویری محل چلیے!

# برص کے داغ بالکل ختم! دیہاتی کا آزمودہ ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے رسالہ بہت شوق و ذوق سے پڑھتے ہیں۔ بہت زبردست ٹوٹکے' نسخہ جات اور لاجواب وظائف ہوتے ہیں۔ یہ شمارہ بے شک لوگوں کی زندگیوں میں انقلابی تبدیلیاں لا رہا ہے۔ میرے پاس ایک مشاہدہ ہے جو میں عرض کر رہا ہوں: ہمارے ایک جاننے والے قادر بخش صاحب ریٹائرڈ پوسٹ مین ہیں جو کہ احمد پور لمہ صادق آباد میں مقیم ہیں ان کے چہرے پر سفید برص قسم کے دھبے تھے جو کہ بعد میں بالکل ختم ہو گئے۔ بہت قریب سے اور غور سے دیکھنے سے احساس ہوتا ہے۔ انہوں نے بڑا سادہ سا طریقہ کار بتایا کہ یہ ان علاقوں میں کارآمد ہیں جہاں اُونٹ پائے جاتے ہیں کہ ایک عدد ایسا مٹکا (چاٹی) حاصل کیا جائے جس میں کچھ عرصہ دودھ بلو کر لسی وغیرہ بنائی جاتی رہی ہو اسکے پیندے میں کسی باریک کیل یا باریک ڈرل سے سوراخ کر کے کوئی باریک جالی سی رکھ دی جائے مٹکے کو پیندے کی حد تک زمین میں دفن کر کے سوراخ کے نیچے کوئی کٹورا برتن رکھ دیا جائے مٹکے کو اُونٹ کی لید سے بھر کر ڈھکن بند کر دیا جائے اور اوپر اور چاروں طرف اُپلے رکھ کر آگ لگا دی جائے اُپلے اگر جنگلی ہوں تو بہتر ہے۔ اس طرح سے نیچے جو تیل حاصل ہوگا۔ روئی کی مدد سے صبح و شام برص یا سفید دھبے پر لگایا جائے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ (عطاء اللہ اعوان، صادق آباد)

# دماغی طاقت لاجواب! کمزوری نظر ختم آزمودہ تجربہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ ذاتی تجربات تحریر کر رہا ہوں انتہائی مجرب المجرب ہے۔

## دماغی طاقت و کمزوری نظر کے لیے

یہ نسخہ میرا ذاتی آزمودہ ہے۔ دماغی کمزوری کتابیں پڑھنے سے ہوگئی ہو یا زیادہ دماغی کام کرنے سے۔ نظر کی کمزوری کسی بھی وجہ سے 2½ نمبر تک کی عینک اتار دیتی ہے۔ نظر کا پھٹنا، تارے نظر آنا وغیرہ سب دور ہو جاتا ہے۔ ھوالشافی: دیسی بادام کی گری خود نکالی ہوئی ایک پاؤ، دھنیا خشک 100 گرام، سونف 100 گرام، اسطوخودوس 25 گرام، وج ترکی (ورچ) 25 گرام، برہمی بوٹی 25 گرام، کالی مرچ 25 گرام، مصری 1½ پاؤ۔ ترکیب: بادام کی گری کو گرم پانی میں ڈال کر چھلکے اتار لیں۔ خشک ہونے پر سب کا سفوف بنالیں۔ خوراک ایک چمچ صبح یا شام پانی یا دودھ سے استعمال کریں فضل ربی شفاء ہوگی۔

## ڈاڑھ، دانت درد کا شافی علاج

میرے پاس ایک نعت خواں تشریف لائے۔ گال سوج کر کُپا بنی ہوئی۔ انتہائی شدت کی درد' کراہ رہے تھے' کہنے لگے: دو گولی انسڈ اور دو گولی آگمنٹن کھا کر آیا ہوں درد میں رتی برابر فرق نہیں۔ بولا تک نہیں جاتا کھانا تو دور کی بات ہے۔ میں نے تسلی دی کہ درد ایک منٹ میں دور ہوگا۔ کہنے لگے: یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ میں نے کہا فضل ربی ایسا ہی ہوگا بلکہ ایک دو بار کرنے سے دوبارہ دانت میں درد نہ ہوگا۔ بے شک دانت یا ڈاڑھ چورہ چورہ ہو کر گر جائے۔ بندہ حیران ہو کر میری طرف دیکھنے لگا یا شاید میری دماغی صحت پر شک کر رہا ہو۔ میں نے کہا کہ میرے بھائی ہم لوگ انگریزی دواؤں کے اتنے عادی ہو گئے ہیں کہ طب پر سے ہمارا یقین ہی ختم ہو گیا ہے۔ خیر میں نے لڑکے کو بھیج کر پانچ روپے کا ''ادرک'' منگوایا۔ انگوٹھے کے ناخن جتنا چھیل کر دیا کہ جو ڈاڑھ درد کر رہی ہے اس کے سائیڈ میں رکھ دو یا دو داڑھوں کے درمیان پکڑ لو اور منہ کھول دو۔ ایک منٹ سے پہلے اس ادرک کے ٹکڑے نے سارا ریشہ اور گندہ پانی نکال دیا اور درد کو ختم کر دیا۔ کہنے لگا میرا درد ختم ہو گیا' میں نے ایک ٹکڑا اور دیا کہ چبا کر تمام دانتوں پر مل لو اور منہ کھول کے رال بہا دو۔ منہ بند نہیں کرنا ورنہ نزلہ ہو جائے گا۔ اس کے بعد وہ بندہ گاہے بگاہے میرے پاس آتا رہا اور کہتا ہے کہ اس کے بعد میرے دانت ڈاڑھ میں درد نہیں ہوا۔ کہنے لگا: میں تو حکمت کو کچھ بھی نہیں سمجھتا تھا لیکن یہ اتنی پائیدار اور دیرپا ہوتی ہے کمال ہے۔

## آدھاسیسی یا آدھے سر کا درد

(۱) انتہائی مجرب ہے چار سے پانچ دن میں آرام آجاتا ہے۔ ھوالشافی: سرسوں کا تیل 100 گرام، کلونجی 10 گرام، لہسن ایک جوا۔ ترکیب: لہسن اور کلونجی کو تیل میں جلا لیں۔ صبح سورج نکلنے سے پہلے دو دو قطرے دونوں نتھنوں میں ڈالیں فضل ربی شفاء ہوگی۔

(۲) سمندر پھل کو پانی میں پیس کر ناک میں ٹپکانے سے آدھے سر کا درد دفع ہو جاتا ہے۔

## رتوندی، شب کوری کے لیے مجرب نسخے

(۱) سفید پیاز کا رس نکال کر آنکھوں میں ڈالنے سے شب کوری کا مرض رفع ہو جاتا ہے۔ (۲) لوکی (لمبا کدو) کا رس قدرے شہد ملا کر آنکھوں میں لگانے سے شب کوری و رتوندی کا مرض ایک روز میں ختم ہو جاتا ہے۔ (۳) گول سیاہ مرچ کو لعاب دہن میں گھس کر آنکھوں میں لگانے سے اندھراتا دور ہو جاتا ہے۔ (۴) سرس کے پتوں کا رس نکال کر آنکھوں میں ڈالنے سے اندھراتا بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔ (عاجز سعید شہزاد، بوریوالہ)

# دمہ کے لیے استاد کا دیا نسخہ کام آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میرا پسندیدہ ترین شمارہ ہے۔ میری ایک دوست کو دمے کا مسئلہ تھا اب ملاقات ہوئی تو وہ بالکل ٹھیک تھی' میں نے پوچھا تو اس نے بتایا کہ وہ طب کا کورس کر رہی ہے اس کے استاد نے اسے دمہ کے لیے نسخہ دیا جو اس نے خود بنا کر کھایا اور اب مکمل ٹھیک ہے۔ وہ نسخہ یہ ہے: ایک دانہ دیسی لہسن لیں اور ایک پاؤ سے زیادہ ادرک ان دونوں کو پیس کر پانی نچوڑ لیں اس پانی کو خالص بیری کے شہد میں مکس کر لیں۔ صبح نہار منہ ایک چمچ یہ شہد روزانہ کھالیں یا پانی میں مکس کر کے بھی پی سکتے ہیں ساتھ ایک چمچ زیتون کا تیل بھی پی لیں۔ کچھ عرصہ مستقل استعمال سے دمہ کا مسئلہ مکمل حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔ (پوشیدہ، لاہور)

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا نوابی نسخہ زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے
لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے۔
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج شوگر کے مریض مایوس کیوں؟
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید شاہی ٹانک
بادشاہ، نواب، رؤساء اور امراء کیلئے خاص طور پر بنا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر موثر قیمت صرف 2200 روپے
انگلی سے حاجت لکھیں' پوری ہجویری محل چلیے!

# تانبا صرف جسم کو لگا کر رکھیں اور ہمیشہ جوان رہیے!

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپا تا نہیں‘ آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

## تانبا کی تاریخ ہزاروں سال پرانی

حضور ﷺ جب معراج پر تشریف لے جارہے تھے تو آپ ﷺ نے ایک خوشبو سونگھی‘ فرمایا: یہ خوشبو فرعون کی باندی کی ہے جسے فرعون نے اس کے بچوں سمیت تانبے کے کڑاہے میں جلا دیا تھا‘ تانبا اس وقت بھی تھا‘ یہ دھات بہت پرانی ہے اس کی تاریخ ہزاروں سال سے بھی پرانی ہے۔

## بچے کے گلے میں تانبے کا سکہ اور اس کے فوائد

اس کا استعمال زندگی میں نسل در نسل چلا آرہا ہے اور وہ شخص نہایت صحت مند دیکھا جس نے تانبا کا ساتھ لیا اور تانبے کا استعمال اپنی زندگی میں کیا۔ آیئے! ہم تانبے کے استعمال میں کچھ آگے بڑھتے ہیں۔ آج سے کچھ ہی سال پہلے بچے کے گلے میں ایک سکہ آتا تھا جس کے درمیان میں سوراخ ہوتا تھا وہ گورنمنٹ کا سکہ ہوتا تھا اور خاص طور پر یہ سکہ نواب بہاولپور کی ریاست میں رائج الوقت تھا‘ وہ سکہ دھاگہ میں پرو کر بچوں کے گلے میں ڈال دیا جاتا تھا اور بچے صحت مند ہوتے تھے کہتے تھے کہ ایسے بچے رال نہیں بہاتے‘ روتے نہیں ہیں دانت آسانی سے نکل آتے ہیں‘ تھکتے نہیں‘ چڑچڑے نہیں ہوتے وغیرہ اور یہ بالکل حقیقت ہے اور سو فیصد حقیقت ہے۔ صرف افسانہ نہیں ہے کہ جس کے پاس تانبا ہو اور اس کے جسم سے لگا ہوا ہو چاہے وہ گلے میں سکہ کی شکل میں یا کسی کڑے یا چھلے کی شکل میں اس کی بے شمار بیماریاں اور تکالیف ختم ہوجاتی ہیں‘ اعصابی بیماریاں‘ پٹھوں کی بیماریاں‘ جسم کے جوڑوں کا درد‘ چھوٹے یا بڑے جوڑوں کا درد ہمیشہ کے لیے ختم ہوجاتا ہے‘ طبیعت میں سکون اور راحت ملتی ہے۔

## ایک مخلص کے آزمودہ مشاہدات

تانبے کے مزید فائدے ہمارے ایک مخلص نے بتائے ان کی زبانی پڑھیے اور انسانیت کو فائدہ پہنچانے میں شامل ہوجائیں۔: انگلی میں تانبے کا چھلہ بڑا اثر اور صلاحیت رکھتا ہے۔ تانبے کا چھلہ پہننے سے انگلی کی جڑیں نہیں اکھڑتیں‘ بہت زیادہ آزمودہ ہے۔ میں تو کہتا ہوں تانبے کا سکہ لے کر اس کو پانی میں ڈبو کر بھی فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے بلکہ تانبے کے سکہ میں سوراخ کرکے گلے میں ڈالا جاسکتا ہے۔ میں نے ایک جگہ پڑھا تھا کہ آسمانوں میں سے ایک آسمان تانبے کا بھی ہے۔

## تانبے کے استعمال سے کینسر ختم

ایک اور مخلص نے تانبے کے فوائد یوں بیان کیے:(1) تانبے کے استعمال سے کینسر ختم ہوگیا۔(2) تانبے کے برتن میں پکی ہوئی حلیم یا کھانا بہت مزیدار ہوتا ہے۔ (3) جہاں تک میرا دماغ کام کرتا ہے تانبا بہت مضبوط دھات ہے جو پرانے وقتوں میں ڈھالوں، نیزوں، تلواروں میں استعمال ہوتا تھا آج بھی تانبے کی گولیاں اور تانبے کی بندوق ملتی ہیں یہ بھی اس بات کی دلیل ہے تانبے کی طاقت جس کی دھات خود بہت طاقتور ہے اسی طرح جسم بھی طاقتور اور ناقابل تسخیر ہوجاتا ہے۔(4) تانبے کی ایک اپنی خوبصورتی ہے جو کسی اور دھات میں نہیں ملتی۔(5) اگر تانبے کے بنے قبضے دروازے کو لگائے جائیں تو دروازے کی چرچراہٹ نہیں ہوگی۔

## انگلی میں تانبے کا چھلہ پہننے کا فائدہ

مجھے مخلصین نے اپنے مشاہدات بھیجے ہیں آئندہ بھی ان سے مشاہدات چاہوں گا ضرور لکھیں فوراً لکھیں۔

ایک اور صاحب لکھتے ہیں کچھ لوگوں کے ہاتھ کی انگلی میں ’’ناتھور‘‘ بہت پڑتی ہے جو بہت درد کرتی ہیں اس کے لیے تانبے کا چھلہ پہن لیا جائے تو آرام آجاتا ہے اور دوبار ’’ناتھور‘‘ نہیں پڑتی۔

## سونے اور تانبے کا ساتھ

قارئین! تانبا ایک مضبوط اور طاقتور دھات ہے‘ اس کو موسم پانی اور حالات متاثر نہیں کرتے بلکہ اس کی وجہ سے چیزیں متاثر ہوجاتی ہیں‘ لوہا دھات ہے گل جاتا ہے‘ چاندی وہ دھات ہے بھر بھری ہوجاتی ہے آہستہ آہستہ‘ سونا سب سے مہنگا لیکن کمزور دھات ہے‘ تانبا واحد دھات ہے جو سونے کے ساتھ بھی ہوتی ہے‘ ہمارے گلگت کے ایک مخلص ہیں میں جب ان کے گھر گیا انہوں نے مجھے دکھایا کہ ایک تانبا کا ٹکڑا تھا اس کے ساتھ سونا لگا ہوا تھا‘ کہنے لگے: جہاں تانبا ہوگا سونا وہیں سے ملے گا‘ کانوں میں کھدائی کے دوران تانبے کے ساتھ ہی سونا لگا ہوا ہوتا ہے اور سونا وہی سے ملتا ہے۔

## جو خواتین ہمیشہ طاقتور رہنا چاہتی ہیں‘ تانبا ان کیلئے

کچھ عرصہ پہلے ایک صاحب مجھے ملے‘ کہنے لگے: ہماری والدہ محترمہ کی نانی تھیں‘ وہ کہا کرتی تھیں جو خواتین صحت مند رہنا چاہتی ہیں اور طاقتور بہت زیادہ رہنا چاہتی ہیں‘ چاہتی ہیں ان کی کمر نہ جھکے‘ پٹھے اعصاب کمزور نہ ہوں‘ جسم کبھی ڈھیلا نہ پڑے‘ تو وہ اپنے جسم کے ساتھ تانبا ضرور لگائیں کسی بھی شکل میں چاہے پاؤں کی چھوٹی انگلی میں تانبے کا چھلا پہن لیں کیونکہ تانبا جسم کے ساتھ لگتے ہی اپنے اثرات دکھانا شروع کردیتا ہے۔

## تانبا نہ ہو تو بیماریاں گھیر لیتی ہیں

سائنس کہتی ہے ہمارے جسم میں خود تانبا ہے جسے کاپر کہتے ہیں، تانبے کو تانبے کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے جس طرح جسم میں انسولین کی کمی ہوتی ہے جس کو لبلبہ کہتے ہیں اس کی کو پورا کرنے کے لیے انسولین کا انجکشن لگتا ہے بالکل اسی طرح جب جسم میں تانبے کی کمی ہوتی ہے تو طرح طرح کی بیماریاں‘ مشکلات‘ مسائل اور روگ لگ جاتے ہیں اس کے دو راستے ہیں یا جسم کو تانبا دیا جائے پہلے دور میں تانبے کا کشتہ ہوتا تھا‘ دوسرا راستہ تانبے کے برتن وہ بھی بہت ضروری ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ تانبے کا ایک سکہ‘ چھلہ یا کڑا میرے تجربے کے مطابق تانبا جسم کے ساتھ لگا رہے ہر حال میں مفید رہے گا‘ صحت مند رہے گا اور جسم کی صحت کا ضامن رہے گا۔

## پوشیدہ امراض میں مبتلا صرف درس سنیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے پوشیدہ امراض کی وجہ سے کافی تکلیف رہتی ہے اب ایک مہینے سے پہلے سے بہتر ہوں۔ درس سنتی ہوں ایک دن تکلیف میں تھی ایسی تکلیف جی چاہتا میں مرجاؤں‘ درس سن رہی تھی تو آخر میں دعا ہوئی تو میں نے تصور کیا کہ میں بھی وہاں بیٹھی درس سن رہی ہوں میں اتنا روئی‘ اتنا روئی میری سسکیاں شروع ہوئی میں نے دعا کی کہ میری یہ تکلیف دور ہوجائے اللہ کے کرم سے پہلے سے کافی بہتر ہوں درس میموری کارڈ کے ذریعے سنتی ہوں۔ (ج، خضدار)

ناک شفاء دائمی نزلہ الرجی‘ چھینکیں‘ ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا۔ موسمی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/130 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔
لاکھوں کا قرض ادا! ہجویری محل چلیے!

# پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

## بیٹی نے لڑکے کو پسند کرلیا

میری ماں نے گاؤں میں بہت مشکل زندگی گزاری۔ میری شادی شہر میں کی۔ مجھے آج تک اپنی ماں کی زندگی کے دکھ یاد آتے ہیں کہ میری بیٹی کا گاؤں سے رشتہ آیا ہے بہت ہی مناسب خاندان ہے وہ لڑکا اس وقت اسی شہر میں پڑھ رہا ہے مجھے میرے شوہر نے یقین دلایا ہے کہ وہ اچھا لڑکا ہے بیٹی کو خوش رکھے گا۔ اس کا شہر میں رہنے کا ارادہ ہے۔ ڈرتی بھی ہوں وہ کوئی غلط قدم نہ اٹھالے۔ (آسیہ، شیخوپورہ)

مشورہ: ماضی کے غم اور مستقبل کے اندیشے ہم سب کو ہی گھیرے رکھتے ہیں اس لیے ہم آج کے سکون سے بھی محروم ہوجاتے ہیں۔ ماں ہونے کے سبب بیٹی کو پریشان دیکھنا نہیں چاہتیں، لیکن بیٹی کی خوشی کی خاطر لڑکے سے ملیں۔ ارادے جانیں۔ خاندان والوں سے بات چیت کریں، مختلف ذرائع سے تحقیق کروائیں، اگر خاندان اور گھرانہ اچھا تو یقیناً آپ اس رشتے کو ناپسند نہیں کریں گی۔

## چہرے پر عجب وحشت ہے!

ہماری زندگی اچھی گزر رہی تھی کہ اچانک شوہر ملازمت چھوڑ کر آگئے۔ بہت سامان لائے۔ بچے خوش تھے۔ مگر جب معلوم ہوا کہ والد نے جاب چھوڑ دی ہے تو ہم سب ہی پریشان ہوگئے۔ میں نے محسوس کیا کہ اس بار وہ آئے ہیں تو ان کے چہرے پر عجیب سی وحشت ہے۔ وہ دوبارہ ملک سے باہر جانا نہیں چاہتے حالانکہ سعودی عرب میں ان کے بہت رشتے دار ہیں۔ ان کے کزن کا کہنا ہے کہ یہ تم لوگوں کو بہت یاد کرتے تھے۔ نہ نیند آرہی تھی اور نہ بھوک لگتی تھی۔ بس ہر وقت کہتے تھے کہ کوئی میرے بچوں کو ختم کرڈالے گا۔ ان کو بالکل سکون نہ تھا اس لیے ہم نے بھیج دیا۔ میں سمجھتی ہوں اگر ایسی بات تھی تو ان کو گھر آکر ٹھیک ہوجانا چاہیے۔ (وجیہہ، لاہور)

مشورہ: خراب حالات میں انسان کو اپنے گھر والوں کی فکر زیادہ ہوجاتی ہے۔ خاص طور پر اس وقت جب وہ اپنے گھر سے دور ہو۔ فکر میں بھی لوگ معمول کے مطابق اپنی ذمہ داریاں نبھاتے رہتے ہیں۔ اگر کسی کو اس قدر فکر، پریشانی، اداسی، بے چینی، اضطراب لاحق ہوجائے کہ وہ روزمرہ کے کام نہ کرسکے اس کے علاوہ نیند، بھوک اور مزاج بھی متاثر ہو تو اس کا مطلب ہے کہ ذہنی طور پر طبیعت خراب ہے۔ گھر آکر آپ کے شوہر اسی وجہ سے ٹھیک نہ ہوئے کہ ان کی طبیعت ٹھیک نہیں۔ ان حالات میں آپ کو ہمت سے کام لینا ہوگا۔ زندگی ہمیشہ ایک جیسی نہیں ہوتی۔ کبھی صبر آزما گھڑیاں بھی آجاتی ہیں۔

## بوڑھی ہونے سے ڈرتی ہوں!

میری عمر 30 سال اور شوہر کی عمر 35 سال ہے۔ بہت دکھ سا ہوتا ہے جب سوچتی ہوں کہ دس سال بعد میں بوڑھی ہوجاؤں گی اور وہ جوان رہیں گے۔ سب ہی کہتے ہیں عورتیں مردوں کے مقابلے میں جلدی بوڑھی ہوجاتی ہیں۔ سوچتی ہوں کہ جب میں بوڑھی ہوں گی تو اپنے شوہر کو نہیں بتاؤں گی۔ (ع، راولپنڈی)

مشورہ: آپ کا یہ کہنا ٹھیک نہیں کہ دس سال بعد بوڑھی ہوجائیں گی۔ یہ ضرور ہے کہ چالیس سال کی ہوں گی اور اس عمر کی خاتون بڑی عمر کی کہلاتی ہے بوڑھی نہیں۔ جہاں تک شوہر کے جوان رہنے یا ہمیشہ جوان رہنے کی بات ہے تو یہ بھی سو فیصد درست نہیں کیونکہ عمر کے ساتھ ذہنی اور جسمانی صحت میں تبدیلیاں آتی ہیں۔ خواہ وہ مرد یا ہو یا عورتیں۔ عمر کے بڑھنے کو ذہن پر مسلط نہیں کرنا چاہیے۔ یہ عمر کا حسن ہوتا ہے۔ وقار اور دلکشی ہوتی ہے۔ خوش مزاج لوگوں کے چہرے ہر عمر میں دلکش نظر آتے ہیں۔ اس کے علاوہ کسی بھی عمر میں اپنے بارے میں منفی الفاظ استعمال نہیں کرنے چاہئیں کیونکہ ہم جو کہتے ہیں وہ خود محسوس کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی اپنے جملوں کے مطابق نظر آنے لگتے ہیں۔ آپ جتنا بوڑھا ہونے کا خوف خود پر مسلط کریں گی اتنا جلد آپ کے چہرے سے بڑھاپا جھلکے گا۔

## بھروسہ اٹھ گیا' ماں سے رابطہ ختم یا ان کو معاف کردیں؟

ہم دو بہنیں ہیں۔ میں بڑی ہوں۔ مجھے اپنی امی سے بے پناہ محبت تھی، لیکن وہ ہم دونوں بہنوں کو چھوڑ کر جاچکی ہیں۔ انہوں نے دوسری شادی کرلی۔ چھوٹی بہن میں ان کی جان تھی، پتہ نہیں انہوں نے کس طرح اس کو چھوڑ دیا۔ ایک ماں کس طرح اپنے بچوں کو چھوڑ سکتی ہے۔ اس سوال نے میری زندگی خراب کررکھی ہے۔ ماں کے نام سے بھروسہ اٹھ گیا ہے۔ وہ اب بھی ہم سے رابطے میں ہیں۔ مگر واپس نہیں آرہیں یا آنا نہیں چاہتیں۔ والد بہت ضعیف ہیں۔ ہم دونوں بہنیں پریشان ہیں کہ ماں سے رابطہ ختم کردیں یا ان کو معاف کردیں۔ ایسا کیا کریں کہ زندگی میں سکون آجائے۔ (ن۔ن، ورجینیا)

مشورہ: ماں اور باپ بھی انسان ہوتے ہیں۔ ان سے غلطیاں ہوتی ہیں۔ اگر یہ بچوں کی خاطر اپنی خواہشات قربان کردیں تو بچے اس پریشانی سے نہیں گزرتے جو ماں یا باپ کے علیحدہ ہوجانے سے ہوتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ آپ دونوں تکلیف سے گزر رہی ہیں۔ ان حالات میں سب سے اچھا صبر ہے۔ صبر کرنے والے منفی ردعمل نہیں کرتے۔ یہ لوگوں کو درگزر اور معاف کردینے کا جذبہ رکھتے ہیں۔ ماں کے واپس آنے کا انتظار نہ کریں اور ان کا فون آئے تو بات کرلیا کریں۔ والد کی خدمت آپ دونوں بہنوں کے نصیب جگا دے گی۔ صبر سے زندگی گزارنے والوں کو ذہنی اور قلبی سکون حاصل ہوجاتا ہے۔

## اندھیرا اور کیڑے مکوڑوں کا ڈر جینے نہیں دے رہا

تین سال بعد میں پاکستان آیا ہوں یہاں آتے ہی اندھیرے سے ڈر لگنے لگا جیسے ہی کسی وجہ سے اندھیرا ہوتا ہے یا کسی ایسی جگہ جانا ہو جہاں روشنی کا صحیح انتظام نہ ہو مجھے لگتا ہے سانپ، بچھو، زہریلے کیڑے نکل آئے ہیں اور پھر زمین پر پیر رکھتے ہوئے ڈر لگتا ہے۔ گھبراہٹ ہوتی ہے۔ اونچے اونچے جوتے پہنتا ہوں جو دوسرے لوگ نہیں پہنتے۔ اس کی وجہ بھی زمین میں نکل آنے والے کیڑے مکوڑوں کا ڈر ہے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ میرا یہ ڈر بچپن کا ہے۔ (اسد، گجرات)

چھوٹے بچے بہت زیادہ حرکت میں رہنے کو ترجیح دیتے ہیں یہ بات بعض اوقات بڑوں کی زحمت کا سبب بنتی ہے وہ بچوں کو سلانے یا ایک جگہ بٹھانے کی وجہ سے ان کو مختلف جانوروں وغیرہ سے ڈراتے ہیں۔ کچھ بچے وقت کے ساتھ اس خوف کو بھلا دیتے ہیں اور کچھ کو یہ خوف اس طرح متاثر کرتا ہے کہ بڑے ہونے پر بھی پریشانی اور گھبراہٹ پیدا کرنے کا سبب بنتے ہیں۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپ کے ساتھ کوئی ایسی صورتحال پیش آئی ہو جس میں سانپ وغیرہ سے ڈر گئے ہوں۔ آج جبکہ یہ چیزیں درحقیقت اس جگہ موجود نہیں ہوتیں جہاں آپ محسوس کرتے ہیں تو اس ڈر کو نفسیاتی ڈر یا فوبیا کہا جائے گا۔ اس کی بنیاد اور تصویر آپ کے ذہن میں ہے۔ باہر کے ماحول میں نہیں۔ یا تو آپ اسی طرح ڈرتے رہیں یا ہمت کرکے اندھیرے میں وہ نارمل رویہ اپنائیں جو آپ کے ساتھ دوسرے لوگوں کا ہوتا ہے کیونکہ اب آپ بچے نہیں رہے، لہٰذا بچپن کا خوف بھی ختم ہوجانا چاہیے۔

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)

ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی

دائمی نزلہ الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال، دماغ کمزور، حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا

قیمت صرف -/600 روپے

سورۂ رحمٰن کا آزمودہ عمل ہجویری محل چلیے!

# جادوگر کو بے بس کرنے کا نقش! بس باندھ لیجئے

(بنت ایوب، [illegible])

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ اپنے حفظ و امان میں رکھے اور ساری برکتیں اور رحمتیں عطا فرمائے۔ میرے پاس کچھ مشاہدات ہیں جو میں عبقری قارئین کی نذر کر رہی ہوں۔

## پھوڑے پھنسی اور زخم کے لیے انوکھا عمل

جس شخص کو پھوڑا، پھنسی یا زخم ہو تو اس کا علاج اس طرح کرے کہ اپنی شہادت کی انگلی زمین پر رکھ کر یہ کہتے ہوئے اٹھائے اور اس پر لگائے۔ ''یُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا'' ہمیں جب بھی کوئی پھنسی یا زخم ہوتا ہے اس پر پڑھتے ہیں تو اسی وقت آرام آجاتا ہے۔ ایک دفعہ میری آنکھوں پر بہت زیادہ پھنسیاں نکلنی شروع ہوگئی کسی چیز سے آرام نہیں آرہا تھا پھر اس کو پڑھتے ہی آرام آگیا۔

## شیر یا کتا حملہ نہ کرے

اگر راستے میں کوئی خونخوار جانور دیکھیں تو فوراً یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ 3 مرتبہ پڑھ لینے سے وہ حملہ نہیں کرتا اور اپنا راستہ بدل لیتا ہے۔

## تاحیات حفاظت دانت کے لیے

عشاء کے وتر جب پڑھے جائیں تو پہلی رکعت میں بعد الحمدللہ سورۂ اذا جاء دوسری میں تبت یدا اور تیسری میں سورۂ اخلاص پڑھے۔ اس سے تاحیات دانت محفوظ رہتے ہیں۔ اور اگر کوئی درد یا کیڑا ہو وہ بھی ختم ہو جاتا ہے۔

## ظالم جادوگر کو سزا ملتی آنکھوں سے دیکھیں

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰۷۳ | ۱۰۶۷ | ۱۰۷۵ |
| ۱۰۷۴ | ۱۰۷۱ | ۱۰۶۹ |
| ۱۰۶۸ | ۱۰۷۶ | ۱۰۷۰ |

ہمارے ہاں دودھ زیادہ ہوتا تھا۔ تو اس کی ہم لسی بنا لیتے تھے۔ مگر ہماری مدھانی ہماری ہمسائی نے باندھ دی۔ سارا سارا دن گھی نہیں بنتا تھا۔ بڑی مشکل ہوگئی' ہاتھ سوج جاتے تھے۔ اس کا کوئی تعویذ بھی نہیں تھا پھر میں نے یہ مدھانی کے ساتھ لکھ کر باندھ دیا تو پھر لسی کم اور گھی زیادہ نکلتا تھا۔ پھر ہمسائی برابر اپنا عمل کرتی رہی۔ اس کا یہ نتیجہ نکلتا کہ گھی اور زیادہ ہو جاتا اور لسی بھی جلدی بن جاتی۔

## آنکھوں کی حفاظت کے لیے

آنکھوں کی حفاظت کے لیے ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھ کر جب اس لفظ پر آئیں۔ ''وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا'' تو اس کو گیارہ مرتبہ پڑھنا ہے۔ پھر مکمل کر کے دونوں آنکھوں پر پھونک دیں۔ تو نظر کی حفاظت رہے گی آنکھوں کی حفاظت رہے گی۔ اور اگر نظر کم ہوگئی ہو تو وہ بھی ٹھیک ہو جائے گی۔

**امتحان میں کامیابی کے لیے:** میری تعلیم میں سخت بندش ڈال دی گئی۔ میں پڑھتی تھی تو مجھے بھول جاتا تھا اور اگر پیپر اچھے ہوتے تو نمبر کم آتے تھے۔ آخری سمسٹر تھا۔ اگر نمبر پورے نہ ہوئے تو مجھے ڈگری نہیں ملنی تھی۔ اور کتابیں بھی مشکل تھیں جو رہ گئی تھیں جن میں میں پاس بھی نہیں ہوتی تھی۔ تو مجھے کسی نے بتایا سورۂ الم نشرح امتحان سے سات دن پہلے سات مرتبہ روزانہ صبح پانی پر دم کر کے پینا ہے۔ میں نے ایسے ہی کیا۔ تو میرے ان کتابوں میں جن میں میں پاس بھی نہیں ہوتی تھی میرے ستر سے اسی فیصد نمبر آئے اور مجھے ڈگری بھی مل گئی۔

**نظر بد کا علاج:** وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ یَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ(۵۱)وَ مَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ(۵۲) (القلم)۔ اگر کسی کو نظر لگ جائے تو یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں نظر ختم ہو جائے گی ہماری ہمسائی کی بچی بہت رو رہی تھی۔ چپ نہیں کر رہی تھی وہ ہمارے گھر لے آئے اس کو دم کر دیں تو یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر دم کی تو وہ کھیلنے لگی۔

**سخت ترین نظر بد کا علاج:** اگر کسی کو بہت زیادہ سخت نظر لگ جائے تو یہ دعا پڑھے: ''بِسْمِ اللهِ، حِبْسٌ حَابِسٌ یا شَجَرٌ یَابِسٌ، وَشِهَابٌ قَابِسٌ، رَدَدْتُ عَیْنَ الْعَائِنِ عَلَیْهِ .فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیْرٌ''۔ یہ بہت سخت عمل ہے اور جس کا یقین ہو جائے کہ اس کی نظر بہت سخت ہے تو اس کے چہرے کا تصور کر کے تین مرتبہ اس پر پڑھیں ورنہ اس کا الٹا اثر ہو جاتا ہے۔

**منزل:** سخت ترین جادو کے لیے منزل پڑھنے سے جادو کا اثر ختم ہو جاتا ہے۔

# گھریلو مسائل کا انسائیکلو پیڈیا

## قبض! میری دادی کا بتایا نسخہ

**ھوالشافی:** ایک گلاس نیم گرم دودھ میں گلقند دو چمچ اور سونف ایک چمچ ڈال کر مکس کریں اور پی لیں' یا سونف اور گلقند مکس کر کے کھا لیں۔ بہتر ہے کہ پہلے سونف کو دودھ میں ڈال کر ابال لیں تاکہ سونف کا عرق نکل جائے اگر چبا سکتے ہیں تو پھر ایسے ڈال لیں' بہت کارآمد نسخہ ہے۔ مجھے قبض کی شکایت رہتی تھی بلکہ ہمارے گھر تقریباً سب کو قبض تھی' یہ ٹوٹکہ میری دادی جان کا بتایا ہوا ہے۔ انہوں نے ایک بار مجھے کہا روزانہ رات سونے سے پہلے گرم دودھ میں دو چمچ گلقند اور ساتھ سونف ڈال لیں اور دونوں کو چبا لیں' یہ ٹوٹکہ تین دن لگاتار کریں' میں نے کیا' اللہ کا شکر مجھے سکون آگیا' اب گلقند گھر میں منگوا کر رکھی ہے' سونف تو ویسے بھی گھر میں ہوتی ہے' آپ بھی استعمال کریں' مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

## عرصہ سے پریشان' ایک عمل سے ہوئے خوشحال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی عرصہ پانچ سال سے بیمار ہے' شروع شروع میں اس کے پیٹ' سر اور ٹانگوں میں درد ہوتی تھی جب اس کے تمام ٹیسٹ کروائے تو سب کلیئر آیا لیکن تھوڑی سی خون کی کمی آئی' اس کو دوا وغیرہ دی لیکن اس کی طبیعت بہتر نہیں ہوئی (میرے شوہر ڈاکٹر ہیں) پھر ہم نے تعویذ اور دم وغیرہ کروانے شروع کر دیئے لیکن اس کی طبیعت مزید بگڑتی گئی ہم تعویذ اور دم وغیرہ کرواتے اس کی طبیعت ایک ہفتہ ٹھیک رہتی پھر ویسے ہی تکلیف شروع ہو جاتی تھی اور چپ کر کے بستر پر لیٹی رہتی تھی اور کسی بات کا جواب بھی نہیں دیتی تھی کبھی کبھی اس کی طبیعت اتنی بگڑ جاتی تھی کہ اس کا سانس بند ہونے لگتا تھا پھر میں سورۂ ملک، سورۂ مزمل' درود تاج' قصیدہ بردہ شریف پڑھ کر دم کرتی رہی تو اس کو آرام آنا شروع ہوگیا۔ اب الحمدللہ بہتر اور مطمئن ہے۔ (جلد 10)


استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

**قیمت فی جلد -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ**

**عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں**

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

**خاتون شفاء** حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج

جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں

ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں

حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں

**داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج**

صرف 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

**جنات پاؤں پکڑ لیں! ہجویری محل چلیے!**

☆عبقری کتب' ادویات' گھر بیٹھے منگوائیں۔ کال کریں: 0332-7552382 ☆ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی ☆عبقری ادویات' رسالہ یا ایجنسی سے متعلق تجاویز شکایات: صرف میسج 0343-8710009

# بے اولاد حضرات کیلئے پانچ انتہائی طاقتور تعویذ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد محترم روحانیت کا بہت شوق رکھتے تھے‘ ساری عمر بغیر کسی لالچ لوگوں کو عملیات‘ تعویذات اور نقش دیتے‘ رب کریم کے فضل سے بے شمار دکھ درد دور ہوئے‘ ان کے پاس اجازت یافتہ لاتعداد نقش‘ تعویذات‘ عمل‘ وظائف تھے۔ ان کی وفات کے بعد ہمارے گھر میں کوئی بھی ایسا نہ تھا جو ان کے کارخیر کو مزید آگے بڑھاتا ہے۔

جب ہم نے عبقری پڑھنا شروع کیا تو عبقری میں ہمیں اپنے والد کے مشن کی جھلک نظر آئی‘ ماہنامہ عبقری میں ایسے ایسے راز کے وظائف‘ نقش و تعویذات شائع ہوتے ہیں کہ پڑھ کر حیرت ہوتی ہے کہ آج کے دور میں اگر کسی کے پاس یہ نقش ہو تو وہ اس کو سنبھال سنبھال اور چھپا چھپا کر رکھے لاکھوں کے عوض بھی نہ بیچے مگر عبقری مخلوق خدا کی خیر کیلئے سرعام چھاپ رہا اور لوگوں کو بنا کسی مفاد کے دے رہا۔

میرے والد کے پرانے صندوق میں پڑی بوسیدہ ڈائری میں انتہائی طاقتور نقش و تعویذات اور عملیات کے موتی پڑے ہیں‘ ایڈیٹر عبقری کی بخل شکنی کے مشن میں ان کا ساتھ دیتے ہوئے میں یہ تمام ڈائری عبقری قارئین اور مخلوق خدا کیلئے عام کررہی ہوں‘ عبقری رسالہ میں وقتاً فوقتاً تمام نقش‘ تعویذات اور عملیات بھیجتی رہوں گی۔

## بے اولاد حضرات کے لیے پانچ تعویذ

یہ تعویذ انتہائی مقبول اور طاقتور ہے‘ نیچے لکھے گئے الفاظ کو ایک کاغذ پر لکھیں اور اسی طرح پانچ تعویذ بنالیں‘ ایک تعویذ گلے میں ڈالیں اور چار تعویذ کوزے میں بند کرکے گھر کے چاروں کونوں میں دبادیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد خوشخبری ملے گی۔ خوشخبری ملنے پر حسب توفیق شیرینی پکا کر محلے کے بچوں یا گھر میں سب کھالیں۔ طریقہ یہ ہے:۔

مرد اولادِ در طفیلی پانچ تعویذ لکھیں ایک گلے میں ڈالے چار کو کوزے میں بند کرکے گھر کے چاروں کونوں میں دبادے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم حسبی اللہ و کفی باللہ ایاک نعبد وایاک نستعین۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ انہٗ من سلیمٰن و انہٗ بسم اللہ الرحمن الرحیم الا تعلوا علی واتونی مسلمین قال عفریت من الجنِ انا اٰتیک بہٖ قبل ان تقوم من مقامک و انی علیہ لقوی امین۔فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الرحمین یاشافی یاشافی یاشافی

میرے والد محترم سے بے شمار خواتین یہ تعویذ لے کر گئیں‘ کچھ ہی عرصہ کے بعد ان پر لگی اولاد کی بندش ٹوٹی اور آج وہ صاحب اولاد ہیں۔ ایک خاتون کی شادی کو گیارہ سال ہوگئے تھے‘ اولاد نہ ہورہی تھی‘ والد صاحب نے یہی پانچ تعویذ بنا کر دیئے‘ صرف دو سال بعد وہ عورت بچے کے ہمراہ ہمارے گھر آئی اور مٹھائی کے ٹوکرے لائی‘ اگر اس تعویذ کے ساتھ ہی درج ذیل نقش بھی استعمال کیا جائے تو اولاد ان شاء اللہ گارنٹی ہے کہ اولاد نرینہ ہوتی ہے۔

# والد مرحوم کا اولاد نرینہ کے لیے آزمودہ نقش!

ہمارے ایک جاننے ہیں وہ اپنے ساتھ ایک شخص کو لائے‘ عمر ان کی تقریباً 48 سال ہوگی‘ انتہائی پریشان‘ میرے والد کے پاس آئے‘ میرے والد نے ان سے آنے کی وجہ پوچھی تو انہوں نے بتایا کہ میری چار بیٹیاں ہیں‘ بیٹے کی شدید خواہش ہے‘ بے شمار عاملین‘ اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کے پاس گئے ہیں مگر ہر بار رزلٹ منفی ملا۔ وہ انتہائی پریشان تھا‘ اس کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ میرے والد نے اسے تسلی دی اور درج ذیل نقش دونوں میاں بیوی کو پہننے اور پینے کے لیے دیا۔ مزید درج بالا پانچ تعویذ انہیں ایک بیوی کے پہننے اور باقی چار گھر کے چاروں کونوں میں دبانے کیلئے بنا کر دیئے۔ وہ شخص چلا گیا۔ میرے والد بتاتے تھے کہ ڈیڑھ سال کے بعد میں گھر میں بیٹھا معمول کے کام کررہا تھا تو دروازہ پر گھنٹی بجی‘ باہر گیا تو وہی شخص کھڑا تھا‘ پہلے تو میں پہچان نہ سکا جب اس نے اس عزیز کا حوالہ دیا کہ میں ان کے ساتھ آپ کے پاس آیا تھا آپ نے مجھے پانچ تعویذ اور ایک نقش دیا تھا۔ پھر ساری کہانی میرے ذہن میں آگئی‘ میں نے اس صاحب کو بیٹھک میں بٹھایا‘ پانی وغیرہ پلایا۔ پانی پینے کے بعد انہوں نے انتہائی خوشی میں بتایا‘ میں ہر جگہ سے مایوس تھا‘ عمر بیتی جارہی تھی‘ اب تو صورتحال یہ ہوگئی تھی کہ میری بیوی نے کہہ دیا تھا کہ اب جو ملا اسی پر صبر شکر کرلیں‘ بیٹے کا خواب دیکھنا چھوڑ دیں‘ رب کی یہی مرضی ہے‘ مگر مجھے ہر بار یہی خیال آتا ہے کہ میرے جانے کے بعد میرا نام بھی ختم ہوجائے گی‘ میری نسل نہ چل سکے گی‘ میرے گھر بار‘ جائیداد‘ گاڑی کو دوسرے لوگ چلائیں اور سنبھالیں گے ظاہری بات ہے بیٹیوں کے سسرال اور داماد والے حاصل کرلیں گے۔ بس یہ بات جب ذہن میں آتی تو معالجین‘ پیر فقیر‘ درگاہوں‘ خانقاہوں کے چکر کاٹتا۔ پھر مجھے آپ کے عزیز ملے انہیں جب میری پریشانی کا علم ہوا تو انہوں نے آپ کے متعلق بتایا کہ آپ کے پاس لوگ آتے ہیں اور بہت فیض پاتے ہیں‘ میں ان کے ہمراہ آپ کے پاس تقریباً پندرہ سولہ ماہ پہلے حاضر ہوا تھا‘ اللہ نے ان دنوں امید لگائی ہوئی تھی‘ بڑی پریشانی تھی کہ کہیں پانچویں بیٹی بھی نہ ہوجائے‘ یہ بات ہرگز نہ سوچے گا کہ مجھے بیٹیوں سے محبت نہیں‘ یا ان کی پرورش میں نے کبھی کوئی کمی چھوڑی مگر بیٹے کی تمنا اپنی جگہ قائم تھی۔ آپ نے مجھے پانچ تعویذ اور ایک نقش دیا‘ پہلے تو مجھے آپ پر بھی یقین نہ آیا کیونکہ میں بے شمار جگہوں سے تعویذ لاچکا تھا اب صورتحال یہ تھی کہ یقین ہی اٹھ گیا تھا۔ مگر میرے دوست کے اصرار پر میں نے آخری مرتبہ عمل کرنے کا فیصلہ کیا اور میرا فیصلہ درست ثابت ہوا آج میں الحمدللہ ایک چاند سے بیٹے کا باپ ہوں جو اس وقت ماشاء اللہ سات مہینے کا گول مٹول ہنستا مسکراتا چاند ہے۔ میرے والد نے مزید بتایا اس نے میرا شکریہ ادا کیا ہاتھ چومے اور میں نے رب کا شکر ادا کیا کیونکہ جو بھی ہوتا ہے رب کے کرم سے ہی ہوتا ہے۔ بے شک! نقش درج ذیل ہے۔ لکھی گئی ترکیب سے استعمال کیجئے۔ (سیدہ تابندہ معراج)

## اولاد نرینہ کے لیے نقش

| خ | ل | ا | ق |
|---|---|---|---|
| فرزند نرینہ | ۱۰۱ | ۹۹ع | ۳۱ |
| ۱۰۲ | ۳ | ۲۸ | ۹۸ع |
| ۲۹ | ۹۷ع | ۱۰۳ | ۲ |

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 550 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

اس بار بیٹا ہوگا! آزمودہ عمل
ہجویری محل چلیے!



www.ubqari.org

# صرف پانچ دن میں ٹوٹتا گھر بس جائے! آج ہی کیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ مستقل پڑھتا ہوں اس رسالہ کے بغیر اگر میں یہ کہوں کے میرا گزارا نہیں سو فیصد درست ہے۔ جیسے لوگوں کو چائے‘ سگریٹ‘ نسوار وغیرہ کا نشہ ہوتا ہے اسی طرح مجھے اب عبقری کا نشہ ہے‘ ایک شمارہ پورے مہینے میں دس دس مرتبہ پڑھتا ہوں یقین کیجئے ہر مرتبہ ایک نئی چیز ملتی ہے‘ حالانکہ پہلے پڑھ چکا ہوتا ہوں اب تو مجھے بے شمار وظائف‘ نسخہ جات‘ ٹوٹکے ازبر ہیں۔ لوگ مجھ سے پوچھتے ہیں اور میں بتاتا ہوں۔ مجھے مطالعہ کا شوق بچپن سے ہی ہے پورا گھرانہ ہی علمی ذوق رکھتا ہے اسی لیے کتب گھر میں ہی دستیاب تھیں بس پیاس تھی اور خوب بجھائی۔

میرے پاس اکثر لوگ تعویذات اور وظائف پوچھنے آتے ہیں میں فی سبیل اللہ بتاتا ہوں۔ آج کل جو سب سے زیادہ مسئلہ پیدا ہو رہا ہے وہ میاں بیوی کی ناچاقی‘ جھگڑے کا ہے۔ پھر بات طلاق تک پہنچتی ہے۔ ان جھگڑوں اور گھروں میں سکون‘ میاں بیوی میں مثالی محبت کیلئے ایک عمل اکثر بتاتا ہوں اس کے علاوہ ایک انتہائی کامیاب نقش بھی میرے استعمال میں ہے‘ جس کو بھی بتایا چند ہفتوں بعد واپس انتہائی خوش اور مطمئن ملا۔

## صرف پانچ دن میں ناراض بیوی راضی کیجئے

میاں بیوی کی محبت کے لیے ایک عمل ہے 313 مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّاۤ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ صبح و شام۔ اول و آخر تین بار درود شریف پڑھیں۔ صرف پانچ دن کرنا ہے۔ پانچ دن میں ناراض بیوی ہے یا شوہر صلح ہوجائے گی۔ اگر پانچ دن میں نہ ہو تو ایک دن کا وقفہ کریں پھر پانچ دن کے لیے کریں۔ میاں بیوی کے لیے پڑھ سکتا ہے اور بیوی میاں کے لیے پڑھ سکتی ہے۔ انتہائی آسان اور فوری اثر عمل ہے۔ ٹوٹے گھر جوڑنے‘ بیوی گھر چھوڑ کر میکے میں بیٹھی ہو یا شوہر نے بیوی کو گھر سے نکال دیا ہو یا گھر میں ہر وقت ناچاقی‘ جھگڑے‘ بیوی کی شکل دیکھتے غصہ یا شوہر کو دیکھتے ہی بیوی کو غصہ آجاتا ہو‘ ایک کمرے میں رہتے اجنبی بن کر رہتے ہیں ایسے میاں بیوی اس عمل کو کبھی نہ چھوڑیں‘ چند دن‘ چند ہفتوں میں زندگی گل و گلزار ہوجائے گی‘ شادی شدہ زندگی ان شاء اللہ ایسی ہوجائے گی کہ جیسے ابھی شادی ہوئے ہفتہ بھی نہیں ہوا‘ انتہائی خوشگوار‘ پرسکون اور مطمئن۔ میاں بیوی کو دیکھ کر سکون اور اطمینان محسوس کریگا اور بیوی میاں کو دیکھ کر سکون اور اطمینان محسوس کریگی‘ بیوی میاں کو دیکھ کر مسکرائے گی اور میاں بیوی کو دیکھ کر مسکرائے گا۔ یہ عمل میں صرف شیخ الوظائف کے حکم پر جو انہوں نے عبقری رسالہ کے ذریعے ہم تک پہنچایا مخلوق خدا کیلئے عام کر رہا ہوں اور سب کو اس کی اجازت بھی دے رہا ہوں۔ یقیناً قارئین اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ لوگوں کی زندگیوں میں سکون آئے گا تو امید ہے اللہ کریم مجھے قبر میں سکون دے دے گا۔

# نقش لکھیں کمرے میں لٹکا دیں! میاں بیوی کی مثالی محبت پکی

دوسرا مشاہدہ: میرے پاس ایک نقش ہے جو کہ عبقری قارئین کیلئے ایک تحفہ ہے۔ یہ انتہائی کامیاب اور فوری اثر نقش ہے‘ اس نقش کے استعمال سے اجڑے گھر بس جاتے ہیں۔ یہ نقش ایک بہت پرانی کتاب سے ملا‘ میاں بیوی کی محبت کیلئے دیا جاتا ہے‘ یہ نقش سورۂ نساء کا ہے۔ اسی سورۂ کے اعداد پر مشتمل ہے۔ روزانہ سات بار ایک ہفتہ تک باوضو خوشبو لگا کر سورۂ نساء پڑھیں۔ محبوب راضی ہوجائے گا‘ اجڑا گھر بس جائے گا‘ میاں بیوی کے جھگڑے ناچاقی ختم ہوجائے گی۔ مزید صرف ایک مرتبہ درج ذیل لکھا ہوا نقش لکھیں۔ نقش کی چال کے مطابق۔ پاک صاف ہو کر سفید کاغذ ہو‘ قلم کی سیاہی سیاہ رنگ کی ہو۔ پندرہ سے شروع کرنا ہے اور 29 تک جانا ہے۔ اس چال کے ساتھ لکھنا ہے۔ یہ نقش لکھ کر گھر کی کسی بھی دیوار کے ساتھ لٹکا دیں‘ بس جہاں یہ نقش لٹکا ہوگا وہاں جھگڑے‘ گھریلو ناچاقی‘ میاں بیوی کی نفرت بالکل ختم ہوجائے گی اور مزید اس کا فائدہ وہ گھر ہر قسم کی مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

## میاں بیوی کی محبت اور گیارہ کالی مرچیں

میاں بیوی کی محبت کے لیے یہ وظیفہ بہت زیادہ آزمایا ہے‘ لڑائی جھگڑے کے لیے حتیٰ کے بات طلاق تک پہنچ چکی ہو‘ اس کا بہت رزلٹ ملا ہے۔ گیارہ کالی مرچیں اور ان پر گیارہ سو مرتبہ یَالَطِیۡفُ یَاوَدُوۡدُ پڑھیں‘ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف اور سخت تصور کے ساتھ ادھر ادھر توجہ نہ ہو۔ تیز آگ میں ایک ایک کر کے سیاہ مرچ کو ڈالیں۔ چالیس دن کرنا ہے۔ بہت زبردست عمل ہے۔ یہ نفرتوں کو دور کرتا ہے اور محبتوں کو پیدا کرتا ہے۔ یہ بعد نماز عشاء کرنا ہے۔

## بسم اللہ پانی پر پڑھ کر پھونک دیں! شوہر عاشق

مزید ایک عمل قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں کہ خواتین روزانہ 786 مرتبہ بسم اللہ مکمل پڑھ کر پانی پر پھونک کر شوہر کو پلائیں‘ یا چینی پر دم کردیں‘ نمک پر دم کردیں‘ ہنڈیا‘ روٹی آٹے پر دم کردیں۔ پھر کمال دیکھیں۔ اگر اب بھی آپ مطمئن نہیں تو پھر اس کے ساتھ 500 مرتبہ یَامَانِعُ بھی پڑھ کر دم کردیں۔ پھر تو کمال ہی ہوجائے گا۔ شوہر صرف آپ کی محبت میں گرفتار ہوگا۔ یہی عمل بیوی کے لیے بھی کیا جاسکتا ہے۔ گھر میں سکون‘ جھگڑے ختم‘ صرف مسکراہٹیں بکھریں گی۔ اس کے ساتھ مزید عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ یَالَطِیۡفُ یَاوَدُوۡدُ پڑھ کر ہر میٹھی چیز پر دم کردیں۔ ہر دکھی بیوی اور شوہر کے لیے انتہائی لاجواب عمل ہے۔ ضرور آزمائیے!

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۸۴۸۱۵ | ۲۸۴۸۲۹ | ۲۸۴۸۲۶ | ۲۸۴۸۲۳ |
| ۲۸۴۸۲۷ | ۲۸۴۸۲۲ | ۲۸۴۸۱۶ | ۲۸۴۸۲۸ |
| ۲۸۴۸۲۱ | ۲۸۴۸۲۴ | ۲۸۴۸۳۱ | ۲۸۴۸۱۷ |
| ۲۸۴۸۳۰ | ۲۸۴۸۱۸ | ۲۸۴۸۲۰ | ۲۸۴۸۲۵ |

موذی ترین مرض کا موثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پاچکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے‘ خون بڑھائے‘ چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 400 چھوٹی 150 روپے میں)
ہیپاٹائٹس نجات سیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
بیٹی سسرال میں سدا خوش! ہجویری محل چلیے!

# غیر مسلم کی عبادت گاہ پر قبضہ کرلیا! دو نسلیں برباد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ سات سال سے پڑھ رہی ہوں‘ جی تو پہلے بھی رہی تھی‘ دن رات گزر رہے تھے مگر زندگی کیسے گزارنی ہے یہ سچ میں مجھے عبقری نے ہی سکھایا‘ اس شمارہ کی خاص بات مجھے یہ لگتی ہے کہ اس میں آخرت کے ساتھ ساتھ دنیا میں رہنے کا ایک ڈھنگ بتایا جاتا ہے‘ کاروباری مسائل ہوں یا گھریلو الجھنیں ہر مسئلے کا حل مجھے عبقری سے ہی ملا ہے۔ اس میں بعض واقعات مکافات عمل کے چھپتے ہیں کہ ایسے کروں گے تو یوں ہوگا اور لوگوں کے سچے مشاہدات پڑھ کر رب سے توبہ کرتی ہوں۔ میرے سامنے بھی ایک ایسا ہی واقعہ ہے جسے میں عبقری قارئین کی نذر کررہی ہوں۔

جب پاکستان معرض وجود میں آیا تو میرے سسرال والے انڈیا سے پاکستان آئے‘ یہاں جو غیر مسلم آباد تھے وہ انڈیا چلے گئے۔ میرے سسرال والوں کو سرکار نے جگہ الاٹ کی مگر انہوں نے ساتھ ایک غیر مسلم عبادت گاہ پر بھی قبضہ کرلیا‘ بیس سال پہلے انہوں نے اسے مسمار کر کے وہاں کمرے بنالیے۔ بس اس عبادت گاہ پر قبضہ کرکے کمرے بنانے تھے کہ بربادی کی کہانی شروع ہوگئی‘ وہاں کوئی دوسری مخلوق رہتی تھی جس نے میرے سسرال والوں کو تکلیف دینا شروع کردی‘ سونے پر سہاگہ سسرال میں نہ نماز‘ نہ تلاوت‘ نہ روزہ‘ نہ ذکر‘ نہ تسبیح کی ترتیب ہے۔ میری جب سے شادی ہوئی میں بھی اسی گرداب میں پھنس چکی ہوں‘ دو سال سے کھانسی اور سانس کا مسئلہ ہے بہت دوائیاں لی ہیں مگر آرام نہیں آتا۔ جب دورہ پڑتا ہے تو دو تین دن ہوش نہیں آتی۔ غیبی چیزیں جسم میں بہت توڑ پھوڑ کرتی ہیں‘ ہمیں کسی نے کہا کہ ان کی عبادت کے لیے علیحدہ جگہ گھر میں مختص کردیں ان کی عبادت کے لیے جگہ بھی مختص کردی مگر پھر بھی وہ میری والدہ (ساس) کو بہت تکلیف دیتی ہیں۔ میرے سسرال کو بہت بزرگوں نے سمجھایا تھا کہ یہ غیر مسلموں کی بہت پرانی عبادت گاہ ہے آپ اس جگہ قبضہ کرکے ہرگز رہائش نہ بنائیں‘ بعض نے تو یہاں تک کہا کہ ان کے مالکان سے رابطہ کرکے جگہ خرید لیں ان کی اجازت سے بنالیں مگر میرے سسرال والے نہ مانے۔ ابھی دوسری نسل ہے جو اس عذاب میں مبتلا ہے۔ (ش۔ ضلع گوجرانوالہ)

# ہنستا بستا گھر ذرا سی لالچ میں برباد ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ 13 سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں‘ انتہائی مفید وظائف‘ نسخہ جات اور ٹوٹکے ملے۔ اگر میں یہ کہوں تو غلط نہ ہوگا کہ عبقری نے مجھے میرے اللہ سے ملا دیا‘ اگر عبقری نہ ہوتا تو نجانے میں کہاں ہوتا‘ مجھے اللہ کے خزانوں سے لینے کا فن عبقری سے ہی ملا۔ میرے بے شمار جاننے والے آج عبقری پڑھتے ہیں اور ہنستی خوشی پرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ ان کو بھی پریشانیاں‘ مسائل اور مشکلات آتی ہیں مگر ان کے پاس ان کا حل پہلے سے ہی دستیاب عبقری کی شکل میں ہوتا ہے۔ آج میں عبقری قارئین کیلئے ایک دل دہلا دینے والا واقعہ لے کر آیا ہوں‘ میری مکافات عمل کے موضوع پر پہلے بھی سچی کہانیاں عبقری شائع کرچکا ہے‘ پڑھ کر خوشی اور اطمینان ہوتا ہے کہ میرا ابھی خیر کے کام میں حصہ مل رہا ہے۔ یہ واقعہ بھی ایک مظلوم کی آہ کا ہے کہ کیسے ایک مظلوم کی آہ نے ہنستا بستا گھر برباد کردیا۔ لیجئے قارئین پڑھیے:

ہمارے علاقے میں دو بھائی ایک گھر میں اپنے والدین اور بچوں کے ہمراہ رہتے تھے‘ تمام گھر والے پرسکون زندگی گزار رہے تھے‘ ہر ایک کے غم‘ خوشی سانجھی تھی‘ اس گھر سے اکثر بچوں کے کھلکھلانے اور قہقہوں کی آوازیں آتی تو محسوس ہوتا کہ انتہائی خوشگوار گھرانہ ہے۔ پھر یوں ہوا کہ اچانک ایک بھائی کا انتقال ہوگیا۔ چند دن بعد دوسرے بھائی جو اب گھر کے بڑے تھے اس کی نیت بدل گئی اس نے اپنی بیوہ بھابھی اور بچوں کو اس گھر سے نکالنے کی سازش کی جس کا ساتھ سب گھر والوں نے دیا‘ بھابھی ہاتھ جوڑتی رہی کہ میں بچوں کو کہاں لے کر جاؤں گی۔ مجھے بس گھر کا ایک کونہ دے دو مگر ظالموں نے ان کو ایک کونے میں بھی نہ رہنے دیا اور چند ہزار دے کر کہا کہ یہ تمہارا حصہ ہے لے لو اور اس جگہ کو خالی کرو۔ لیکن بھابھی نے رقم نہ لی اور اللہ کے انصاف کے بھروسے گھر سے خالی ہاتھ نکلنے کا فیصلہ کیا۔ بھابھی رات کے اندھیرے اور شدید بارش میں خالی ہاتھ بچوں کو لیکر نکلی جس وقت مظلوم عورت نے گھر سے اپنا پاؤں باہر نکالا تو اس کی آنکھوں میں آنسو اور سسکیاں تھیں‘ اس وقت اس نے بددعا دی کہ اللہ تمہیں اس گھر میں رہنا نصیب نہ کرے۔ روتی رہی کہتی رہی اور کہتی رہی مظلوم کی آہ نے عرش ہلا دیا اس کے بعد رب کے غضب نے جوش مارا مالک الملک کی بے آواز لاٹھی ظالموں پر ایسی برسی کہ اللہ تعالیٰ نے ظالم اور ظلم دونوں کو مٹا دیا۔ کچھ ہی دنوں میں سب سے پہلے دیورانی کو شوگر ہوئی ایسی تکلیف ہوئی کہ ہسپتال داخل کروانا پڑا اور چند دنوں میں انتقال ہوگیا۔ پھر ساس بیمار ہوئی‘ دیورانی کے انتقال کے صرف پندرہ دنوں کے عرصے میں وہ بھی سسک سسک کر مرگئی‘ ابھی ساس کی قبر کی مٹی خشک بھی نہ ہوئی تھی کہ اس کے بعد سسر کو شوگر ہوگئی‘ چند مہینے علاج ہوا اس کے بعد اس کا بھی انتقال ہوگیا۔ پھر جوان دیور جس کی ابھی شادی بھی نہیں ہوئی تھی اس کو شوگر ہوگئی اور اس ہی بیماری سے اس کا بھی انتقال ہوگیا تمام افراد اپنے انجام کو پہنچ گئے صرف ایک فرد بچا وہ بھی شوگر کی تکلیف میں مبتلا ہے‘ گھر سے نکالنے والے جو اس گھر میں رہنا چاہتے تھے وہ نہ رہ سکے اس گھر میں ان کی جگہ اب دوسرے لوگ رہتے ہیں۔

ظلم کرنے والے اس دنیا سے خالی ہاتھ چلے گئے اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر خالی ہاتھ نکلے تھے آج ان کے پاس گھر بھی ہے اور وہ تمام گھر والے صحت مند اور سلامت ہیں اچھا روزگار ہے وہ لوگ اب خوشحال زندگی گزار رہے ہیں‘ اس دنیا میں ظلم کرنے والے شاید یہ نہیں جانتے یہ ہمیشہ رہنے والا گھر نہیں ہے اس کے علاوہ ایک اور گھر ہے جہاں ابدی قیام ہے اس کی کہانی پر غور کیجئے قصے میں خاص بات سب کو شوگر ہوئی پھر اسی بیماری میں ان کی موت ہوئی ایک صحت مند ہنستا بستا گھر ذرا سی لالچ سے برباد ہوگیا۔ (سلیم اللہ سومرو، کنڈیارو)

اکسیر البدن کامیاب بچپن‘ لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا
بے رونق جسم‘ پچکے گال‘ آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ‘ امتحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی
چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ‘ اور جگر کی طاقت پائیں
قیمت صرف -/300 روپے
ہر مرض و درد کیلئے دم شدہ دھاگہ!
ہجویری محل چلیے!




انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی | انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی المعروف کمی احمد پوری

# جسم میں خون کی کمی دور کرنے کیلئے بہترین غذا

### فرمان امام رضا سلام اللہ ورضوانہ علیہ

فرمانِ ابوالحسن علی بن موسیٰ الرضا المعروف حضرت امام رضا سلام اللہ و رضوانہ علیہ ”خون کی صفائی اور نئے خون کی پیدائش کیلئے ناشتہ میں شہد کے استعمال کو معمول بنالیں۔“

### جدید سائنسی تحقیق

جدید طب نے بھی شہد کو امراض کے لیے اکسیر اور معجزاتی دوا کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔ شہد ہر مرض میں استعمال کیا جاسکتا ہے اس کے متعلق یہاں تک کہا جاتا ہے کہ شہد میں موت کے علاوہ ہر بیماری کا علاج پوشیدہ ہے۔ شہد وٹامن اور معدنیات کا خزانہ ہے۔ شہد پر کی گئی تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اس میں معدنیات جیسے میگنیشیم، پوٹاشیم، کیلشیم، سوڈیم کلورین، سلفر، آئرن اور فاسفورس پائی جاتی ہے اس کے علاوہ شہد اپنے اندر وٹامن بی ون، بی ٹو، بی سکس، بی فائیو اور بی تھری کے علاوہ کاپر، آئیوڈین اور زنک بھی تھوڑی مقدار میں پایا جاتا ہے۔ خون کی کمی دور کرنے کیلئے وٹامن سی کی ضرورت ہوتی ہے۔ شہد میں وٹامن سی پایا جاتا ہے۔ (ریسرچ گیٹ) ایک اور جدید طبی تحقیق سے انکشاف ہوا ہے کہ شہد زبردست جراثیم کش خصوصیات رکھتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ مکھیاں مختلف جڑی بوٹیوں اور پودوں کے پھولوں کا رس چوس کر شہد بناتی ہیں۔ یوں کئی نباتات کے ادویاتی فوائد مل کر شہد کو قدرت کا تحفہ خاص بنا دیتے ہیں۔ ایک تحقیق کے مطابق خون کی کمی زیادہ تر خون میں آئرن کم ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے۔ جب صبح نیم گرم پانی کے ساتھ شہد استعمال کیا جائے تو خون کے سرخ ذرات بڑھنا شروع ہوجاتے ہے۔

# کمپیوٹر دماغ چاہیے تو میوہ کھائیے!

### فرمان حضرت امام علی نقی سلام اللہ ورضوانہ علیہ

”جو شخص یہ چاہے کہ اس کا حافظہ بڑھ جائے اسے چاہیے کہ روزانہ صبح تین تولہ (3 دانہ) مویز منقیٰ (میوہ/کشمش) کھالیا کرے۔“

### جدید سائنسی تحقیقات

1۔ امریکہ کی ریسرچ کے مطابق کشمش کے اندر بورون عنصر وافر مقدار میں پایا جاتا ہے۔ دن میں روزانہ 3.2 ملی گرام بورون لینا، دماغی صلاحیتوں کو بڑھا دیتا ہے۔

2۔ ماہرین کے مطابق کشمش کو رات میں ایک گلاس پانی میں بھگو کر اگلی صبح خالی پیٹ کھالینا دماغ اور جسم کے لیے انتہائی فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔

3۔ ایک اور ریسرچ کے مطابق کشمش دماغ کی صلاحیتوں کو بہتر کرتی ہے۔

4۔ ایک اور جدید ریسرچ کے مطابق کشمش دماغ کے لیے بہت زیادہ فائدہ مند ہے۔ کیونکہ اس سے بورون بہت زیادہ حاصل ہوتے ہیں، جو دماغی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے بہت زیادہ مفید ہیں۔ اس حاضر دماغی اور حافظہ بہترین ہوجاتا ہے۔

5۔ جدید ریسرچ کے مطابق 12 دانے کشمش (منقیٰ) صبح ناشتے میں کھائے جائیں تو دماغی طاقت بڑھتی ہے' ڈیپریشن کے مریضوں کو آزمایا گیا تو ان کو ذہنی سکون ملا' اس کے علاوہ جسمانی طاقت میں بھی افاقہ ہوا۔ خاص طور پر بچوں کیلئے بہت مفید پائی گئی۔

# مسافر بس یا چنگ چی رکشے میں گانے بند کروانے کا جادوئی نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو اور آپ کی نسلوں کو تا قیامت خیر و عافیت عطا فرمائے۔ آپ نے ایک درس میں زم زم کے بارے میں بتایا تھا میں نے یہ الفاظ پڑھ کر بہت فائدہ پایا ہے۔ میری چھوٹی بیٹی جب دو تین ماہ کی تھی تو وہ جب بھی روتی تھی تو میں اپنا منہ اس کے کان کے قریب کر کے زم زم پڑھنا شروع کر دیتا تھا تو وہ چپ ہو جاتی تھی۔ دو یا تین بار گاڑی میں سفر کے دوران بھی یہ الفاظ آزمائے' میں روزانہ کام کے سلسلہ میں لاہور آتا ہوں تو اکثر ڈرائیور حضرات گاڑی میں گانے لگا دیتے ہیں گانوں سے مجھے بہت کوفت ہوتی ہے تو میں زم زم پڑھنا شروع کر دیتا ہوں اور ساتھ دعا بھی کرتا ہوں تو وہ گانا بند کر دیتے ہیں۔ ایک دفعہ شادی کے سلسلہ میں لاہور سے خانیوال جانا ہوا۔ جب شام کو واپسی ہوئی تو ڈرائیور نے گانے لگا دیئے تو مجھے بہت تکلیف ہوئی کہ اب لاہور تک تین چار گھنٹے تک گانے سننا ہوں گے تو میں نے زم زم پڑھنا شروع کر دیا اور ساتھ پہلا کلمہ پڑھ کر اس کو ہدیہ بھی کرتا رہا لیکن گانے چلتے رہے آدھا گھنٹہ تک گانے چلتے رہے دوسرے لوگ آپس میں باتیں کرتے رہے لیکن گانوں کی وجہ سے مجھے بہت تکلیف ہو رہی تھی۔ پھر میں نے اسم اللہ کا ورد شروع کر دیا۔ صرف چند منٹ پڑھنے کی دیر تھی کہ ڈرائیور نے میوزک بند کر دیا اور سارے راستے اس نے میوزک دوبارہ نہیں چلایا اور ہم سب خیریت سے رات کو لاہور پہنچ گئے یہ سب اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم تھا کہ واپسی کا سفر بغیر گانوں کے طے ہوا۔ (مبشر اقبال، لاہور)

### بڑھاپے میں کم سنائی دینا

اگر کسی آدمی کی سننے کی طاقت کم ہوگئی ہو اور اسے کم سنائی دیتا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد 41 بار مندرجہ ذیل آیت باوضو پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تین مرتبہ ہاتھ اپنے چہرے پر اور کانوں پر پھیر لے۔ 41 روز بلا ناغہ عمل کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ کان کی قوت سماعت بحال ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:۔ فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ط (حم سجدہ 12)

نوٹ: قارئین یہی عمل نومبر 2020ء کے صفحہ نمبر 11 میں شائع ہوا جس میں قرآنی آیت کا لفظ سَبْعَ کی جگہ سَبَعَ چھپ گیا' غلطی کی اصلاح فرمالیں۔

نوجوان شفاء!
• قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ • خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
• کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے • نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
• شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند • منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن
قیمت صرف 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

حرمین جانے کے خواہشمند! ہجویری محل چلیے!

# مسلسل درد میں مبتلا تھا صحت بحال ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 40 سال ہے اور میں رعشہ، کمر، پٹھوں کے درد کا پچھلے تین سال سے شکار تھا اس کے علاوہ بچپن میں پولیو کے باعث میں ایک ٹانگ سے لنگڑا کر چلتا ہوں۔ ایک کارخانے میں ملازم ہوں جہاں کرسی پر بیٹھ کر کام کرتا ہوں جس کے باعث مہروں میں بھی کبھی کبھی درد ہونا شروع ہو جاتا تھا۔ اچھے سے اچھے ڈاکٹرز سے چیک اپ کروایا لیکن کوئی فرق نہیں پڑا۔ تنگ آ کر صرف اور صرف پین کلر استعمال کرنا شروع کر دی۔ میرے ساتھ کارخانے میں ایک نوجوان کام کرتا تھا اس نے کئی بار مجھ سے کہا کہ چچا جی! آپ کسی اچھے سے حکیم سے دوائی لیں کیونکہ دیسی ادویات میں بہت فوائد ہے اور ان کا کوئی نقصان بھی نہیں ہے۔ اس کے بے حد اصرار پر میں نے اس کے ساتھ جانے کی حامی بھر لی شام پانچ کے بعد وہ مجھے اپنی موٹر سائیکل پر بیٹھا کر شاہدرہ سے مزنگ چونگی لے آیا جہاں عبقری دواخانے میں اس نے اسسٹنٹ حکیم صاحب سے میرا چیک اپ کروایا۔ اسسٹنٹ صاحب نے مکمل چیک اپ کیا جس سے میں بہت مطمئن ہوا انہوں نے مجھے معجون شفاء یابی استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں دو ڈبی لے کر گھر آ گیا اور دوائی کا مستقل مزاجی سے استعمال کیا دو ڈبی کے استعمال سے مجھے کافی فرق محسوس ہوا اور تین ڈبی اور لے آیا مہروں کا درد جو کبھی کبھار ہوتا تھا وہ ختم ہو گیا اس کے ساتھ ساتھ کمر درد پٹھوں کے درد میں بھی بہت فرق محسوس ہوا۔ شفایابی کے مستقل استعمال سے میری صحت بحال ہوگئی ہے۔ (ظہور احمد، شاہدرہ)

# کمزور جسم سے چھٹکارا صحتمند اور توانا نظر آنے لگی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں جسمانی طور پر انتہائی کمزور لڑکی تھی۔ رشتے کے لیے کوئی بھی آتا دیکھ کر چلا جاتا کوئی جواب نہ دیتا۔ رنگ بھی میرا ماند پڑا ہوا تھا حالانکہ مجھے کوئی بھی معدے کی یا دوسری بیماری نہ تھی پھر بھی میں بالکل کمزور میری سہیلیاں بھی میری کمزوری پر اکثر مذاق اڑایا کرتی تھیں۔ میں نے جسم کو فربہ اور صحت مند کرنے کے لیے کافی میڈیسن اور سیرپ کا بھی استعمال کیا لیکن کوئی فرق محسوس نہ ہوا۔ میں ذہنی طور پر پریشان تھی کہ کروں تو کیا کروں؟ ایک روز میری امی کی سہیلی گھر آئی تو میری امی نے میرے متعلق بات کی کہ یہ صحت مند نہیں ہوتی تو انہوں نے کہا کہ میری بیٹی بھی بالکل تمہاری بیٹی جیسی تھی مجھے کسی نے عبقری دواخانے کی ''اکسیر البدن'' کے استعمال کا کہا میں نے پانچ ڈبی اپنی بیٹی کو استعمال کروائی اب جو بھی اس کو دیکھتا ہے وہ کہتا ہے کہ کیا یہ وہی کمزوری سی پتلی سے لڑکی ہے؟ تو امی نے کہا مجھے بھی لا دو تو انہوں نے عبقری دواخانے کا نمبر دیا کہ یہاں کال کر کے آپ گھر بھی دوائی منگوا سکتے ہیں میں نے عبقری دواخانے کال کی اور دو ڈبی کا آرڈر دیا اگلے روز دوائی پارسل کے ذریعے ہمیں مل گئی۔ اس کے اوپر لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق میں نے دوائی کا استعمال کرنا شروع کیا اور دوائی کھانے کا اتنا خیال رکھتی کہ میں گھنٹے گنتی کہ دوائی کھانے میں اتنا ٹائم رہ گیا ہے کیونکہ میں اپنے کمزور جسم کو لے کر بہت زیادہ پریشان تھی۔ دو ڈبی ختم ہونے پر مجھے اس کے فوائد ملنا شروع ہو گئے تو میں نے دو اور ڈبی منگوا لیں شکر ہے اللہ کا چار ڈبی کے استعمال سے میں جسمانی طور پر صحت مند بھی ہوگئی اور چہرے پر رونق بھی گئی۔ اس کے بعد تو میری جو بھی سہیلی مجھے دیکھتی اور کہتی کہ کیا تم وہی ہو؟ مجھے اکسیر البدن سے فائدہ ملا اور میرا رشتہ بھی طے ہو گیا میں سمجھتی ہوں کہ میرا رشتے کی وجہ بھی ''اکسیر البدن'' ہے جس نے مجھے کمزور جسم سے چھٹکارا دلوایا۔ (فوزیہ قریشی، دینہ)

# صرف ایک ٹانک میرے گھر کی ضرورت!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سردی شروع ہوتے ہی نزلہ، زکام، کھانسی اور بخار عام سی بات ہے۔ جس کے لیے میرے گھر میں کھانسی کا شربت، بخار کا شربت، زکام کا شربت ہر وقت موجود رہتے ہیں کیونکہ بچوں والا گھر ہے کوئی نہ کوئی بچہ کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا ہوتا رہتا ہے۔ میری الماری ادویات سے بھری ہوتی ہے لیکن گزشتہ ماہ سے تمام ادویات کی جگہ ''لال قلعہ شاہی ٹانک'' نے لے لی ہے اس میں اتنے فوائد چھپے ہے کہ میں بتا نہیں سکتی۔ لال قلعہ شاہی ٹانک سے میری شناسائی کچھ اس طرح ہوئی کہ لاہور سے میرے چچا کی بیٹی میرے گھر اسلام آباد رہنے آئی تو اس کے بیگ میں لال قلعہ شاہی ٹانک دیکھا تو اس سے پوچھا کہ یہ لال قلعہ کیا ہے؟ تو اس نے بتایا کہ میں جہاں بھی جاتی ہو اس کو ساتھ رکھتی ہو کیونکہ بچے اکثر کھانسی نزلہ بخار میں مبتلا ہو جاتے ہے تو یہ لال قلعہ شاہی ٹانک اس میں بہت مفید ہے مجھے ڈھیر سارا شاپر ادویات کا سفر میں رکھنا نہیں پڑتا۔ اس سے متاثر ہو کر میں نے اس سے کہا کہ میری بھی الماری ادویات سے بھری پڑی ہے اب میں بھی ایک ڈاکٹر ہی بن گئی ہوں کیونکہ میرے تین بچے ہیں ہر روز کوئی نہ کوئی بچہ کھانسی یا نزلہ میں مبتلا ہو ہی جاتا ہے۔ تو اس نے مجھ سے کہا کہ یہاں اسلام آباد میں عبقری دواخانے کی ایجنسی ہے وہاں سے منگوا لو تو میں نے اپنے شوہر کو بتایا تو وہ دو دن بعد لال قلعہ شاہی ٹانک لے آئے بچوں کو استعمال کروایا واقع ہی فائدہ مند ثابت ہوا بس اس دن سے میرے گھر میں لال قلعہ شاہی ٹانک ہر وقت موجود رہتا ہے بچوں کے ساتھ ساتھ میں بھی شاہی ٹانک استعمال کرتی ہوں جس سے دن بھر کی تھکن اتر جاتی ہے اور جسم کو سکون سا محسوس ہوتا ہے۔ ایک ڈبی میرے شوہر نے آفس میں بھی رکھی ہوئی ہے اکثر استعمال کرتے ہیں۔ (زوجہ ارشد مرزا، اسلام آباد)

## قارئین کی شکایت عبقری کی ادویات

قارئین شکایت کرتے ہیں کہ سیرپ یا شہد کا رنگ کبھی گہرا کبھی ہلکا' سیرپ کا قوام کبھی پتلا کبھی گاڑھا۔ ذائقہ کبھی زیادہ کڑوا کبھی کم! ادویات کے پاؤڈر کے رنگوں میں بھی کمی و بیشی۔ اس طرح کی بے شمار اور شکایات! دراصل قارئین! ہاتھ سے تیار ہونے والی دوائی اپنی ایک مکمل اور جامع تاثیر رکھتی ہے۔ مشین سے تیار ہونے والی دوائی کا انداز اور ہوتا ہے۔ یہ کمی بیشی نہ اجزا میں ہے نہ تاثیر میں ہے بلکہ موسم کی سردی گرمی کبھی مواد کو پگھلا دیتی ہے کبھی سکیڑ دیتی ہے۔

مشروب عبقری افزا (لونلا' لونلا فالص)
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 230 روپے علاوہ ڈاک خرچ
کرشماتی ٹوپی' ڈوپٹہ! ہجویری محل چلیے!

☆ عبقری کتب' ادویات' گھر بیٹھے منگوائیں۔ کال کریں: 0332-7552382 ☆ ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی ☆ عبقری ادویات' رسالہ یا ایجنسی سے متعلق تجاویز شکایات: صرف میسج 0343-8710009

## چھوٹی سی گولی کا استعمال، پانچ منٹ میں طبیعت بحال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کاروبار کے سلسلہ میں اکثر شہر جانا پڑتا ہے۔ سفر کے دوران الٹی آنا عام سی بات تھی جس سے میں تو پریشان ہوتا ہی ساتھ سفر کرنے والے مسافر بھی پریشان ہوتے جس سے مجھے بہت شرمندگی سے محسوس ہوتی۔ اکثر میں اُلٹی بند کرنے کیلئے انگریزی دوائی کا استعمال کرتا جس سے کبھی افاقہ ہوتا اور کبھی نہ بھی ہوتا زیادہ تر مجھے مری جاتے ہوئے مشکل کا سامنا کرنا پڑتا کیونکہ مری جاتے ہوئے سڑک اوپر نیچے ہے جس سے سر گھومنا شروع ہو جاتا اور بس پھر طبیعت خراب الٹی آ جاتی۔ ایک سفر کے دوران میری جب ایسی پوزیشن ہوئی تو ساتھ بیٹھے مسافر نے پوچھا کہ بھائی کیا ہوا تو میں نے اس سے کہا کہ آپ پچھلی سیٹ پر چلے جائیں میری طبیعت خراب ہو رہی ہے کسی بھی وقت مجھے الٹی آ سکتی ہے۔ وہ اٹھ کر پچھلی سیٹ پر چلا گیا اور مجھے کہنے لگا بھائی میرے پاس ایک دوائی ہے کھالو ان شاء اللہ ابھی پانچ منٹ میں تمہاری طبیعت ٹھیک ہو جائے گی میں پہلے سوچ میں پڑ گیا کیونکہ میں سفر میں تھا اور عجیب سے خیال آ رہے تھے لیکن اس کے چہرے کو دیکھ کر نہیں لگتا تھے کہ وہ ایسا ویسا انسان ہے خیر میں نے حامی بھری اس نے ایک چھوٹی سی ڈبی میں سے ایک چنے کے برابر گولی دی اور کہا کہ یہ منہ میں رکھا کر چوسنا شروع کر دیا پانی سے نگل لو۔ میں نے چوسنا شروع کی میں حیران ہو گیا کہ واقعی پانچ منٹ میں میری طبیعت بحال ہو گئی میں نے اس مسافر کا شکر ادا کیا اور اس چھوٹی سی ڈبی میں موجود دوائی کا نام پوچھا تو انہوں نے ''ستر شفائیں'' بتایا اور دوائی خریدنے کی جگہ بھی بتائی اور ساتھ میں عبقری رسالہ بھی دیا پھر سفر کے اختتام تک میں عبقری کا مطالعہ کرتا رہا بہت ہی اچھا رسالہ ہے۔ اب ہر ماہ نئے شمارے کا انتظار رہتا ہے اس کے علاوہ عبقری دواخانے کی مختلف ادویات بھی میرے استعمال میں ہیں جس سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ (محمد جنید، گوجرانوالہ)

## دوست کے صحیح مشورے نے میرے بکروں کو بچالیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا پچھلے ایک سال سے پڑھنے والا ہوں۔ عیدالاضحی گزرتے ہی میں نے پانچ بکرے پالنے کے لیے خریدے تاکہ اگلی عیدالاضحی تک تیار ہو جائیں دو کی قربانی کردوں اور تین کو اچھی قیمت پر فروخت کردوں۔ پہلے دو ماہ تو بکرے ٹھیک رہے پھر اچانک سے پانچوں نے جگالی کرنا بند کر دی کھانا پینا چھوڑ دیا اور موشن بھی پتلے کرنا شروع کر دیئے میں نے مویشیوں کے ڈاکٹرز سے مشورہ کیا انہوں نے ایک ایک انجکشن لگایا اور ایک دوائی دی جو میں نے بڑی مشکل سے بکروں کو دی لیکن دو تین دن گزرنے کے بعد بھی بکرے ٹھیک نہیں ہوئے پھر میں نے اپنے ایک دوست کو فون کیا لاہور جو اکثر بکرے رکھتا تھا اب نہیں رکھتا اس نے کہا کچھ بھی نہ کرو فوری جھنگ میں موجود عبقری ایجنسی پر جاؤ اور ان سے ''جانور شفاء'' لے آؤ۔ اس نے مجھے پتہ دیا اور میں فوری لے آیا اور لکھی گئی ترکیب کے مطابق بکروں کو دوائی دینا شروع کی ماشاء اللہ سے دو دن میں میرے بکرے دوبارہ صحت مند ہو گئے پتلے پوشن رک گئے کھانا پینا شروع کر دیا۔ میں نے دوست کو فون کیا اور شکریہ ادا کیا اس نے کہا کہ جب بھی کوئی چھوٹا موٹا مسئلہ ہو تم بکروں کو بس جانور شفاء دینا اگر زیادہ مسئلہ ہو جائے تو ڈاکٹر پاس لے جانا۔ ماشاء اللہ سے اب میرے بکرے بالکل ٹھیک ہیں اور دن بدن ان کا وزن بھی بڑھ رہا ہے۔ (رانا گلفام، جھنگ)

## وقت پر مرض کی تشخیص، چندماہ میں ہیپاٹائٹس ختم ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ کے پچھلے دو سال سے پڑھ رہا ہوں بہت ہی لاجواب رسالہ ہے اس میں دیئے گئے ٹوٹکے اور نسخہ جات واقعی کمال کے ہیں ایک دو نسخے میں خود استعمال کیے بہت فائدہ ہوا۔ گزشتہ دن پہلے میرا ایک دوست ارشد وسیم مجھے ملا میں نے دیکھتے ہی اس سے کہا بھائی تمہارا چہرہ تو پیلا پڑا ہوا ہے لگتا ہے تم ہیپاٹائٹس کا شکار ہو تو وہ مجھے حیران کن نظروں سے دیکھنے لگ گیا اور کہنے لگا کہ ایسی کوئی بات نہیں میں ہیپاٹائٹس کا شکار نہیں ہوں میں نے اس کو کافی سمجھایا اور اس کو لیبارٹری لے آیا جب اس کا ٹیسٹ کروایا تو واقعی وہ ہیپاٹائٹس کا شکار تھا۔ ٹیسٹ دیکھ کر وہ بہت پریشان ہوا میں نے اس اس کو حوصلہ دیا اور اسے عبقری دواخانے کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' اس کے ہاتھ میں تھما دیا اور کہا کہ اس کا مستقل استعمال کرو کیونکہ ابھی ہیپاٹائٹس تمہارے اوپر مکمل قبضہ نہیں کر سکا شکر ہے اللہ تعالیٰ کا کہ جلد تشخیص ہو گی۔ میرے کہنے پر ارشد وسیم نے ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' کی سات بوتل مستقل مزاجی سے استعمال کیں۔ استعمال کے بعد اس نے کہا کہ اب میں ٹیسٹ کرواتا ہوں جب ٹیسٹ کروایا تو ہیپاٹائٹس کا مرض ختم ہو گیا اور میرا شکریہ ادا کرنے لگ گیا کہ تم وقت پر نہ بتاتے تو شاید یہ مرض مزید بڑھ جاتا۔ (غلام حسین، لاہور)

عبقری کا شہد سو فیصد خالص ہے موسمی تبدیلی کی وجہ سے شہد کا جمنا فطری عمل ہے۔ مصنوعی اور ملاوٹ نہ سمجھی جائے۔ قارئین! اعتماد سے عبقری کی ادویات استعمال کر رہے ہیں ہم قارئین کے مشکور ہیں۔ (ادارہ عبقری)

## بچوں کو دودھ پلانے اب آسان ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دو بچے ہیں پانچ سال اور ایک سات سال کا گھر کی بنائی گئی کوئی بھی چیز نہیں کھاتے باہر کی چیزیں شوق سے کھاتے ہیں یہاں تک کہ رات سوتے وقت انہیں دودھ پلانا مشکل ہو جاتا بمشکل آدھا آدھا گلاس دودھ پیتے اور وہ بھی رو رو کر۔ میں بہت ہی پریشان تھی کیونکہ دودھ میں ہر قسم کی غذائیت ہے اگر وہ دودھ نہیں پئیں گے تو وٹامن سے محروم رہیں گے۔ دودھ کا گلاس دیکھتے ہی رونا شروع کر دیتے تھے جیسے دودھ نہیں دوائی ہے۔ ایک روز فیس بک کا استعمال کر رہی تھی تو عبقری دواخانے کی جانب سے اپ لوڈ کی گئی ایک پوسٹ آنکھوں کے سامنے سے گزری جس میں مشروب عبقری افزاء کا ذکر تھا میں اس سے متاثر ہوئی اور دماغ میں ایک آئیڈیل آیا کہ کیوں نہ دودھ میں عبقری افزاء ملا کر بچوں کو دیا جائے۔ پوسٹ کے نیچے دیئے گئے نمبر پر کال کی تو مجھے کراچی ایجنسی کا نمبر دیا گیا میں نے کراچی ایجنسی پر کال کی تو میں بہت خوش ہوئی ایجنسی بالکل میرے گھر کے پاس تھی میں فوراً گئی اور دو بوتل لے آئی۔ رات سونے سے قبل میں نے عبقری افزاء دودھ مکس کیا بچے دیکھتے ہی رونا شروع انہوں نے سمجھا دودھ ہے؟ میں نے ان کو پیار سے کہا بیٹا یہ شربت ہے میٹھا دونوں میری طرف متوجہ ہوئے ماشاء اللہ سے دونوں نے اپنا اپنا گلاس ختم کیا اور مجھے میری مشکل کا حل مل گیا اب دودھ عبقری افزاء ملا کر بچوں کو دیتی ہوں بچے شوق سے پیتے ہیں۔ (صفیہ کوثر، کراچی)

الرجی کھانسی ناک بہنا یا بند ہونا، جسم میں درد، دماغی بوجھ، سستی، کاہلی، بخار، ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا، بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
جوش جوشاندہ — ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل
بے گناہ قید سے رہا! ہجویری محل چلیے!

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

## کاش میں گھر بسا لیتی!

میں ریٹائرڈ ہیڈ مسٹریس ہوں۔ بھائیوں کو پڑھا لکھا کر شادی کردی، خود بیاہ نہیں کیا، بس ایک گھر بنالیا۔ اب احساس ہوتا ہے کہ مجھے گھر بسانا چاہیے تھا۔ اس وقت میرے عزیز و اقارب کی نظریں میری دولت اور گھر پر جمی ہیں۔ لگتا ہے چاروں طرف گدھ بیٹھے ہیں جو میرا دم نکلتے ہی سب کچھ ہڑپ کرلیں گے۔ میں بہت پریشان ہوں گھر والوں نے علیحدہ تنگ کر رکھا ہے۔ (م۔ط، بہاولپور)

مشورہ: آپ فی الحال اپنا گھر فروخت نہ کیجئے۔ ابھی تو آپ اس میں عزت سے بیٹھی ہیں۔ کوئی بھی آپ کو اپنے ہاں نہیں رکھے گا۔ ویسے بھی آپ کو بیماریاں چمٹی ہوئی ہیں۔ ابھی تو نوکرانی آپ کا سارا کام کردیتی ہے، بھروسہ کی ہے یہ بھی اللہ کی نعمت ہے۔ آپ جسے مستحق سمجھتی ہیں اسے مرنے کے بعد گھر اور دولت دے دیجئے پہلے نہیں ورنہ آپ اس عمر میں ٹھوکریں کھائیں گی۔ جب تک زندگی ہے اپنے گھر میں رہیے۔ آپ نے تمام جوانی دوسروں کے لیے گزار دی اور بہت کچھ صدقہ خیرات کیا، اس کا اجر یقیناً اللہ آپ کو آخرت میں دے گا، نیکی رائیگاں نہیں جاتی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو حوصلہ ہمت اور صحت عطا فرمائے۔

## کافی پینے کا نتیجہ

میں رات دیر تک جاگ کر پڑھتی ہوں۔ چار پانچ پیالیاں کافی پینے سے مجھے نیند نہیں آتی، لیکن چند دن سے محسوس کررہی ہوں کہ میرا نظام انہضام صحیح نہیں رہا۔ بھوک نہیں لگتی اور جسم میں سنسنی محسوس ہوتی ہے۔ کہیں یہ کافی پینے کا نتیجہ تو نہیں؟ (ارم، اسلام آباد)

مشورہ: کافی چائے کی طرح کا مشروب ہے جسے پینے سے توانائی ملتی ہے نیز سستی اور تکان جاتی رہتی ہے۔ اکثر نبض بھی تیز ہوتی ہے لیکن کافی کبھی کبھی پی جائے تو ٹھیک ہے دن میں چار پانچ پیالیاں پینا تو بے حد نقصان دہ ہے۔ اس کے زیادہ استعمال سے سردرد کی شکایت ہوجاتی ہے نیز بے خوابی اور دیگر کئی مرض جنم لیتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ کافی مختلف لوگوں پر مختلف طریقے سے اثر انداز ہوتی ہے۔ اس کا زیادہ استعمال بہرحال مفید نہیں۔ جو لوگ کافی کو نشہ بنالیں، انہیں چاہیے کہ تازہ پھلوں کا رس نوش کریں۔ سبزیاں، انڈے اور مچھلی کھائیں، یوں کافی کا نشہ تنگ نہیں کرتا۔ دودھ میں شہد ڈال کر پینا بھی مفید ہے۔ بعض لڑکیاں اپنے پاس سونف، مصری، بادام، چار مغز اور چھوٹی الائچی کے دانے ملا کر رکھتی ہیں، مصری زیادہ ڈالتی ہیں۔ آپ بھی ایسا کیجئے کچھ کھاتی رہیں گی تو نیند نہیں آئے گی۔

## خون کی کمی چقندر سے پوری کیجئے

میرا بیٹا سال بھر سخت بیمار رہا۔ وہ میٹرک میں ہے۔ اس کی کمزوری باوجود دوائیوں کے دور نہیں ہورہی۔ آپ کوئی ایسی غذا بتایئے جس سے وہ جلدی ہی صحت مند ہوجائے۔ (بیگم نبی احمد، راولپنڈی)

سردی کا موسم ہے۔ چقندر بازار میں دستیاب ہیں جن میں طبی افادیت بہت ہوتی ہے۔ ان میں الکلی عناصر یعنی پوٹاشیم، کیلشیم، میگنیشیم اور آئرن موجود ہیں۔ جو تیزابیت دور اور بدن سے فاسد مادے کا اخراج کرتے ہیں۔ سرخ چقندر انسانی خون بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ کمی خون (انیمیا) کے مریضوں کے لیے چقندر مفید ہے۔ جرمنی کے محققین کی رائے ہے کہ جوان بچوں اور بچیوں کے علاج میں جہاں دوسری ادویہ کام نہ کریں۔ چقندر انتہائی موثر ثابت ہوتا ہے۔ چقندر کے پتے پھینکنے نہیں چاہئیں۔ آپ تروتازہ نرم پتوں کی بھجیا بنا سکتی ہیں۔ چقندر کا جوس ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کے لیے مفید ہے۔ دل کے والو تنگ ہو جائیں، شریانوں کی بندش ہو۔ آپ اپنے بیٹے کو چقندر کا جوس پلایئے۔ ایک چقندر بھاپ میں پکا کر اس کی سلاد کھلایئے۔ چند روز میں آپ کا بیٹا صحت مند ہوجائے گا۔ چقندر میں موجود لوہے کی وافر مقدار خون کے سرخ ذرات کو نئے سرے سے تخلیق کرے گی۔ شریانوں کی بندش ہو، دل کی مختلف تکالیف ہوں تو چقندر کا جوس موثر علاج ہے۔ کہتے ہیں چقندر کے ایک گلاس کے جوس میں ایک چمچہ شہد ملا کر نہار منہ پیا جائے تو معدے کا السر آہستہ آہستہ مندمل ہوجاتا ہے۔ اپنے معالج سے مشورہ کر کے اس کا استعمال کیجئے۔ آپ چقندر کی سلاد بنا سکتی ہیں۔ چقندر چھیل کر ٹکڑے بھاپ میں چار پانچ منٹ گلا کر اس میں کھیرے کے قتلے اور لیموں شامل کیجئے۔ پتوں والے چقندر قیمہ یا گوشت میں پکایئے۔

## چاکلیٹ بری نہیں مگر

میری بیٹی کو چاکلیٹ بہت پسند ہے کالج جائے تو اس کے بیگ میں ضرور ہوتی ہے۔ ابھی تک وہ دبلی پتلی ہے لیکن مجھے لگتا ہے چاکلیٹ مسلسل کھانے سے وہ موٹی ہوجائے گی، پھر دانت بھی خراب ہوں گے میں اسے کیسے منع کروں؟ (بیگم فاروق حسین، لاہور)

مشورہ: چاکلیٹ اتنی بری نہیں ہاں ہر چیز کی زیادتی نقصان دہ ہے عام لوگوں کا خیال ہے کہ چاکلیٹ کھانے سے دانت خراب ہوتے ہیں اس میں بھی صداقت نہیں۔ بس چاکلیٹ کھانے کے بعد دانت صاف کرلیجئے۔ ویسے بھی ہر کھانے کے بعد دانت صاف کرنے چاہئیں، یہ ایک اصول ہے۔ بیٹی سے کہیے کہ چاکلیٹ ضرور کھاؤ مگر زیادہ نہیں۔ اسے اعتدال کے ساتھ کھایا جائے تو فائدہ ہوتا ہے۔

## چہرے پر لکیریں

میری عمر 27 سال ہے شادی میں چند ماہ باقی ہیں۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ چہرے پر لکیریں ہیں اور پورا چہرہ کھردرا نظر آتا ہے۔ (سکندر حیات، گوجرانوالہ)

مشورہ: بازاری کھانوں سے پرہیز کیجئے۔ چکنائی بالکل نہ کھایئے اور گھیکوار (ایلوویرا) کی شاخ کا تقریباً تین چمچ گودا نکالیے اور اس میں آدھا لیموں کا رس ملایئے۔ پھر پورے چہرے پر دس منٹ تک مالش کیجئے۔ نیچے سے اوپر کی طرف اور پھر گولائی میں۔ پانچ چھ منٹ آمیزہ چہرے پر لگا رہنے دیں پھر منہ دھولیں۔ چہرہ خشک ہو جائے تو عرق گلاب لگایئے اور اسے سوکھنے دیں۔ ہر چھٹے دن یہ عمل کیجئے۔ چہرہ صاف ہوجائے گا۔

## بیماریوں کی یلغار

میری عمر 52 سال ہے بچپن سے شب کوری کا مریض اور بلند فشار خون میں مبتلا ہوں۔ دل کی ایک شریان بھی بند ہے۔ نسیان کا مرض بھی ہے۔ (ن۔ا، نواب شاہ)

مشورہ: پھٹکری بھون لیں پھر اس کے برابر نوشادر لیں، دونوں چیزیں ہم وزن ہوں انہیں باریک پیس کر کپڑے سے چھان لیں۔ آمیزہ مثل غبار ہونا چاہیے رات کو سوتے وقت دو دو سلائی آنکھ میں لگایئے۔ یہ دو ڈھائی ہفتے کا علاج ہے۔ آنکھوں کی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ عبقری دواخانے کی دل شفاء، روشن دماغ اور آنکھ شفاء بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

نُورتن شفاء بواسیر' الرجی' بڑھا پیٹ' اٹھرا' خون کی خرابی' پھوڑے پھنسی' شوگر کے زخم' رسولی لاعلاج بیماریوں کا چاہے کینسر کی ہی ہو دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی آزمودہ شافی علاج (قیمت 200 روپے)

روحانی ہستیوں کی توجہات لیں! ہجویری محل چلیے!

# قوت مدافعت کو مضبوط تر بنانے کیلئے شملہ مرچ کھائیے!

شملہ مرچ نہ صرف سستی اور مزیدار بھی ہوتی ہے بلکہ یہ کثیر خصوصیات رکھنے والی ایسی سبزی ہے جسے کچا بھی کھایا جا سکتا ہے اور پکا کر بھی جبکہ یہ کسی بھی قسم کے سلاد میں ڈالنے کے لیے بھی بہترین ہے۔ اس کو آملیٹ، سالن، شوربے کے ساتھ ساتھ گوشت کی ڈشز میں بھی ڈالا جا سکتا ہے۔ شملہ یا پہاڑی مرچ چائنیز اور اٹالین کھانوں میں سب سے زیادہ استعمال ہوتی ہے اب اس کا استعمال پاکستانی کھانوں میں بھی ہونے لگا ہے۔ پہاڑی مرچ کھانوں میں اپنی خوشبو کے علاوہ اپنی رنگت کی وجہ سے بھی بہت پسند کی جاتی ہے۔ سبز کے علاوہ یہ زرد، اورنج اور لال رنگت میں بھی دستیاب ہے۔ پہاڑی مرچ کو کئی ناموں سے پکارا جاتا ہے۔ اس سبزی میں غذائیت بھرپور ہوتی ہے۔ صحت عامہ کے چند اہم مسائل میں بھی اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔

## صحت کے حوالے سے پہاڑی مرچ کے فوائد

(۱) پہاڑی مرچ آنکھوں کی بینائی اور جلد کی ہمواری کے لیے بھی مفید ہے۔ (۲) یہ سبزی زخم بھرنے کی صلاحیت رکھتی ہے جسم میں ہونے والے انفیکشن کا تدارک کرتی ہے۔

(۳) دل کی صحت کو بہتری کی جانب گامزن کرتی ہے جبکہ اسے کھانے سے بلڈ پریشر میں بھی کمی ہونے میں مدد ملتی ہے۔ (۴) یہ سبزی اینٹی آکسیڈنٹ پراپرٹیز سے مالا مال ہوتی ہے جس کے سبب انسانی ٹشوز اور سیلز تباہ ہونے سے محفوظ رہتے ہیں۔ (۵) یہ سبزی کولیسٹرول کی سطح کم رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ اسی لئے اسٹروک اور ہارٹ اٹیک کے خطرات سے تحفظ ملتا ہے۔ (۶) پہاڑی مرچ کھانے سے انسانی میٹابولزم پر نمایاں فرق پڑتا ہے یہ کیلوریز جلانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے اس لیے یہ ایسے افراد کے لیے بہترین ہے جو موٹاپے کا شکار ہیں اور اپنا وزن کم کرنا چاہتے ہیں۔

(۷) شملہ مرچ کا استعمال ٹھنڈ لگنے اور بخار کے علاج میں بھی معاون ثابت ہوگا۔ (۸) جن افراد کو قبض کی شکایت رہتی ہو وہ شملہ مرچ کا استعمال شروع کر دیں بہت جلد ان کو اس مرض سے نجات ملے گی۔ (۹) اگر شملہ مرچ کا استعمال باقاعدگی سے کیا جائے تو ان افراد کے لیے بہت اچھا رہے گا جو ذیابیطس کا شکار ہیں۔ (۱۰) یہ سبزی بیٹا کیروٹین سے لبریز ہے۔ اس کے علاوہ وٹامن اے سے بھی بھرپور ہے۔

(۱۱) شملہ مرچ میں یہ صلاحیت ہوتی ہے کہ کینسر کے خلیات اور ٹیومر کو آکسیجن کی فراہمی روک دیتی ہے جس سے یہ خلیات مردہ ہو جاتے ہیں۔ (۱۲) شملہ مرچ کا بیرونی استعمال بھی ہے جس سے کمر کے اکڑے ہوئے سیلز اور ریموٹزم کا علاج شامل ہے۔

## آنکھوں کے لیے مفید

یہ ایک اور فائدہ ہے جو وٹامن اے کی بدولت حاصل ہوتا ہے یہ قرنیہ چشم (آنکھ کی بیرونی سطح) کی حفاظت کرتا ہے اور پردہ بصارت (اندرونی حصہ) کو بہتر بناتا ہے، جس سے بینائی میں بہتری آتی ہے اور عمر بڑھنے کے ساتھ نظر میں کمزوری پیدا ہونے کا سلسلہ سست ہوتا ہے۔

## کینسر سے لڑائی میں مددگار

اسی طرح اس میں پائے جانے والے بہت چھوٹے مقوی ذرات اپنے اندر کینسر سے لڑنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔ شملہ مرچ کھانے سے جگر اور پراسٹیٹ کینسر کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔ تحقیق یہ بھی بتاتی ہے کہ جن کھانوں میں فلیوونوئڈز (سفید اور زرد مادوں پر مشتمل اجزا) شامل ہوں وہ بریسٹ کینسر کا سبب بننے والے خلیوں کا بڑھاؤ روکنے میں بھی مدد دے سکتے ہیں۔

## مدافعاتی نظام کی مضبوطی

شملہ مرچ وٹامن سی سے بھرپور ہوتی ہے۔ سرخ شملہ مرچ میں سنگترے سے تقریباً دوگنا زیادہ وٹامن سی پایا جاتا ہے جو کہ خون میں سفید ذرات کے لیے اہم ہے۔ جو کہ انفیکشن سے لڑنے کے لیے ضروری مانے جاتے ہیں۔ جب جسم وٹامن سی بنانے یا سٹور کرنے کے قابل نہیں رہتا تو ضروری ہوتا ہے کہ اسے خوراک سے حاصل کیا جائے۔

## اچھی جلد

یہ خوش ذائقہ 'سبزی' بیٹا کیروٹین سے لبریز ہوتی ہے جس کی وجہ سے شملہ مرچ خوش رنگ بھی نظر آتی ہے۔ جسم میں جا کر بیٹا کیروٹین وٹامن اے میں تبدیل ہو جاتا ہے جو تیزی سے شفایاب ہونے میں مدد دیتا ہے۔ یہ وباؤں سے محفوظ رکھتا ہے اور جلد میں نمی کو برقرار رکھتا ہے۔ اسی طرح وٹامن اے ہی ڈرمس اور اپی ڈرمس یعنی جلد کی دو تہوں کی حفاظت بھی کرتا ہے۔ وٹامن سی جسم میں کولاجن بننے میں بھی مدد دیتا ہے جو جلد کو بنیاد فراہم کرتا ہے اور جھریاں کم کرنے میں بھی مددگار ہے۔ (عبدالرزاق، کراچی)

# منفی سوچ ہاضمے کیلئے انتہائی خطرناک

رافعہ حسین، خیرپور میرس

ذہنی سوچ و فکر اور جسمانی نظام کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہے۔ ذہنی اتار چڑھاؤ سے اضطراب کی کیفیت رونما ہوتی ہے۔ جس سے ہاضمے کے نظام کو خاص طور پر نقصان پہنچتا ہے۔ اسی لیے ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ کھانا کھاتے وقت ماحول خوشگوار رکھا جائے کھانا کھاتے وقت اگر کوئی ناخوش گوار واقعہ رونما ہو جائے تو سب سے پہلے ہمارے نظام ہضم پر اس کا منفی اثر ہوتا ہے۔ ناخوشگوار واقعے کے اثر سے معدے کے اوپری حصے پر نامعلوم سی بے چینی محسوس ہونے لگتی ہے۔ بعض اوقات متلی یا قے کی شکایت بھی محسوس ہو سکتی ہے۔ بھوک اڑ جاتی ہے اور دماغ بوجھل ہو جاتا ہے بچوں میں یہ کیفیات بڑوں کے مقابلے میں زیادہ شدت سے دیکھنے میں آتی ہیں۔

## سچ بولیں ذہنی امراض سے بچیں

ریسرچ سے یہ بات ثابت ہوئی کہ جو لوگ سچ بولتے ہیں ان میں سردرد کی بیماری نہیں ہوتی۔ جبکہ جھوٹ بولنے والے لوگوں میں دماغی امراض میں سے پہلی بیماری سردرد ہی پائی جاتی ہے۔ سچ بولنے سے یعنی جو لوگ عام زندگی میں سچ ہی بولتے ہیں ان میں دماغی بیماریوں سے بچنے کے 56 فیصد چانس ہوتے ہیں اور جو ہر وقت جھوٹ بولتے ہیں ان میں اتنے ہی بیماری ہونے کے خطرات ہوتے ہیں۔ جھوٹ بولتے وقت دماغ کے تین حصے کام کرتے رہتے ہیں پھر اس جھوٹ کو بچانے کے لیے جتنے جھوٹ بولنے پڑتے ہیں اس وقت بھی دماغ کے یہی تین حصے لگاتار اور بہت کام کرتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ جھوٹ پکڑے جانے کا خوف بھی طاری رہتا ہے۔ یوں ذہن تھک جاتا ہے سردرد رہتا ہے اور پھر دماغی بیماریاں ہوتی ہیں۔

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنائیے
معدہ میں درد ہو معدہ کا کینسر ہو تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
زندگی سے نحوست ختم! ہجویری محل چلیے!

# جادو واپس پلٹ جاتا ہے! میرا تجربہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھ پر کسی نے جادو کروادیا' جادو کروانے والے کا نہ معلوم ہورہا تھا اور نہ ہی جادو ٹوٹ رہا تھا' زندگی سسک سسک کر چل رہی تھی' روز جیتا تھا اور روز مرتا تھا' کہیں سکھ کا سانس نہ ملتا تھا۔ پھر مجھے کسی نے سورۂ توبہ کی آخری دو آیت کو کثرت سے پڑھنے کا کہا' میں نے تعداد پوچھی تو انہوں نے کہا بس ہر پل' ہر لمحہ تیری زبان پر یہی دو آیات ہوں۔ میں نے پڑھنا شروع کردی' یقین کیجئے چند دنوں میں جادو کرنے والے کا پتہ چلا' نا صرف پتہ چلا بلکہ وہ جادو اس پر واپس پلٹا' اس کی حالت مجھ سے زیادہ بدتر ہوئی اور میں بالکل ٹھیک ہوگیا بلکہ مزید آسانیاں اور رب کا فضل ہونا شروع ہوگیا۔ الحمدللہ۔

## حفاظت کے لیے

بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ آتے جاتے پڑھنے سے حفاظت ہوتی ہے کئی مرتبہ راستے میں پٹرول ختم ہونے یا بائیک خراب ہونے پر پڑھا اور سڑک کے کنارے کھڑا کرکے چلا گیا اور اپنے کام کرنے کے بعد میں جاکر پٹرول ڈال کر یا مکینک کو بھیج کر واپس منگوائی چوری کرنے یا نقصان ہونے کا دل میں خیال تک نہ آیا۔ (م۔ف' رحیم یار خان)

# بچوں کے ختنے آرام سے ہوں گے! میں آزما چکی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' ہمارے گاؤں میں عبقری بہت زیادہ پڑھا جاتا ہے اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ مخلوق خدا کی جو خدمت عبقری رسالہ کررہا مجھے یقین ہے کہ ایسا فلاحی خدمت کرنے والا رسالہ کوئی اور نہ ہوگا۔ ہمیں عبقری رسالہ سے بہت کچھ ملا ہے۔ ہمارے طبی و روحانی مسائل اسی شمارہ کی بدولت ہی حل ہورہے ہیں۔ میرے پاس بھی کچھ روحانی ٹوٹکے ہیں جو کہ ہمارے آزمودہ ہیں عبقری قارئین کی نذر کررہی ہوں۔

**(۱) بچوں کے ختنے آرام سے ہوں:** جب بچوں کے ختنے کرواتے ہیں تو بچے بہت روتے ہیں اس لیے اوّل آخر درود پاک اور گیارہ مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر بچے پر دم کریں بچہ روئے گا نہیں تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

**(۲) پتھری سے نجات:** سورۂ الم نشرح سے پتھری سے بھی نجات ملے گی۔ اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور یہ نیت کریں کہ اللہ تیری غیبی مدد سے اسے ختم کردے درد نہیں ہوگا۔

**(۳) دعا ضرور قبول ہوگی:** سورۂ فاتحہ دھیان سے تین مرتبہ پڑھیں دعا مانگیں ضرور پوری ہوگی ان شاء اللہ۔ درود پاک بھی پڑھیں اوّل و آخر۔ (ساجدہ بی بی' وہاڑی)

# گردے سے پتھری نکالنے کا جادوئی عمل

## میرا' بہن اور پڑوسن کا آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس سورۂ الم نشرح کے کچھ مشاہدے ہیں۔ (۱) عرصہ دراز سے میرے دونوں گردوں درد رہتا تھا اور کبھی کبھار پتھری بھی نکلتی تھی بہت دوائیاں کھائیں لیکن کچھ آرام نہیں ملا آپ کے درس میں میں نے سورۂ الم نشرح کے کمالات سنے پھر میں نے ہر نماز کے بعد دونوں گردوں پر ہاتھ رکھ کر سورۂ الم نشرح پڑھنا شروع کردی' تقریباً ایک ماہ بعد درد مکمل ختم ہوگیا۔ (۲) میری بہن کو بھی دونوں گردوں میں درد تھا اور سوزش بھی تھی میں نے اس کو سورۂ الم نشرح کے بارے بتایا اس نے پڑھنا شروع کیا تقریباً ایک ہفتے میں بالکل آرام مل گیا وہ تو حیران ہوگئی پھر کبھی دوبارہ گردوں کا درد نہیں ہوا۔ (۳) میری بہن کے سسرال کے پڑوس کی ایک لڑکی کو ایک عرصہ سے گردوں کا درد تھا' میری بہن نے اسے سورۂ الم نشرح کا بتایا اس کا درد تقریباً 20 یا 25 دن بعد بالکل ٹھیک ہوگیا۔ (۴) میری بھتیجی کو انگوٹھے کے ناخن کے ساتھ جڑ والا موہکا نکل آیا میں نے صرف تین دن ایک ایک دفعہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر پھونک ماری تین دن کے بعد موہکا جڑ سے ختم ہوگیا۔ (۵) میں نے گھر میں کبوتر رکھے ہوئے ہیں۔ ایک دفعہ ایک انڈے سے جب بچہ نکلا جب وہ بڑا ہوا تو اسے سارے جسم پر موہکے بنے ہوئے تھے اور جسم پر بال بھی صحیح طریقے سے نہیں آرہے تھے۔ میرے دل میں اچانک خیال آیا کہ کیوں نہ اسے بھی سورۂ الم نشرح کا دم کیا جائے۔ صرف چار دفعہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر میں نے اسے پھونک ماری خدا گواہ ہے پانچ یا چھ دن بعد وہ کبوتر کا بچہ بالکل ٹھیک ہوگیا سارے موہکے غائب اور جسم پر بال بھی آگئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے گھر والوں اور ادارہ عبقری کو ہمیشہ خوشیاں عطا فرمائے ہر ناگہانی آفت سے محفوظ فرمائے۔ (خرم رضا، سیالکوٹ)

# کمی خون ختم کرنے کا نسخہ! بہت بڑا راز پیش کردیا

شیر عشر پانچ تولہ، نوشادر ٹھیکری پانچ تولہ، سہاگہ پانچ تولہ، ہلدی دس تولہ سب نیم کوفتہ کرکے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب شیر عشر دواؤں میں جذب ہو جائے جس کی پہچان یہ ہے کہ مرکب کا رنگ ہلکا سیاہی مائل ہوجائے تو فوراً آگ سے اتارلیں باریک کرکے نخود گولیاں بنالیں۔ (نوٹ) یہ مرکب جب آگ پر گرم ہوتا ہے تو اس کا سفید دھواں نکلتا ہے جو زہریلا ہوتا ہے اسکے دھوئیں سے آنکھوں کو بچانا ہے۔ ترکیب استعمال: ایک گولی دن میں چار مرتبہ ہمراہ دودھ یا سادہ پانی۔ اس دوا کو ایک گولی سے شروع کریں جب تک مریض کو قے، آبکائیاں نہ آجائیں اس کی مقدار بڑھاتے جائیں خوراک ایک وقت میں چار گولی تک ہوجائے یہ اس کا بہت بڑا راز ہے جب مریض کو قے، آبکائیاں شروع ہوجائیں تو اس کی مقدار متعین کرلیں۔ یعنی اگر چار گولیاں استعمال کررہے ہیں تو تین پر آجائیں یعنی خیال رہے کہ قے نہ آئے۔ جس مریض کو ایک ماہ بعد خون کی بوتل کی ضرورت ہے اگر پہلے مہینے میں ایک ماہ دس دن کے بعد خون کی بوتل کی ضرورت پڑے تو سمجھ لیں کہ چار ماہ کی خون کی کمی پوری ہوجائے۔ جیسے ٹائم بڑھتا جائے یعنی ایک ماہ سے ایک ماہ دس دن پھر ایک ماہ بیس دن پھر دو ماہ بعد خون کی ضرورت پڑے ایسے ہی پھر چار ماہ بعد خون کی ضرورت پڑے گی یا پھر خون کی کمی پوری ہوجائے گی ان شاء اللہ۔ اس علاج کے ساتھ خوراک کا بہت خیال رکھنا ہوگا۔ پھر ہی سو فیصد فائدہ ہوگا۔ سہانجنے کی پھلیاں اور پھول ان کا سالن ہفتے میں دو بار ضرور کھلائیں۔ سالن میں نمک، مرچ اور گھی کا استعمال کم سے کم کریں۔ سہانجنے کے پتے زیادہ کڑوے ہوتے ہیں اس لیے ان کا سالن بنائیں تو ابال کر پانی اتار دیں یا پھر چھاؤں میں پتے سوکھا کر پیس کر پاؤڈر بنالیں اور آدھا چمچ پانی کے ساتھ استعمال کروائیں۔ آلو بخارا جتنا ہوسکے کھلائیں اس کے علاوہ انار، اسٹابری اور تمام ایسے پھول جو خون بناتے ہیں زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ (فوزیہ اقبال، ساہیوال)

عبقری تلبینہ
عورتوں' بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بھی بہترین چیز
ٹینشن' ڈپریشن' تھکان' جسمانی' کمر' ٹانگوں کا درد' پٹھوں کا کھچاؤ' ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بچوں' بڑوں' بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا' ٹانک بھی' دوا بھی' شفاء بھی اور عطا بھی
روحانی سپرے ڈبل پیداوار!
ہجویری محل چلیے!

# جلے ہوئے زخم ٹھیک! کرشماتی مرہم کا نسخہ

محمد فہیم، صادق آباد

ھوالشافی: ایک تولہ رال سفید، دس تولہ تیل سرسوں، نیم کے 50 پتے۔ طریقہ: لوہے کی کڑاہی میں تیل اچھی طرح پکائیں جب اچھی طرح ابال آجائے تو اس میں نیم کے پتے ڈال دیں جب وہ جل جائیں تو آگ بند کردیں اور تیل کو ذرا ٹھنڈا ہونے دیں اور نیم کے جلے ہوئے پتے باہر نکال دیں اور اس میں اچھی طرح سے پسی ہوئی سفید رال ڈال دیں۔ اور لوہے کا چمچ ہلاتے جائیں اور پھر ساتھ ساتھ یخ ٹھنڈا پانی تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں اور چمچ ہلاتے جائیں جتنا زیادہ چمچ چلائیں گے اتنا ہی نفیس مرہم بنے گا۔ جلے ہوئے پر لیپ کردیں ان شاء اللہ دو تین مرتبہ استعمال کرنے سے زخم ٹھیک ہوجائے گا اور نشان بھی نہیں پڑے گا زیادہ جلا ہوا ہو تو تیار مرہم میں ایک تولہ سیندور ملادیں۔ یہ کرشماتی مرہم ہے اس کے فوائد اتنے ہیں کہ لکھنے بیٹھوں تو کتاب بن جائے، ہم نے اسے جلے ہوئے زخم پر آزمایا ہے' زخم بہت جلد ٹھیک ہوجاتا ہے' سب حیران کن بات یہ ہوتی ہے کہ نشان تک نہیں چھوڑتا۔

# شوگر کنٹرول! دس سال سے آزمودہ نسخہ

شوگر کے لیے میرا آزمودہ نسخہ ہے اور مجھے اور میری بیوی کو شوگر تھی' بہت پریشانی تھی' زندگی کی ساری رنگینیاں ختم ہوگئی تھیں' جوش جذبہ ولولہ ختم اور صرف مایوسی تھی' روزانہ صبح وشام ایک گولی میں اور میری اہلیہ نے کھانا شروع کردی۔ پھر یہ چلتا پھرتا نسخہ مجھ تک پہنچا اور آج دس سال ہوچکے ہیں لیکن شوگر دوبارہ نہیں ہوئی پہلے میں تین سال تک شوگر کا مریض رہا اور میرے خاندان میں وراثتی شوگر بھی ہے اور اب میں پہلے سے زیادہ تندرست ہوں۔ نسخہ یہ ہے: حنظل 11 تولہ' ناگر موتھا ایک تولہ، گڑمار بوٹی 2½ تولہ، کالے چنے کے چھلکے 5 تولہ تمام کو باریک سفوف بنالیں اور دو ماشہ کی تعداد میں یہ دوا دن میں دو مرتبہ صبح وشام استعمال کریں تقریباً دو سے تین ماہ میں شوگر ٹھیک ہوجاتی ہے۔

### منہ سے بدبو آتی ہو

جن لوگوں کے منہ سے بدبو آتی ہو وہ ہومیوپیتھک کی دوا Merc sal 200 کے صبح شام دس دس قطرے استعمال کریں۔ اگر زیادہ پرانا مسئلہ ہو تو روزانہ ایک خوراک 20 قطرے استعمال کرے۔ بہت جلد فرق پڑتا ہے۔

### پسینے کی بدبو کو دور کرنے کے لیے

پسینے کی بدبو کو دور کرنے کے لیے ہومیوپیتھک کی دوا ٹینک ایسڈ 30 ہے تقریباً دو ماہ لگاتار استعمال کرے ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

### گردے میں درد کے لیے

گردے میں درد ہو تو اس کے لیے ہومیوپیتھک کی دوا رینی کیور استعمال کریں شفاء ہوگی۔

# نامحرم سے دوستی! یہ پڑھا ختم ہوگئی اور سکون مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے درس سن کر میری زندگی بدلی ہے' آپ کے بتائے وظیفے میں کرتی ہوں تو بہت فائدہ ہوتا ہے اور دل کی دنیا بدل گئی ہے۔ حضرت جی آج کل کے دور میں اچھے رشتے نہیں ملتے جب میں شادی شدہ لڑکیوں کی دکھ بھری داستانیں سنتی ہوں تو میرا شادی کرنے کو دل نہیں چاہتا کسی کی ساس ظالم ہوتی اور کسی کا شوہر برا ہوتا ہے۔ سسرال میں جتنے بھی کام کرلوں طعنے اور بےعزتی ہوتی ہے آنے والی بہو کو عزت نہیں دی جاتی بہت کم سسرال والے ہیں جو بہو کو بھی بیٹی سمجھ کر عزت اور پیار دیتے ہیں۔ آپ کے بتائے ہوئے وظائف میں درس سن کر ڈائری پر لکھ لیتی ہوں جب بھی کوئی مشکل پیش آئے فوراً وظائف پڑھتی ہوں مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ ایک دفعہ میں لاہور آئی بھی موتی مسجد گئی تھی آپ کے بتائے نفل پڑھے تھے' طریقہ یہ ہے کہ دو نفل حاجت کی نیت سے پڑھنے ہیں اور سورۂ فاتحہ میں جب ایاک نعبد وایاک نستعین آیت پر پہنچیں تو اس کا مسلسل تکرار کریں' پھر سورۂ مکمل' ساتھ سورۂ اخلاص ایک مرتبہ' رکوع' سجدہ پھر دوسری رکعت میں بھی ایسے ہی مکمل کریں۔ موتی مسجد میں بہت سکون ملتا ہے اور تسبیح خانہ میں سال میں ایک مرتبہ بسم اللہ 625 مرتبہ لکھوائی اور اس پر خاص عمل ہوتا ہے اس کا بہت فائدہ ہوا جہاں لے کر جاؤں کامیابی ہوتی ہے۔ انٹرویو میں لیکر گئی تو آسان سوال پوچھے گئے اور اگر یونیورسٹی میں فیس جمع کروانی ہو تو گھر سے نکلنے کی دعا بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھیں تو آسانی سے فیس جمع ہوجاتی۔ میں نے بی ایس سوشل ورک کیا ہے میری پلیسمنٹ تبدیل نہیں ہورہی تھی میں نے آپ کا بتایا ہوا وظیفہ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْھِمْ بِمَا شِئْتَ والا وظیفہ کیا تو پلیسمنٹ تبدیل ہوگئی' وین کے ارینج کے لیے یہ وظیفہ لاجواب ہے وین ٹائم پر ملے ٹائم ضائع نہیں ہوتا اور یَاقَھَّارُ کا جو وظیفہ ہے ناف میں انگلی رکھ کر پڑھنے کا یعنی 11 مرتبہ یاقہار ناف پر انگلی رکھ کر ایک سانس میں پڑھنا ہے۔ میں یونیورسٹی میں پڑھتی تھی لڑکوں سے دوستی تھی میں جانتی تھی یہ غلط ہے' فون پر بات کرنے کی عادت ختم نہیں ہوتی میں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا میری یہ عادت بھی ختم ہوگئی۔ مجھے خود احساس ہونا شروع ہوا یہ غلط ہے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں میں آخرت میں کیا جواب دوں گی اور اگر میں آج نامحرم سے دوستی بھی رکھوں تو میرے شوہر کی بھی غیرمحرم عورتوں سے دوستیاں ہوں گی کیونکہ قرآن میں ہے پاک دامن عورتوں کے لیے پاک دامن شوہر ہیں۔ اس لیے میں نے اپنے آپ کو پاک کیا اس وظیفہ نے بہت ساتھ دیا اب اللہ تعالیٰ کا شکر ہے میں کسی نامحرم سے بات نہیں کرتی اور ساری دوستیاں ختم کردی۔ آپ کا درس آن لائن سنتی ہوں بہت فائدہ ہوتا ہے بہت سی قرآنی دعائیں آپ نے یاد کروائی ہیں' زندگی گزارنے کا طریقہ آگیا ہے اتنا تو ماں باپ نے نہیں بتایا' آپ نے بہت سکھایا ہے۔ آپ کے درس کا ہر لفظ موتی ہوتا ہے۔ میرا تسبیح خانے آنے کو بہت دل چاہتا ہے آپ دعا کریں' اللہ حاضری کی توفیق دے میرا دل کرتا ہے روزے رکھوں نماز پڑھوں آپ دعا کرنا اللہ تعالیٰ تسبیح خانے سے جوڑے رکھے میری موت تک اس کی خیر برکت ملتی رہے' آپ دکھی انسانیت کی خدمت کررہے ہیں اللہ تعالیٰ اجر دے اور قبول کرے۔ (س،س، بھلوال)

شوگر کورس
بے شمار کا آزمودہ!
شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خاص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفکیٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
نظر بد کا آخری علاج ہجویری محل چلیے!

www.ubqari.org

# بستر مرگ سے اٹھا حج پر گیا اور واپسی پر مرگیا

گلی کے ایک گھر میں شادی جیسی گہما گہمی تھی بچے بچیاں اچھے اچھے کپڑے پہنے گھوم رہے تھے خواتین کی بھی آمدورفت تھی جیسے کوئی تقریب ہو لیکن ہمارے آج کل کے دور کے مطابق نہ کوئی ہلہ گلہ نہ ہی ڈیک اور ریکارڈ کی آواز نہ لڑکیوں بچیوں کے گانے بجانے نہ ہی ڈانس اور تالیوں کی آوازیں یہ کیسی مہندی ہورہی ہے میں نے حیران اور خوش ہوکر اپنی خالہ جان سے پوچھا وہ بولیں بیٹا اس گلی میں کریم بخش صاحب کی بیٹی فوزیہ کی رسم مہندی ہے تم حیران ہورہے ہو کہ اتنی خاموشی سے کیوں ہورہی ہے؟ بات یہ ہے کہ کریم بخش کے بڑے بھائی نادر خان انتہائی علیل ہیں بلکہ یوں ہے بستر مرگ پر پڑے سب کہہ رہے ہیں ٹانگوں سے جان نکل چکی ہے۔ فوزیہ کی شادی کی ڈیٹ مقرر ہوچکی تھی سوچا ہے کہ تایا کے مرنے کے بعد تو ان کی رسم چہلم تک شادی ٹل جائے گی سب کی رائے ہے کہ مقررہ تاریخ کو سادگی سے شادی کردی جائے۔ اچھا یہ بات ہے کیا نادر صاحب کے گھر والے آئے ہیں۔ نہیں انہوں نے کیسے آنا ہے میں دیکھنے گئی تھی بچیاں باپ کے سرہانے بیٹھی سورۂ یٰسین پڑھ رہی تھی، بیوی رو رہی، بچے پریشان تھے تین دن ہوگئے ہیں اسی حالت میں ہیں، ایسے لگتا ہے آدھی جان نکل چکی ہے دیکھو کب اللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان کرتا ہے ہفتہ پہلے ڈاکٹر نے جواب دے دیا ہے اسی لیے خاموشی اور سادگی سے بھتیجی کی شادی ہورہی ہے دوسری صبح خاموشی سے برات آئی اور دلہن کو رخصت کردیا گیا۔ عزیز رشتہ دار نادر خان کی عیادت کو آتے رہے۔ نادر خان مسلسل حالت بے ہوشی میں تھے۔ کافی دن گزر گئے میں نے نادر خان کے کسی رشتہ دار سے پوچھا نادر خان کی طبیعت اب کیسی ہے؟ توقع یہی تھی کہ جواب آئے گا وہ تو رحلت کر گئے لیکن جواب ملا وہ روبہ صحت ہورہے ہیں میں حیران کہ جن کے متعلق یہ کہا جارہا تھا کہ ٹانگوں سے جان نکلی چکی ہے کوئی دم کے مہمان ہیں اب یہ کیا سن رہے ہیں وہ بتدریج ٹھیک ہورہے ہیں تھوڑی بہت خوراک بھی لے رہے ہیں پھر سنا خود اپنے پاؤں پر چل کر باتھ روم تک چلے جاتے ہیں آہستہ آہستہ مکمل صحت یاب ہوگئے لوگوں نے دیکھا کہ صبح صبح تھوڑی سی چہل قدمی کے لیے گھر سے نکلنے لگے ہیں پھر واقعی ہشاش بشاش ہوگئے جونہی ان کی صحت بحال ہوئی انہوں نے حج کا ارادہ کرلیا ان ہی دنوں میں حج کی درخواستیں جمع کروائی جارہی تھیں پاسپورٹ ویزے کے لیے دفتروں کے چکر لگائے کہتے کہ اللہ نے مجھے نئی زندگی دی ہے میں حج بیت اللہ کرنا چاہتا ہوں شاید اللہ نے مجھے اسی نیک کام کے لیے مہلت دی ہے اپنے بیٹے کے ساتھ مبارک سفر پر روانہ ہوگئے لوگ متعجب تھے دیکھو سب ان کی موت کے منتظر تھے اب چھ ماہ بعد وہ خیر خیریت سے فریضہ حج ادا کرنے جارہے ہیں۔ وہاں انہوں نے تمام فرائض حج خوش اسلوبی سے ادا کیے مدینہ منورہ کا مبارک سفر کیا۔ روضہ رسول ﷺ کی زیارت کی درود سلام ذوق شوق سے پڑھے واپسی کے لیے روانہ ہوئے۔ جدہ سے کراچی تک بخیرو عافیت آئے پھر کراچی سے ملتان کی فلائٹ لی جہاز میں طبیعت خراب ہوگئی ائیرپورٹ پر سٹریچر کے ذریعے اتارا گیا۔ عزیز رشتہ دار استقبال کے لیے گئے ہوئے تھے ان کو سیدھا نشتر ہسپتال لے جایا گیا وہاں انہوں نے جان جانِ آفریں کے سپرد کردی۔ (محمد فاران ارشد بھٹی، خان گڑھ)

# غربت کے باوجود شاندار زندگی گزارنے کا گُر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو نسلوں کی ہر خوشی خیر و برکت عافیت رحمت سکون نصیب فرمائے۔ آمین۔ حضرت آپ نے اللہ سے باتیں کرنا اور اللہ کی مدد مانگنا اور مراقبہ کے جو طریقہ بتایا ہے کمال ہے اللہ پاک گواہ ہے کہ میں عبقری رسالہ میں ہر ماہ آنے والا مراقبہ کرتی ہوں مراقبہ کے بعد اللہ سے باتیں کرتے ہوئے جب آپ کا آپ کی نسلوں کا تصور کروں تو یقین جانیے میں جھوٹ نہیں بولتی اللہ پاک مجھے کیا کیا نظارے اور آپ سے ملاقات کا شرف بھی مل جاتا ہے میں بے حد غریب ہوں لیکن زندگی کے دن اللہ اور اس کی مدد سے بے حد شاندار پرسکون اور آپ کی دعائیں مجھے ہر وقت ملتی رہتی ہیں اللہ سے باتیں کرنا اور صرف اس کے آگے رونا بے حد پرسکون پرتاثیر عمل ہے۔ (آسیہ محمد صدیق، لاہور)

حلقہ کشف المحجوب

# حق والا ہی حق کا طالب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اس باب میں فرماتے ہیں کہ حق کا طالب کرنے والا صرف حق والا ہی ہوسکتا ہے۔ مزید فرماتے ہیں تو حق کا طلب کرنے والا ہے تجھے ایک پیغام دیتا ہوں۔ کیا؟ ساری کائنات کے بھید کا مقام، جوہر اعراض و عناصر اور اجرام فلکی، یہ جتنی کہکشائیں ہیں، جتنے آسمان ہیں، جتنے سیارے، ہیں جتنے ستارے ہیں۔ زمین کی جتنی کائنات ہے، زمین کا نظام ہے اور مخلوقات کی جتنی طبیعتیں ہیں، انکے مزاج ان کے انداز، ان کا اٹھنا بیٹھنا، ان کی زندگی گزارنے کی طرز، جو کچھ بھی ہے، ان سب میں اسرار الٰہی کا حجاب ہے۔ ان سب میں تو رب کو تلاش کرسکتا ہے۔ یہ حجاب ہے، اس حجاب کو کھول، تجھے اس میں رب نظر آئے گا۔ قارئین! جس نے پانا ہے وہ رب کو صرف آسمان کو دیکھ کے پا سکتا ہے" رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا " یہ ساری کائنات آسمان زمین جو کچھ تو نے پیدا کیا، ایسے ہی بےکار پیدا کیا؟ بس اس لفظ کے کہنے میں بندے کی بخشش ہوگئی تھی۔ ایسے سویا ہوا تھا، گرمی کا موسم تھا، آسمان پر ستاروں کی روشنی اور چمک تھی اور اس نے اوپر دیکھا اور دیکھ کے کہنے لگا الٰہی! یہ جو کچھ بھی ہے، ایسے ہی بےکار بنایا گیا ہے؟ بس! اور پھر اللہ کی قدرت کو آگے بیان کیا۔ اللہ جل شانہ نے اپنی قدرت کے بیان کرنے پر، اپنی طاقت کے بیان کرنے پر اس شخص کی مغفرت کردی۔

**موحد اور مشرک کا فرق:** پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "ان ساری چیزوں کے اندر رب ہے" اور اگلی بات کہ اگر تو ان چیزوں کے اندر جائے گا تو رب کو تلاش کرے گا اور اگر ان کو اپنے اندر ڈال لے گا تو شرک میں مبتلا ہوجائے گا۔ نوٹ جیب میں ہے تو ضرورت ہے۔ نوٹ دل میں ہے تو دنیا آگئی۔ اسی کو حب دنیا کہتے ہیں۔ نوٹ تو ضرورت ہے نا؟ نوٹ سے زندگی کی ضروریات رکھی ہیں، نوٹ کو دنیا کا سبب بنایا ہے۔ کیوں؟ کشتی کے اندر پانی نہیں کشتی پانی میں ہے تو ٹھیک اور اگر کشتی کے اندر پانی ہے تو ٹھیک نہیں۔ نکتہ سمجھے؟

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں سے اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطابات کے مجموعہ "حلقہ کشف المحجوب" کا آج ہی مطالعہ کریں۔

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا سالہا سال کے تجربات نے اسے خود کارنتی اور کسوٹی بنا دیا ہے
معدہ کا مسئلہ بلڈ پریشر، جگر، گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
قیمت 180 روپے علاوہ ڈاک خرچ
پسندیدہ نوکری آپ کے پیچھے! ہجویری محل چلیے!

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 135

# جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

## جن کی سخاوت' انسان دوستی اور جن دوستی

میں سخی جن کے کتنے واقعات سناؤں ان کے واقعات سناتے سناتے شاید صبح سے شام ہوجائے اور پھر شام سے صبح ہوجائے۔ آج تک جنات کے حادثات' بیماریاں' تکالیف' ان کے ذریعے مسائل مشکلات کے واقعات بہت سنے لیکن کسی جن کی سخاوت' انسان دوستی' جن دوستی' ہمدردی' اس کے واقعات نہ کتب میں ہیں' نہ زبانوں میں ہیں' نہ ورق پر ہیں' نہ قلم پر ہیں لیکن سچ پوچھیں سو فیصد ہیں۔

سخی جن سے میری دوستی وہ دوستی تھی جس پر خود مجھے مزہ آیا' بہت جنات سے دوستی ہے' جنات سے بہت زیادہ تعلق ہے لیکن جو دوستی کا مزہ سخی جن کے ساتھ آیا اور جتنے مزے لے کر وہ کہانیاں سناتا ہے اور جتنے مزے لے لے کر میں کہانیاں سنتا ہوں یقین جانیے بہت ہی لطف آتا ہے کیونکہ اس کے اندر ایک درد ہے' غم ہے اور وہ درد اور غم اس کے اندر انسانیت کا بھی ہے جنات کا بھی ہے۔ دل کی دنیا بھی ہے' من کی دنیا بھی ہے' جذبوں کی دنیا بھی ہے' وجدان کی دنیا بھی ہے۔ سخی جن مجھے ایک واقعہ سنانے لگے:

## کشتی میں کہرام اور شور

میں ایک دفعہ دریا کے اوپر جارہا تھا کہ میں نے ایک بہت بڑی کشتی دیکھی جس میں انسان بھی تھے' جانور بھی تھے' وہ کشتی ایک کنارے سے دوسرے کنارے جارہی تھی' اس میں دیکھا تو کچھ ایسے محسوس ہوا کہ جیسے شادی ہے' کچھ ڈھول' کچھ گانا کچھ بجانا' اچانک وہ کشتی ایک ایسی جگہ پہنچی جہاں پانی بہت کم تھا' کشتی ڈولنے لگی' کہرام مچا' شور مچا' کچھ لوگوں نے دریا میں چھلانگ لگائی' ڈبکیاں لینے لگے' جانور انسان مرنے لگے' مجھے اچانک ایک ترتیب اور ترکیب نظر آئی کہ میں نے جا کر کشتی کو نیچے سے اسے اٹھایا اور تیزی سے اٹھا کر اسے کنارے پر لایا' حتیٰ کہ جو لوگ گر گئے تھے ان کو بھی بچا بچا کر نکال نکال کر اس کشتی پر لایا' لوگ دائیں بائیں دیکھتے تھے' نظر نہیں آتا تھا کہ کون ہے؟ اور کون محسن ہے جو ہمیں بچا رہا؟ کون مخلص ہے جو ہماری خدمت کررہا؟ لوگوں کو سمجھ نہیں آرہی تھی لیکن ان خدمت کرنے والوں میں میں ہی ان کا خادم تھا جو یہ خدمت سرانجام دے رہا تھا۔

## خستہ حال درویش اور حق ھو کے نعرے

سخی جن مزید کہنے لگا جب وہ تمام قافلہ کنارے پر پہنچا' میں ایک فقیر درویش کی شکل میں وہاں ظاہر ہوا بہت خستہ حال درویش' لمبی ڈاڑھی سر پر پرانی پگڑی' ہاتھ میں پرانا عصا ڈنڈا اور حق ھو کے نعرے لگاتے میں آیا اور پھر میں نے آکر وہی کہانی سنائی جو ان کے ساتھ بیتی تھی وہ حیران ہوگئے کہ ہماری کشتی کے ساتھ جو کچھ بیتا تھا اسی بزرگ نے سب کچھ ہمیں سنادیا' وہ میرے گرویدہ ہوگئے' وہ میرے قریب آئے میں نے ان لوگوں کے کچھ اور حالات بھی انہیں بتائے جو ان کے دلوں میں پوشیدہ تھے حتیٰ کہ ان کی تھیلیوں میں کتنے پیسے زادِ راہ کیا تھا؟ سامان کیا تھا سب کچھ میں نے بتایا۔ وہ بہت خوش بھی ہوئے حیران بھی ہوئے ان کی حیرت کی انتہا نہ رہی۔

## خوشیاں روز نہیں آتیں جبکہ غم روز آتے ہیں

اب میرے وہ قریب ہوئے' میں انہیں قریب کرنا چاہتا تھا پھر میں نے انہیں بیٹھ کر وعظ و نصیحت کی' ایک لفظ کہا دیکھو دوستو خوشیاں روز نہیں آتی' غم روز آتے ہیں جس ہستی رب العالمین نے خوشیاں دی ہیں' ان خوشیوں میں اگر اس کو بھول گئے تو خوشیاں بھول جائیں گے ابھی تھوڑی دیر پہلے اگر آپ کی خوشیاں آپ سے روٹھنے والی تھیں' کتنی انسانی جانیں ختم' کتنے جانور ختم ہوجاتے اور کتنا مال آپ کا برباد ہوجاتا' آپ ڈھولک اور گانا بجانے میں مصروف تھے کہ کشتی ایسی جگہ چلی گئی جہاں پانی کی گہرائی کم ہوگئی کیونکہ کشتی میں وزن زیادہ' افراد زیادہ' جانور زیادہ اور کھانے پینے کا سامان زیادہ تھا' اسی لیے آپ بس ڈوبنا ہی چاہتے تھے کہ اس کریم کی رحمت نے آپ کو پار اتار دیا' میری بات بہت دیر تک چلتی رہی۔

## سخی جن کی سزائیں

سخی جن ہنس کر کہنے لگے کہ میں بعض اوقات وعظ و نصیحت کرتا ہوں اور بعض اوقات تبلیغ بھی کرتا ہوں اور بعض اوقات چھوٹی سی سزائیں بھی دیتا ہوں' کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو میری تبلیغ سے کوئی اثر نہیں لیتے جب تک انہیں سزائیں نہ دوں' میں لفظ سزائیں پر چونک اٹھا۔ کہنے لگے: اسی واقعہ سے آپ کو سزا کا واقعہ سناتا ہوں میں بہت دیر تک وعظ و نصیحت کرتا رہا' بہت سے لوگ میری باتوں سے رو رہے اور اثر لے رہے تھے' میں جب چلا گیا کچھ دیر آگے قافلہ چلا تو ان میں کچھ جوان اور ایک بوڑھا ایسا تھا' اس نے پھر ڈھولک بجانی شروع کردی حالانکہ اسے تمام روک رہے تھے کہ ابھی ایک درویش آیا' اس نے سب کچھ تمہیں بتا بھی دیا پھر بھی تمہیں نصیحت نہیں آئی پھر بھی تم اپنی حالت پر ایسے ہو' لیکن وہ نہ مانے' میں ایک جنگجو کا لباس اور قذاق اور ڈاکو کا لباس پہنے' تلوار اور خنجر ہاتھ میں لیے راستے میں کھڑا ہوگیا۔ میں نے ان سب کو للکارا رک جاؤ' وہ خوفزدہ ہوگئے' ڈھولک بجنا ختم ہوگئی' اب جو ڈھولک بجا رہے تھے' میں نے ان کو سزا دی میرے پاس ڈنڈا تھا ان کو اچھا خاصا مارا اب ان کی چیخیں تھیں' میں نے کہا کہ تمہیں صرف یہی سزا دیتا ہوں' تمہیں ایک درویش ملے تھے' تم نے اس درویش کی قدر نہ کی' تم سے مصائب اور دریا کی مصیبتیں دور ہوئیں تم نے اللہ کی رحمت کی قدر نہ کی' ان میں سے بہت سے لوگ منتیں کرنے لگے' معافی مانگنے لگے میں نے ان کو چھوڑ دیا اور کہا کہ ان بوڑھے بزرگوں کی وجہ سے تم کو چھوڑ دیتا ہوں۔

## سخی جن کے بچوں کا غریب استاد

سخی جن مسکرایا اور مجھ سے کہنے لگا: بعض اوقات میں شرارتی لوگوں کو ایسی نصیحت بھی دیتا ہوں اور ایسے نصیحت بھی کرتا ہوں۔ ایک اور واقعہ سنایا جو مجھے بہت اچھا لگا جس میں اس کی سخاوت' دریا دلی' ہمدردی اور شفقت کا دریا اور سمندر تھے کہنے لگا: میرے بچے ہمارے ایک استاد کے پاس پڑھتے تھے' استاد محترم بہت زیادہ غریب تھے اور لیکن سوال کرنے کا مزاج ان میں نہیں تھا اور وہ اپنی محنت مزدوری کرکے خود ہی اپنا سب کچھ کرتے تھے۔ ایک دفعہ میرے بیٹے نے آکر مجھے بتایا کہ ابا جان! آج استاد کے گھر کھانے کو کچھ نہیں

**موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ**

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

**41 بیماریوں کیلئے دم شدہ گڑ! ہجویری محل چلیے!**

تھا" کیوں؟ استاد اپنی محنت مزدوری سے جو کماتے ہیں وہ اپنے بچوں کو بھی کھلاتے ہیں' بیوی کو بھی اور جن بچوں کو وہ پڑھاتے ہیں ان کو بھی دو وقت کا کھانا اسی مزدوری سے دیتے ہیں' اب ان کے گھر فاقے ہیں لیکن ہمیں بھی تھوڑا کھلایا ہے۔ مجھے ان کی بات سن کر بڑی پریشانی ہوئی کہ میں سارے جہان کی خدمت بھی کرتا ہوں' مدد بھی کرتا ہوں لیکن اس کے بارے میں کیا ہوگا؟

## کوئی بن مانگے ہدیہ دے تو کیا کروں؟

آخر کار میں نے ایک طریقہ نکالا کہ میں بہت سے تحائف' ہدیئے' کپڑے' کھانے پینے کی چیزیں' سامان' روپے' تھیلیاں' اشرفیاں لے کر چل دیا' جب استاد بچوں کو پڑھا کر ابھی فارغ ہوئے تھے تو میں حاضر ہوا میں نے یہ چیزیں ایک طرف چھپا کر رکھی ہوئی تھیں' میں نے جا کر ان سے سوال کیا کہ حضرت یہ بتائیں کچھ لوگ مجھے بن مانگے ہدیہ دیتے ہیں' کیا میں لے لیا کروں؟ بوڑھے استاد نے فرمایا: بالکل لے لیا کریں کیونکہ اس میں آپ کے اندر سوال کا جذبہ نہیں ہوتا لہٰذا وہ لینے میں کوئی حرج نہیں پھر میں نے سوال کیا۔ استاد محترم یہ بتائیں اگر کوئی بن مانگے مجھے ہدیہ دے اور وہ میں رد کردوں اس پر کوئی وبال تو نہیں آئے گا۔ کہنے لگے: بن مانگے ہدیہ اللہ کی طرف سے ہوتا ہے اور بعض اوقات بن مانگے ہدیہ نہ قبول کیا جائے تو اللہ مانگنے پر بھی نہیں دیتا۔

## ہدیہ کسے کہتے ہیں؟ جن استاد سے جانیے

میں نے ان سے پوچھا: حضرت ہدیہ کہتے کسے ہیں؟ فرمایا ہدیہ اصل میں دل میں ایک الہام ہوتا ہے اور وہ اللہ کی طرف سے ہوتا ہے' اللہ کے علم میں سے علم ملتا ہے کہ فلاں شخص کو یہ چیز اتنی مقدار میں دے دو یا اس کو ضرورت ہوتی ہے یا پھر اس دینے والے کو اللہ پاک اس کا بدل بے بہا اور بے شمار دینا چاہتا ہے۔ بس یہ اس ہدیے کا اثر ہوتا ہے۔ میں نے اس طرح بے شمار سوالات استاد محترم سے کیے' استاد حیران ہوئے کہ اتنے سوال مجھ سے کیوں کیے جارہے ہیں؟ آخر کار میں نے استاد محترم سے عرض کیا کہ استاد جی! اگر آپ مناسب سمجھیں تو میں آپ کو اٹھا کر ایسی جگہ لے جاؤں جہاں میں ہدیے تقسیم کرتا ہوں لوگوں کو دعائیں دیتا ہوں' دم کرتا ہوں' ان کی دعاؤں پر آمین کہتا ہوں اگر کوئی سچی طلب سے آتا ہے تو اسے بھی ہدیہ ضرور دیتا ہوں' آپ وہاں جا کر میرا ہدیہ قبول کرلیں' اب استاد مسکرا دیئے کہ یہ سارے سوال دراصل مجھے ہدیہ قبول کروانے کے لیے کیے جارہے ہیں۔

## ہجویری محل میں سخی جن کے ڈیرے

میں نے استاد کو ساتھ لیا اور فوراً ہجویری محل (لاہور شیخوپورہ روڈ پر ہے) میں آیا اور وہاں استاد کو وہ سارے ہدیے دیئے اور وہاں موجود اور بے شمار لوگوں کو بھی جو انسان اور جنات تھے ان کو ہدیے دیئے کیونکہ میرا مزاج ہے کہ ہجویری محل میں آنے والے جتنے بھی لوگ ہیں ان کو دعائیں بھی دیتا ہوں ان کے لیے دعائیں بھی کرتا ہوں' انہیں دم بھی کرتا ہوں اور اگر ان کے اوپر جادوئی' جناتی' شیطانی چیزیں ہوتی ہیں تو اپنے روحانی نورانی علم سے یہ سارے وار اور ساری چیزیں کلام الٰہی سے ختم کرتا ہوں۔ استاد کو میرا یہ انداز بہت اچھا لگا' میں مخلوق کی خدمت کررہا تھا' ایسے انداز سے کہ لوگوں کو پتہ بھی نہیں چل رہا تھا کہ میں ان کی خدمت کررہا ہوں کیونکہ جن تو نظر نہیں آتا' استاد کو میرے اس عمل سے بہت خوشی ہوئی۔ انہوں نے میرا ہدیہ قبول کرلیا' میں نے ان سے وعدہ لیا کہ آئندہ بھی مجھے اجازت دیں کہ آپ کو کبھی کبھار ہدیہ پیش کرتا رہوں لیکن استاد فرمانے لگے نہیں بس اتنا کافی ہے' میں نے اصرار کیا فرمانے لگے اچھا ٹھیک ہے آئندہ کے لیے جب بھی مجھے ضرورت ہوگی میں آپ کو کہہ دوں گا آپ مجھے ہدیہ دے دینا۔

## اللہ سخیوں کو پسند فرماتا ہے

یہ عمل سخی جن کہنے لگے: مجھے اتنا اچھا لگا کہ اپنے بیٹوں کے استاد کی خدمت کی اور ان کو ہدیوں اور نوازشات سے نوازا اس طرح کے عمل میری زندگی میں مجھے بہت زیادہ نفع دیتے ہیں اور فائدہ دیتے ہیں۔ سخی جن کی دوستی نے میرے اندر ایک احساس بیدار کیا کہ اللہ سخیوں کو پسند فرماتا ہے' سخیوں کے بولوں کی لاج رکھتا ہے' رب کی سخیوں کے ساتھ دوستی ہے' رب کا سخیوں کے ساتھ تعلق ہے۔

سخی جن کے جسم سے میں نے ہمیشہ خوشبو محسوس کی حالانکہ جنات کے جسم سے خوشبو بہت کم محسوس کرتا ہوں' نیک' صحابی ولی اللہ کے دوست جنات ان کے جسم سے خوشبو بہت ملتی ہے لیکن یہ واحد سخی جن ہے جس کے جسم سے میں نے بہت خوشبو محسوس کی' یہ خوشبو ہمدردی' سخاوت اور انسانیت کی محبت جو اس کے دل میں ہے یہ سب اس کی وجہ سے ہے' اس لیے سخی کی قبر سے خوشبو آتی ہے' سخی کی روح میں خوشبو ہوتی ہے سخی کا جسم خوشبودار رہتا ہے' وہ انسان ہے یا جن۔

## عزت دولت' برکت صرف سخاوت سے ملی

ایک دفعہ سخی جن مجھے کہنے لگے: میں نے جب بھی سخاوت کی ہے اللہ کے خزانوں پر نظر رکھ کر کی ہے' ہر سخاوت کے بعد مجھے اس کا بے شمار ملا ہے' بہت زیادہ ملا ہے' بہترین ملا ہے اور اس کا بہت رزلٹ ملا ہے' رب نے مجھے اپنے خزانوں سے عطا کیا ہے رزق' عزت' دولت' خیر و برکت سب کچھ مجھے سخاوت سے ملا ہے' میں نے سخی کو کبھی نادم نہیں دیکھا' کمزور نہیں دیکھا' رب کی طاقت کو اس کے ساتھ دیکھا ہے' سخاوت میں ہمیشہ خیر' برکت اور وسعت دیکھی ہے اور یہی چیز سخی جن بتا رہا تھا کہ ایک جگہ خرچ کرتا ہوں رب اور جگہوں سے اور دے دیتا ہے اور خرچ کرتا ہوں رب مجھے اس کا اور بدل دے دیتا ہے اور وسعت کے خزانے عطا کردیتا ہے۔

## سخی جنات کی جماعت

سخی جن نے ایک اور کام کیا اس نے اپنے اور جنات کو سخاوت پر آمادہ کیا' جنات بہت زیادہ مالدار ہوتے ہیں' اتنے مالدار کے کوئی انسان گمان نہیں کرسکتا' وہ مال کی وجہ سے بعض اوقات بہت ظالم بھی بن جاتے ہیں۔ سخی جن نے ایک ٹیم بنائی' سخیوں کی جماعت بنائی اور اس جماعت نے اور بہترین کام کرنے شروع کردیئے۔ اس سب کی بنیاد یہی سخی جن بنا' اس کی طبیعت میں وسعت' سخاوت' دریا دلی ہے۔ انسانیت اور جنات کے لیے خیر ہے۔ کہنے لگا: جو بھی مالدار مجھے ملتا ہے میں اسے سخاوت کے واقعات سناتا ہوں کہ سخاوت کرنے سے مال دولت رزق کتنا بڑھتا ہے' غیب سے کتنا کچھ ملتا ہے' اتنے واقعات سناتا ہوں کہ وہ آمادہ ہوجاتا ہے' بس ایک بات ضرور کہتا ہوں کہ سخاوت کرنے کے بعد اللہ کے خزانوں پر یقین لازم ہو۔ اگر یقین لازم نہیں ہوگا تو خزانے بند کرا بیٹھے گا۔ (جاری ہے)

**حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل**

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 61 پر دیا گیا کوپن پر کرکے بھجوادیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم
برص پھلبہری کورس
برص' خارش' چنبل' کوڑھ' جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج
500
دنیا و آخرت میں عزت! ہجویری محل چلیے!



www.ubqari.org

# 18 سال پرانے فاقے' بیماریاں' دھکے گالیاں ختم

## فاقے ختم' دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں "ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں میں تا قیامت عافیت' برکات عنایت فرمائے اور ہمارے سر پر آپ کی پر شفقت روحانی توجہات ہمیشہ قائم دائم رہیں۔ آمین! شادی شدہ زندگی میں صرف فاقے' تنگدستی' مار کٹائی' جھگڑے' گالی گلوچ اور گھر سے نکالنے دھکے ہی دیکھے۔ نجانے کتنی بار مجھے دھکے دیکر گھر سے نکالا گیا' طلاق کی دھمکیاں سہتی اٹھارہ سال گزار دیئے' اس کے علاوہ میرے شوہر گزشتہ اٹھارہ سال سے ہی بیمار ہیں' حال یہ ہے کہ ساری کمائی ہسپتالوں' بیماریوں پر خرچ ہو جاتی تھی اور میں خود بھی بیمار ہوگئی اور گھر کا کام کاج تک نہیں کرسکتی تھی مگر پھر میں نے اپنی تمام گھریلو پریشانیاں ایک خط میں لکھ کر آپ کو دفتر عبقری کے پتہ پر جوابی لفافہ لگا کر ارسال کیا۔ آج دو سال ہوگئے ہیں آپ نے مجھے اس وقت جوابی لفافہ میں ایک انمول تحفہ عطا فرمایا تھا۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔ میں نے دن رات پاگل ہو کر پڑھا اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کے بتائے ہوئے دوسرے وظائف جاری رکھے۔ شکر الحمدللہ! آج میں پرسکون ہوں' میرے شوہر کی بیماریاں بھی اب تقریباً ختم ہوچکی ہیں' ہسپتالوں سے بھی جان چھوٹ گئی ہے' اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت ہی اچھی جگہ کاروبار عطا کیا ہے۔ اس وظیفہ سے ہمیں وہ کچھ ملا جو میں سوچ بھی نہیں سکتی۔ ایک اور مسئلہ تھا کہ میری بیٹی ڈاکٹر بننا چاہتی تھی' اس وظیفے کی برکت سے اسے لاہور میں ایک میڈیکل کالج میں داخلہ مل گیا ہے۔ ایک دن اچانک مسئلہ کھڑا ہوگیا کہ ہاسٹل کی انتظامیہ نے میری بچی پر الزام لگایا کہ یہ کسی لڑکے کے ساتھ بھاگنا چاہتی ہے' حالانکہ میری بیٹی میں ایسی کوئی بات نہ تھی' انہوں نے میری بچی کو ہاسٹل سے نکال دیا' میں بہت پریشان' میرے شوہر شک بھی بہت کرتے ہیں' اگر ان تک یہ بات پہنچ جاتی تو وہ نجانے کیا کر جاتے' میں نے بس اسی وظیفہ کو پورے یقین' توجہ اور دھیان سے پڑھنا شروع کردیا' اللہ نے غیبی مدد فرمائی اور میری بیٹی کے متعلق ان کی غلط فہمی دور ہوئی' انہوں نے معذرت کی اور دو دن بعد میری بیٹی صحیح سلامت بحفاظت گھر آئی اور مجھے ساری صورتحال بتائی' اس وظیفے کی بدولت اللہ ہمیشہ میری' گھر والوں اور میری بیٹی کی اتنے بڑے شہر میں عزت' جان مال کی حفاظت فرماتا ہے۔ آپ کا دیا انمول تحفہ اب تک تقریباً آٹھ سے نو لاکھ تک پڑھ چکی ہوں' ان شاء اللہ مرتے دم تک اسی یقین اعظم کے ساتھ پڑھتی رہوں گی۔ (اہلیہ ضمیر' سرگودھا)

# میری تنگدستی اور مسائل ایک پھونک سے ختم

عدنان، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ بارہ سال سے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی فیلڈ میں کام کررہا ہوں اور ساتھ میں لوگوں کو سیکھا بھی رہا ہوں' میں نے آئی ٹی کی تمام فیلڈ میں کام کیا ہے اور ایک عرصہ سے مختلف مسائل کا شکار رہا ہوں' میرے طلباء ترقی کرجاتے ہیں لیکن میں ادھر ہی کھڑا رہا' میری بہن میرے گھر آئی اور انہوں نے کہا کہ تسبیح خانہ چلو وہاں اسم اعظم کا دم ہے' اس سے پہلے کئی جگہ جاچکا تھا' مگر ایک فیصد بھی فائدہ نہ ہوا تھا۔ بہن کے ساتھ اسم اعظم کا روحانی دم کروایا' گھر بنانے کا کوئی راستہ نہیں نکل رہا تھا' ساری عمر کی جمع پونجی سے تین مرلہ کا پلاٹ لیا تھا' دم کے بعد یقین کیجئے مجھے خود معلوم نہیں کہ پیسے کیسے اکٹھے ہوئے مزید عرصہ ہوا میرا جی پی فنڈ رکا ہوا تھا وہ نکل آیا' اس کے بعد گھر بنایا۔ صبح کے وقت گورنمنٹ اور شام کو پڑھاتا ہوں' اسی نیت سے مزید تین دم کروائے کہ شام کو بھی اچھی نوکری مل جائے' یقین کیجئے ادھر دوسرا دم کروایا اور ساتھ اگلے ہی روز مجھے بہترین پراجیکٹ مل گیا جس کی دو سال سے کوشش کررہا تھا۔

# دعا کو مقبول بنانے والی دعا

شگفتہ سحر۔ لاہور

حضرت یونسؑ کی یہ دعا ہے اس کو ہمیشہ پڑھنا چاہیے آپ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اس دعا کو پڑھے گا اس کی دعا قبول ہوگی۔ "لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ **حاجات کو پورا کرنے والی دعا:** حجاج بن یوسف نے ایک شخص کی گرفتاری کے لیے سپاہی بھیجے اور یہ قسم کھائی کہ اس کو قتل کروں گا وہ گرفتار ہوکر آپ کے سامنے لایا گیا تو اس نے کچھ کلمات پڑھے۔ دفعتاً حجاج بن یوسف نے اس کو آزاد کردیا۔ لوگوں نے پوچھا یہ کیا معاملہ تھا۔ اس نے کہا میں نے یہ دعا پڑھی تھی۔ "یَاعَزِیْزُ یَاحَمِیْدُ یَاذَاالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ اِصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ"۔ **تعوذ کی اہمیت:** اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ میں پناہ مانگتا ہوں مردود سے اللہ کی۔ **تفسیر:** ذکر انسان کو کرنا چاہیے ذکر دل سے بھی ہوتا ہے اور زبان سے بھی جو ذکر دل سے ہو اس کو قلبی ذکر اور جو زبان سے ہو لسانی ذکر کہتے ہیں۔ لسانی ذکر کی دو قسمیں ہیں: استغفار، تلاوت، تعوذ تسمیہ وغیرہ۔ کلام پاک کی تلاوت سے پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ پڑھنا سنت ہے۔ خواہ تلاوت نماز کے اندر ہو یا باہر۔ کلام پاک کی تلاوت سے پہلے جھوٹ، غیبت اور بہتان وغیرہ سے ناپاک ہوجانے والی زبان کو تعوذ سے پاک کرلیا جائے۔ کلام پاک سے استفادے کے لیے تمام شیطانی افکار و اعمال سے پاک ہونا ضروری ہے۔ انسان کا سب سے بڑا دشمن شیطان ہے۔ شیطان بلکہ ہر چیز کے شر سے اللہ تعالیٰ ہی حفاظت فرما سکتا ہے اس لیے تعوذ کا اہتمام ضروری ہے۔ گنہگاروں کو تین چیزوں کی ضرورت ہے: (۱) اللہ کی معافی تاکہ عذاب سے بچ سکیں۔ (۲) پردہ پوشی تاکہ رسوائی سے بچ سکیں۔ (۳) عصمت کی تاکہ دوبارہ گناہ نہ کریں۔ گناہ اگرچہ زہر نہیں لیکن زہر سے زیادہ مہلک ہے۔ بندے پر جو بھی مصیبت آتی ہے بندے کے اپنے اعمال کی وجہ سے آتی ہے لوگ اپنے بداعمالی کی نحوست کو دوسری چیزوں سے منسوب کرتے ہیں۔ حقیقت میں عبادت مبارک چیز ہے اور گناہ منحوس چیز ہے۔ سلام میں پہل کرنے والا تکبر سے بری ہے اللہ تعالیٰ جب کسی کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتے ہیں اس کو دین کی فصیح سمجھ عطا فرمادیتے ہیں۔ عقلمند شخص وہ ہے جس نے اپنے نفس کو تابع کرلیا ہو اور موت کے بعد کے لیے عمل کرے۔

آگ شفاء
جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم
خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گرجائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں' گرم استری لگنے سے' کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے' موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے' فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں' آگ شفاء استعمال کریں۔ (قیمت 100 روپے)

ہائی بلڈ پریشر شرطیہ تعویذ! ہجویری محل چلیے!

# گھر میں جھاڑو پوچا لگانے کے فوائد! بڑھا پیٹ ختم، کمر مضبوط

ایک وقت تھا جب موٹا ہونے پر فخر کیا جاتا تھا۔ موٹاپا تندرستی کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ شاید یہ بات اس وقت صحیح ہو کیونکہ پہلے ہر چیز خالص ملتی تھی۔ ملاوٹ کا نام و نشان تک نہ تھا۔ لوگ خوب کھاتے اور خوب کام کرتے تھے۔ اس لئے انہیں سب کھایا پیا ہضم ہو جاتا تھا۔ پانی بھرنا، چکی پیسنا اور گھر کے دوسرے کاموں سے اچھی خاصی ورزش ہو جاتی تھی۔ تب لوگ کو ورزش کی ضرورت بھی نہ پڑتی تھی۔ وہ دن بھر کام کرتے اور رات کو بے فکر ہو کر سو رہتے۔ نمود و نمائش کا کوئی تصور نہ تھا۔ ہر طرف سادگی تھی اس لئے لوگوں کو غم و فکر بھی نہ تھا۔ لیکن آج کا دور مختلف ہے۔ اب لوگ جسمانی مشقت کی بجائے ذہنی کام زیادہ کرتے ہیں۔ آج کے دور میں کچھ بھی خالص نہیں ملتا۔ نمود و نمائش کی وجہ سے لوگوں کے غم فکر بھی بہت بڑھ گئے ہیں۔ جسمانی کام نہ کرنا یا کم کرنا اور زیادہ کھانا موٹاپا پیدا کرتا ہے۔ کبھی کبھی زیادہ غم و فکر سے بھی آدمی کا جسم پھول جاتا ہے۔ آج تک موٹاپے کو وبال جان سمجھا جاتا ہے کیونکہ موٹاپا اپنے ساتھ بے شمار بیماریاں مثلاً شوگر، بلڈ پریشر، ہارٹ اٹیک اور دوسری کئی بیماریاں لاتا ہے۔ اس لیے ضروری ہو گیا ہے کہ موٹاپے سے بچا جائے۔ ورزش کرنا اس لئے بھی ضروری ہو گیا ہے کہ اب لوگوں کو میز کرسی پر بیٹھا کر سارا دن ذہنی کام کرنا پڑتا ہے۔ جسمانی کام نہ کرنے کی وجہ سے ان کی توند نکل آتی ہے جو کہ بہت بری دکھائی دیتی ہے۔ پھر موٹے لوگوں پر لباس بھی زیادہ نہیں جچتا۔ خواتین کیلئے تو سب سے اچھی ورزش یہ ہے کہ وہ گھر کے کام خود کریں، آٹا گوندھنے، کھڑے ہو کر جھاڑو لگانے اور دوسرے کام کرنے سے اچھی خاصی ورزش ہو سکتی ہے اور پھر نوکر کا خرچ بھی بچ جاتا ہے۔ جیسے ہی وزن بڑھنے لگے فوراً اسے کنٹرول کرنے کی کوشش کرنا چاہئے کیونکہ اگر ہم شروع میں توجہ نہ دیں گے تو ہمارا وزن بڑھتا جائے گا اور پھر اسے کنٹرول کرنا یا دبلے ہونا مشکل ہو جائے گا اور کئی بیماریاں لاحق ہونے کا خطرہ بھی ہے۔ بہرحال یہاں کچھ نسخے ہیں جن کی مدد سے آپ اپنے وزن کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔

(۱) موٹاپا دور کرنے کیلئے نیم گرم پانی میں شہد ملا کر پینے سے زائد چربی ختم ہو جاتی ہے۔

(۲) نہار منہ ایک گلاس نیم گرم پانی میں ایک عدد لیموں کا رس ملا کر پینے سے جسم کی چربی پگھلتی ہے۔

(۳) نہار منہ قہوہ میں لیموں کا رس نچوڑ کر پئیں اور دوپہر کھانا کھانے کے بعد بھی پئیں۔

(۴) لیموں کا اچار موٹے لوگوں کیلئے بہت مفید ہے۔

(۵) دن میں تین چار بار لیموں پانی میں نچوڑ کر پئیں۔

(۶) ایک چمچہ مولی کے بیج پانی کے ساتھ کھائیں۔

(۷) کلونجی کا باریک سفوف کر کے اسی کے برابر ہی چینی ملا لیں اور ہر روز صبح و شام استعمال کریں۔ اس کے ساتھ کالی مرچیں بھی پانی کے ساتھ پھانکتے رہیں۔

(۸) ایک پیالی تازہ پانی میں ایک چمچہ شہد اور ایک چمچہ لیموں کا رس ملا کر صبح نہار منہ پئیں۔

(۹) کھانا کھانے کے بعد تھوڑی سی جوائن پانی کے ساتھ کھائیں۔

(۱۰) مولی اور سلاد کا استعمال کھانے میں ضرور کریں۔

(۱۱) چنے کی دال کے برابر ہینگ ہر روز پانی کے ساتھ کھائیں۔

(۱۲) ادرک کی چائے پئیں۔

(۱۳) جوارش کمونی زیرہ کے عرق کے ساتھ کھائیں۔

(۱۴) گھی کی بجائے کوکنگ آئل استعمال کریں۔

(۱۵) زیادہ میٹھی چیزوں، چاول، گھی اور دوسری بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔

(۱۶) ہر روز رسہ پھلانگنے کی ورزش کریں۔

(۱۷) ہر روز نہار منہ کینوں یا سنگترے یا مالٹے کا جوس پینا چاہئے۔ (۱۸) نہار منہ لہسن کے دو تین جوے پانی سے نگل لیں۔

(۱۹) بیسن کی روٹی پیٹ کو ہلکا کرنے کیلئے بہت مفید ہے۔

(۲۰) سیب کھانا پیٹا کیلئے بہت مفید ہے۔ یہ پیٹ کو ہلکا کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

# سر پر پریشانیوں کا پہاڑ لیکر تسبیح خانہ آیا تین دن رہا اور

## دردوں سے شفاء مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ میں تین دن گزارنے سے پہلے میری پسلیوں میں اور دل کے پاس بہت درد تھا ٹیسٹ بھی کروائے پر رپورٹ بھی ٹھیک تھی لیکن درد نہیں جارہا تھا تین دن اعمال کرنے سے تمام جسمانی دردیں ختم ہو گئیں اس کے علاوہ ذہنی سکون ملا۔ دن میں کبھی دو کبھی تین نمازیں پڑھتا تھا لیکن اب پانچ وقت کی نماز باجماعت ادا کرتا ہوں یہ سب تسبیح خانے میں تین دن میں کیے گئے اعمال کی برکت کا نتیجہ ہے میں ہر دلعزیز ہو گیا ہوں سب عزت دیتے ہیں۔ (سید حسن محمود، ایبٹ آباد)

## ڈوبتے کو تنکے کا سہارا مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دنیا کے دکھوں کا مارا پہلی بار میں تسبیح خانے میں آیا تین دن گزارے اعمال کیے جن کی برکت سے گھریلو سکون ملا، مشکلات، پریشانیاں ختم ہونا شروع ہو گئی ہیں۔ میں تو زندگی سے ناامید ہو گیا تھا لیکن تسبیح خانے سے زندگی میں ایک امید پیدا ہو چکی ہے۔ اللہ کی طرف لگاؤ بڑھ گیا ہے۔ آپ یوں سمجھیں کہ "ڈوبتے کو تنکے کا سہارا مل گیا" ہے۔ میں سوچتا ہوں اگر تسبیح خانہ مجھے نہ ملتا پتہ نہیں میرا کیا ہوتا۔ پڑھائی کیساتھ ساتھ روزگار کی تلاش میں تھا امید ہے اس کا سبب بھی پیدا ہو جائیگا۔ (بلال حسین، اوکاڑہ)

## سر پہ پریشانیوں کا پہاڑ کرکے تسبیح خانے آیا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں زندگی پریشانیوں سے بھری پڑی تھی عبقری رسالے کے ذریعہ پڑھا کہ تین دن تسبیح خانہ میں گزاریں۔ سر پر پریشانیوں کا پہاڑ لے کر تسبیح خانے پہنچا پہلے ہی روز آپ کا درس سن کر آدھا پہاڑ کم ہو گیا پریشانیوں کے باوجود دل میں ایک سکون سا آ گیا اور ہمت پیدا ہوئی کہ یہ پریشانیوں سب وقتی ہیں۔ تین دن تسبیح خانے میں اعمال کرتا رہا اور جب میں چوتھے تھے گھر کی طرف روانہ ہوا تو ایک عجیب سی خوشی دل میں تھی حالانکہ پریشانیاں بے حد تھی گھر پہنچا تو بعض کام میں جوڑ کے ہوئے تھے حل ہونا شروع ہو گئے یہ سب تسبیح خانے میں گزارے گئے تین دن اور اس میں کیے گئے اعمال کی برکت کے نتائج تھے۔ جو میرے آنکھوں کے سامنے تھے۔ (احمد علی، بہاولنگر)

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟ اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ "کمر درد جوڑوں کا درد کورس" آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی، طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت/800روپے)
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

مرتے وقت کلمہ زبان پر! ہجویری محل چلیے!



www.ubqari.org

# تقدیر سے زیادہ کبھی نہیں ملتا

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

حضرت عیسیٰؑ اپنے ایک شاگرد کے ساتھ کسی سفر پر نکلے، راستے میں ایک جگہ شاگرد سے پوچھا: تمہاری جیب میں کچھ ہے؟ اس نے کہا: میرے پاس دو درہم ہیں۔

حضرت عیسیٰؑ نے اپنی جیب سے ایک درہم اسے دیا اور فرمایا: یہ تین درہم ہو جائیں گے، قریب کی آبادی سے، روٹیاں لے آؤ! وہ گیا اور تین روٹیاں لیں، راستے میں سوچنے لگا کہ حضرتؑ نے ایک درہم دیا اور دو درہم میرے تھے، جبکہ روٹیاں تین ہیں، آدھی روٹیاں حضرت عیسیٰؑ کھائیں گے تو آدھی روٹیاں مجھے ملیں گی، لہٰذا میں ایک روٹی پہلے ہی کھالوں، چنانچہ اس نے ایک روٹی کھالی اور دو روٹیاں لے کر حضرت عیسیٰؑ کے پاس پہنچا۔ آپ نے ایک روٹی کھالی اور اس سے پوچھا: تین درہم کی کتنی روٹیاں ملی تھیں؟ اس نے کہا: دو روٹیاں، ایک آپ نے کھائی اور ایک میں نے کھائی۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام روانہ ہوئے تو، راستے میں ایک دریا آیا، شاگرد نے کہا: ہم دریا عبور کیسے کریں گے جبکہ یہاں تو کوئی کشتی بھی نظر نہیں آئی؟

حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: گھبراؤ مت، میں آگے چلوں گا تم میری عبا کا دامن پکڑ کر میرے پیچھے چلنا، ہم دریا پار کرلیں گے۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دریا میں قدم رکھا اور شاگرد نے بھی ان کا دامن تھام لیا، خدا کے اذن سے آپؑ نے دریا کو اس طرح پار کرلیا کہ آپؑ کے پاؤں بھی گیلے نہ ہوئے۔ شاگرد نے یہ دیکھ کر کہا: میری ہزاروں جانیں آپؑ پر قربان! آپ جیسا صاحب اعجاز نبی تو پہلے مبعوث ہی نہیں ہوا۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: یہ معجزہ دیکھ کر تمہارے ایمان میں کچھ اضافہ ہوا؟ اس نے کہا: جی ہاں! میرا دل نور سے بھر گیا، پھر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اگر تمہارا دل نورانی ہو چکا ہے تو بتاؤ روٹیاں کتنی تھیں؟ اس نے کہا: حضرت روٹیاں بس دو ہی تھیں۔ پھر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام وہاں سے چلے، راستے میں ہرنوں کا ایک غول گزر رہا تھا، آپ نے ایک ہرن کو اشارہ کیا، وہ آپ کے پاس چلا آیا، آپ نے ذبح کرکے اس کا گوشت کھایا اور شاگرد کو بھی کھلایا۔ جب دونوں گوشت کھا چکے تو حضرت عیسیٰؑ نے اس کی کھال پر ٹھوکر مار کر کہا: ''اللہ کے حکم سے زندہ ہو جا'' ہرن زندہ ہوگیا اور چوکڑیاں بھرتا ہوا دوسرے ہرنوں سے جاملا۔ شاگرد یہ معجزہ دیکھ کر حیران ہوگیا اور کہنے لگا: اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے آپ جیسا نبی اور معلم عنایت فرمایا ہے۔ حضرت نے فرمایا: یہ معجزہ دیکھ کر تمہارے ایمان میں کچھ اضافہ ہوا؟ شاگرد نے کہا: اے اللہ کے نبی! میرا ایمان پہلے سے دوگنا ہو چکا ہے۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: پھر بتاؤ کہ روٹیاں کتنی تھیں؟ شاگرد نے کہا: حضرت روٹیاں دو ہی تھیں۔ دونوں چلتے گئے، ایک پہاڑی کے دامن میں سونے کی تین اینٹیں پڑی تھیں، آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: ایک اینٹ میری اور ایک اینٹ تمہاری ہے اور تیسری اینٹ اس کی ہے جس نے تیسری روٹی کھائی شاگرد جلدی سے بولا: حضرت تیسری روٹی میں نے ہی کھائی تھی۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس لالچی شاگرد کو چھوڑ دیا اور فرمایا: تینوں اینٹیں تم لے جاؤ، اور وہاں سے روانہ ہوگئے، لالچی شاگرد سوچنے لگا کہ ان اینٹوں کو گھر کیسے لے جائے۔ اسی دوران تین ڈاکو گزرے، انہوں نے اس کے پاس سونے کی تین اینٹیں دیکھیں، تو اسے قتل کردیا اور آپس میں طے کرلیا کہ ہر شخص کے حصے میں ایک ایک اینٹ آئی ہے۔ وہ بھوکے تھے، انہوں نے ایک ساتھی کو پیسے دیئے اور کہا روٹیاں لے آؤ، پھر ہم اپنا اپنا حصہ اٹھالیں گے، وہ روٹیاں لینے گیا تو دل میں سوچا اگر میں روٹیوں میں زہر ملا دوں تو دونوں ساتھی مرجائیں گے اور تینوں اینٹیں میری ہو جائیں گی۔ ادھر دونوں ساتھیوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ اگر ہم اپنے اس ساتھی کو قتل کردیں تو ہمارے میں حصہ میں سونے کی ڈیڑھ ڈیڑھ اینٹ آجائے گی۔ جب ان کا تیسرا ساتھی زہر آلود روٹیاں لے کر آیا تو دونوں نے اسے قتل کردیا، پھر جب انہوں نے روٹی کھائی تو وہ دونوں بھی زہر سے مرگئے، واپسی میں حضرت عیسیٰؑ علیہ الصلوٰۃ والسلام وہاں سے گزرے تو دیکھا کہ اینٹیں (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

## یقین جانیے مجھے اگلے گریڈ میں ترقی مل گئی!

### آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل

**اگلے گریڈ میں ترقی مل گئی:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیچ کے تمام افسران کو اگلے گریڈ میں ترقی مل گئی تھی لیکن میری ترقی کا حکم نامہ جاری نہیں ہو رہا تھا کافی کوششیں کیں سفارش تک کروائی پر ایک بڑے افسر کے دستخط نہ ہونے کی وجہ سے میری ترقی رکی ہوئی تھی۔ ایک دوست نے آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل کتابچہ دیا اور دن رات کھلا پڑھنے کا کہا میں نے بھی مسلسل پڑھا نہ دن دیکھا نہ رات پڑھتا رہا۔ ایک ماہ کے اندر اندر میری فائل پر دستخط ہوگئے اور میری ترقی کا حکم نامہ جاری ہوگیا میں حیران تھا اتنی سفارشوں سے جو کام نہیں ہوا چند ہفتے مسلسل وظائف کی بدولت سے ہوگیا۔ (نبیل محمد، لاہور)

**ناراض بہو گھر آگئی:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بہو پچھلے تین ماہ سے اپنے میکے میں رہ رہی تھی گھریلو معاملات کی وجہ سے وہ ناراض تھی۔ میں نے اللہ سے دعا کی کہ میری بہو گھر آجائے کیونکہ میں اپنے بیٹے کا گھر برباد ہوتا نہیں دیکھ سکتی تھی۔ تسبیح خانے میں اکثر آتی رہتی تھی ایک جمعرات آئی تو ایک خاتون آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل کتابچے کا مطالعہ کررہی تھی میں نے اس بارے پوچھا اور اپنا مسائل بیان کیا اس نے کہا تم اس کو لگن اور یقین سے پڑھو اور لوگوں میں تقسیم کرو ان شاء اللہ تمہارے گھریلو الجھنیں ختم ہو جائیں گی میں نے دل سے پڑھا اور تین بار 200 کتابچہ تقسیم کیا ڈیڑھ ہفتے میں جب میں اپنی بہو کو لینے گئی تو وہ خوشی خوشی گھر آگئی حالانکہ پہلے دو بار میں گئی تھی لیکن اس نے آنے سے انکار کردیا تھا۔ (والدہ حبیب اللہ، قصور)

قارئین! ابلاغ رنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچایئے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں، ہسپتالوں، کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر داد رسی کا ذریعہ بنیں! (قیمت فی کتابچہ 20 روپے، تقسیم کیلئے خاص رعایت صرف 10 روپے میں حاصل کیجئے)




قدرت کا انمول تحفہ
طب نبوی حسن و جمال کریم
چہرے کا حسن دوبالا کرے 'داغ' دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ
انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے
طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد وخواتین کیلئے لاجواب تحفہ
قیمت صرف 330 روپے علاوہ ڈاک خرچ

تمام خوشیاں آپ کی جھولی میں
ہجویری محل چلیے!

# قد بڑھانے کیلئے ورزش اور مالش! فوائد حیران کن ہیں!

میمونہ مدثر، اوکاڑہ

چھوٹے قد عام طور پر وراثت میں ملتے ہیں مگر جن لوگوں کو وراثت میں نہیں ملتے ان کے قد چھوٹے رہ جانے بلکہ عام نشوونما کی رکاوٹ کا سب سے بڑا سبب گلے کے ان غدود کی خرابی ہے جن کو عام طور پر ٹانسلز کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ عمر کے ایک خاص حصے تک جسم کی نشوونما اور قد کا زیادہ تر انحصار انہی غدودوں کی صحت پر مبنی ہے۔ اگر یہ غدود صحیح کام کرتے رہیں تو جسم کی بڑھوتری خوب ہوتی ہے۔ قد بھی خوب بڑھ سکتا ہے مگر جوں ہی یہ غدود خراب ہو جاتے ہیں یعنی بیمار ہو جاتے ہیں، دیکھتے ہی دیکھتے نشوونما رک جاتی ہے اور قد میں بھی پھر کوئی اضافہ ممکن نہیں رہتا۔ بچوں کی نشوونما یا قد میں اگر اچانک رکاوٹ پیدا ہو جائے تو فوراً بچوں کے ٹانسلز چیک کرانے چاہئیں اور ہمیشہ دیسی دواؤں سے ان کا علاج کرنا چاہئے۔ دیسی دواؤں سے نہ صرف ٹانسلز بالکل تندرست ہو جاتے ہیں اور ان کے بار بار خراب ہو جانے کا خطرہ ٹل جاتا ہے بلکہ قد اور نشوونما میں بھی بھرپور اضافہ ہونے لگتا ہے۔ کئی ہزار ایسے بچے جن کے قد نہیں بڑھ رہے تھے یا نشوونما بالکل رک گئی تھی، رکنے کا سبب وہی ٹانسلز کی خرابی تھا۔ چنانچہ جوں ہی اس کا علاج کیا گیا بچوں کی نشوونما دوبارہ شروع ہوگئی اور انہوں نے خوب قد کاٹھ نکالے۔ ہمارے ملک میں جتنے کوتاہ قد کے لوگ ہیں ان میں زیادہ تعداد ایسے ہی لوگوں کی ہے جن کے ٹانسلز بچپن میں خراب ہوئے اور مناسب علاج میسر نہ آنے کی وجہ سے خراب رہے۔ ٹانسلز کا باقاعدہ علاج تو کسی اچھے تجربہ کار طبیب سے ہی کروانا چاہئے۔ تاہم جہاں کہیں اس قسم کے طبیب میسر آنا ممکن نہ ہو تو وہاں ان تدابیر کو اختیار کرنا چاہئے۔ بڑی عمر ہونے پر کم از کم 25 سال کی عمر تک قد میں اضافے کے کافی روشن امکانات ہوتے ہیں۔ اگر کوئی خاص مرض یا قوی سبب موجود نہ ہو تو دو ورزشیں ایسی ہیں کہ جن کے کرنے سے قد میں اضافہ ممکن ہے۔ ان میں سے ایک ورزش تو لٹکنے کی ہے یعنی کسی بلند چیز کو دونوں ہاتھوں سے اچھی طرح پکڑ کر لٹک جائیں اور ہاتھوں کے سہارے پورے جسم کو آہستہ آہستہ اوپر اٹھائیں حتیٰ کہ جس چیز کو آپ نے پکڑا ہے آپ کی ٹھوڑی اس چیز یعنی آپ کے ہاتھوں سے اوپر ہو جائے۔ پھر آہستہ آہستہ اپنے جسم کو نیچے لائیں۔ روزانہ پانچ سات مرتبہ اس طرح کریں۔ دوسری ورزش یہ ہے کہ صبح جب آپ کی آنکھ کھلے تو چت لیٹے لیٹے اپنے جسم کو خوب تان لیجئے پھر ڈھیلا چھوڑ دیجئے۔ اس طرح ہر روز پانچ سات مرتبہ کیجئے۔ بڑی عمر میں قد میں اضافے کی گنجائش صرف کمر کی ریڑھ کی ہڈی کے مہروں کے درمیانی خلاء کے سبب ممکن ہوتی ہے اور بس ظاہر ہے کہ قد میں اضافہ ایک تا دو انچ ہی ممکن ہو سکتا ہے اس سے زیادہ نہیں۔ مندرجہ بالا ہر دو ورزشیں اسی مقصد کو پورا کرتے ہیں۔ یہاں اس بات کی وضاحت بھی ضروری ہے کہ قد بڑھانے کی کسی دوا پر اعتبار نہ کریں اور نہ ایسی کوئی دوا ہمارے تجربے یا مشاہدے میں ہے کہ جس کے کھانے یا مالش سے قد میں کسی بھی طرح کا اضافہ ممکن ہو۔ بعض لوگوں کا یہ دعویٰ کہ کسی دوا سے ہارمونی نظام کو تحریک دیکر قد میں اضافہ کیا جا سکتا ہے، عملی طور پر غلط ہے۔ ہارمونی نظام اتنا سادہ نہیں ہے کہ ہر کس و ناکس کو اس کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کی اجازت دی جائے اور وہ بھی جب کہ اس قسم کی دوا کا کوئی وجود ہی نہ معلوم ہوا ہو۔

# دماغ کو طاقتور ترین بنانے کی سادہ سی خوراک

ڈاکٹر محمد زعفران

ڈاکٹروں کا قول ہے کہ تندرستی کی حالت میں جب خون کا دورہ باقاعدہ ہوتا ہے تو جسم اس کے ذریعہ سے غذائیں دماغ کے سامنے پیش کرتا ہے جن میں سے دماغ اپنے مطلب کی غذائیں چن لیتا ہے، مگر جب خون کا دورہ باقاعدہ نہ ہو تو دماغ کو بھی غذا پوری نہیں ملتی جس سے اس کی طاقت گھٹنے لگتی ہے۔ اس حالت میں ضروری ہے کہ دماغ کو مناسب غذا پہنچائی جائے۔ انسان کی زندگی میں ایک وقت ایسا بھی آتا ہے جب دماغ کیلئے مناسب غذا کا خیال انتہائی ضروری ہو جاتا ہے اور یہ وقت وہ ہے جب عقل ڈاڑھ نکلتی ہے یعنی انسان بچپن سے نکل کر جوانی میں قدم رکھتا ہے۔ یہ زمانہ بہت نازک ہے اس لئے لازم ہے کہ غذا میں خون کی کمی شکایت پیدا ہونے کا خطرہ ہوتا ہے جس سے عصبی نروس سسٹم میں کمزوری اور بے چینی پیدا ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر نوجوان جو بچپن میں تندرست ہوتے ہیں اس عمر میں صحت کی نعمت سے محروم ہو جاتے ہیں۔ خوراک کی غفلت سے پہلے خون میں کمی واقع ہوتی ہے پھر جسم میں کمزوری آنے لگتی ہے جس کا اثر دماغ پر بھی ہوتا ہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ جب دماغی کمزوری پیدا ہو تو اس کا علاج کیا ہے؟ یاد رکھئے کہ اس حالت میں دوا سے زیادہ غذا مفید ثابت ہوگی ہاں البتہ بعض حالتوں میں دوا اور غذا اور دونوں صرف دوا سے کام نہیں بنے گا۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ کون سی غذا دماغ کے لیے مفید ہے۔ سائنسدانوں کا تجربہ ہے کہ ”فاسفورس دماغی تقویت اور ترقی کے لیے ضروری چیز ہے“۔ اس لیے بہت بہتر ہے کہ اس حالت میں ایسی خوراک استعمال کی جائے جس میں فاسفورس کے اجزاء نسبتاً زیادہ مقدار میں پائے جاتے ہیں مثلاً مچھلی یہ دماغ کیلئے مفید ہے کیونکہ اس میں فاسفورک ایسڈ بہت مقدار میں پایا جاتا ہے اسی طرح انڈے، چوزے، دودھ، مکھن اور خصوصیت سے بادام بہت مفید ہیں۔ چنے، مٹر، سویابین، مغزیات، کشمش، پستہ، اخروٹ اور پنیر بھی دماغ کے لیے عمادہ غذا ہے۔ اس میں دماغی مادہ پیدا کرنے کے اجزاء موجود ہیں اور فاسفورس کی مقدار باقی غذاؤں کی نسبت اس میں زیادہ پائی جاتی ہے۔ فاسفورس کے علاوہ اس میں وہ سب اجزاء پائے جاتے ہیں جو اعصاب اور عضلات کو تیار کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ دماغ کے لیے بادام، روغن، دودھ، مکھن اور پنیر بہت مفید ہے بلکہ یہ دماغ کے لیے ایک غیر معمولی نعمت ہیں۔ دماغی کام کرنے والوں کیلئے گوشت نقصان دہ ہے۔ بھینس کا دودھ بھی مفید نہیں ہلکی، زود ہضم اور طاقت بخش غذائیں دماغ کو روشن رکھتی ہیں۔ گیہوں ہماری عام غذا اور نہایت مفید شے ہے۔ جس کی طرف ہم کبھی توجہ نہیں کرتے اور جسے جانوروں کا کھاجانا چھوڑا ہے۔ وہ شے جو ہے جو کا آٹا سب چیزوں کا سرتاج ہے۔ بے حد غذائیت بخش، فاسفورس، چربی اور دیگر مقوی اجزاء کا مرکب ہے۔ اسے دودھ میں ملا کر پینا پیٹنٹ دواؤں کو مات کرتا ہے۔ سیب دماغ کے لیے سب سے زیادہ مفید پھل ہے۔ یہ دماغ کو قوت دیتا ہے اور دردسر میں نافع ہے۔ علاج: کوئی دماغی کام خصوصاً لکھنے پڑھنے کا لیٹ کر نہ کرنا چاہیے کیونکہ اس سے دماغ پر زیادہ بار پڑھنے سے دماغ (باقی صفحہ نمبر 48 پر)

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف (شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں)
ٹھنڈی مراد
شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے
ہاتھ پاؤں میں جلن، سر چکرانا، منہ کی خشکی، آنکھوں کے سامنے اندھیرا، جگر و مثانے کی گرمی، یورک ایسڈ، قبض، ہائی بلڈ پریشر، زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین
جسم ٹوٹے دل گھبرائے یا پتھری ستائے
صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ
پانی سے شفاء! ہجویری محل چلیے!

# گھبرائیے نہیں! میں آسان ٹوٹکہ لیکر حاضر ہوئی ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی ان خدمات کے لیے آپ کے درجات بلند فرمائے آپ کو صحت کاملہ اور درازی عمر عطا فرمائے آمین۔ **دومنہ بالوں کے لیے:** اکثر خواتین اور لڑکیاں اس وجہ سے پریشان ہوتی ہیں کہ ان کے بال دومونہے ہیں۔ تو گھبرائیے نہیں میں آسان ٹوٹکہ لے کر حاضر ہوئی ہوں اس کے لیے آپ کو کچھ لگانا بھی نہیں پڑے گا۔ بس بالوں کو سرے سے پکڑ کر جو بال دومونہے والے ہیں ان کو کھولتے جائیں سارے بالوں کو کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ تھوڑے بال کو کھولنا کافی ہے۔ یہ میرا آزمودہ نسخہ ہے پہلے میرے بال بھی ایسے ہی تھے جن کی وجہ سے بال بہت برے لگتے۔ تین چار سال پہلے میں نے بھی اپنے بال ایسے ہی کھولے اس کے بعد سے لے کر اب تک میرے بالوں میں دوبارہ کوئی دومونہے بال نہیں آئے۔ **پاؤں کی سوزش کے لیے:** سردیوں میں اکثر لوگوں کو ایسا مسئلہ پیش آتا ہے کہ ان کے پاؤں کی انگلیاں سوج جاتی ہیں اور خارش بھی شدید ہوتی ہے جس کی وجہ پاؤں کی انگلیوں اور انگوٹھے پر چھالے بن جاتے ہیں۔ رات کو پاؤں رضائی میں بھی نہیں رکھ سکتے کہ اس سے خارش مزید ہوتی ہے۔ آج سے دوسال پہلے میں بھی اسی بیماری کا شکار تھی۔ اس کے لیے میں نے یہ ٹوٹکہ آزمایا جو کہ نہایت تیز بہدف ہے۔ **ھوالشافی:** دو یا ایک عدد شلجم لے کر اس کے چھلکے اتار لیں۔ پھر اس کے موٹے ٹکڑے کاٹ کر پانی میں ابال لیں جب پانی اُبل جائے تو اس پانی کو اس ٹب میں ڈال دیں جس میں پاؤں بھگوئے جاسکیں۔ دھیان رہے کہ شلجم کا کوئی ٹکڑا ٹب میں نہ جائے اگر چلا جائے تو نکال لیں کیونکہ رزق کی بے حرمتی تو کرنی نہیں۔ اب اس پانی میں اتنا تازہ پانی ڈالیں کہ پانی نیم گرم رہ جائے۔ اب اس نیم گرم پانی میں پندرہ سے بیس منٹ کے لیے پاؤں بھگوئیں۔ پاؤں بھگونے کے بعد صابن سے پاؤں دھولیں لیکن اسی نیم گرم پانی سے۔ اب پاؤں کو اچھی طرح خشک کر کے سرسوں کا تیل لگالیں اور پھر جرابیں پہن لیں۔ یہ تین دن کرنا ہے اور رات کو کرنا ہے یہ عمل میرا آزمودہ ہے پہلے سردیاں شروع ہوتے ہی میرے پاؤں خراب ہوجاتے تھے لیکن اس سال الحمدللہ میرے پاؤں بالکل ٹھیک ہیں۔ اگر دوبارہ ایسا مسئلہ ہو تو پھر یہی عمل کرلیں۔ **دھنیا تازہ رہے:** اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ دھنیا فریج میں رکھیں اور وہ خراب بھی نہ ہو تو اس کے لیے آپ سلور کے ڈھکن والے برتن میں دھنیا رکھیں اگر دھنیا اس طرح سے پانچ چھ دن بھی پڑا رہے گا تو بھی تازہ رہے گا۔ ہم اپنے گھر میں دھنیا ایسے ہی رکھتے ہیں، دھنیا ایسے ہوتا ہے جیسے ابھی ابھی کاٹا ہو۔ (ایلساء احسان، حافظ آباد)

# کچن کے ٹوٹکے! میرے آزمودہ صرف آپ کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! (۱) چھری سے ہاتھ کاٹ جائے تو ہلدی لگا کر پٹی کرلیں زخم جلدی ٹھیک ہوجائے گا کامیاب ٹوٹکہ ہے۔ (۲) دس سال پرانا ٹوٹکہ جس آدمی کا موٹاپا ختم کرنا ہو وہ آدمی روزانہ صبح نہار منہ آدھا کپ نیم گرم پانی میں دو چمچ شہد ملا کر پی لے یہ عمل کچھ ماہ کرے موٹاپا ختم ہو جائے گا۔ بازاری سالن کڑاھی ہوٹلوں کے کھانے مت کھائیں۔ (۳) کھانا کھانے کے بعد تھوڑی اجوائن پانی کے ساتھ کھالیں موٹاپا کبھی بھی نہیں ہوگا۔ (۴) آم کھائیں اگر ہضم نہ ہوں تو جامن کھالے آم جلدی ہضم ہو جائیں گے۔ (۵) سالن میں مرچ زیادہ ہوجائے تو لیموں کا رس ڈال دے مرچ کی مقدار کم ہوجائے گی۔ (۶) دانت پیلے پڑ جائے تو دس تولہ لیموں کے چھلکے پیس کر اس میں نمک اور چھ ماشہ کافور ملادے دوائی دانتوں پر ملے تمام میل پیلا پن ختم۔ (۷) مچھر بھگانے کے لیے کمروں میں نیم کے پتوں کی دھونی دیں مچھر بھاگ جائے گا۔ اس کے علاوہ حرمل کی دھونی سے بھی مچھر بھاگ جائے گا لوبان کی دھونی سے مچھر بھاگ جائے گا۔ **ٹوتھ پیسٹ کے نقصان:** 80 فیصد لوگ معدے اور پیٹ کے مریض ہیں یہ سب ٹوتھ پیسٹ برش کی وجہ سے ہیں ٹوتھ پیسٹ برش کرنے سے برش کی تہہ میں جراثیم لگ جاتے ہیں برش ایک بار استعمال کرنے سے برش کے ریشے سخت ہوتے ہیں جب آپ برش کرتے ہیں تو برش کی رگڑ سے مسوڑھے خراب ہوتے ہیں۔ مسوڑھے دانتوں سے الگ ہو جاتے ہیں۔ برش کرنے سے مسوڑھوں میں ورم پیدا ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے مسوڑھوں سے خون نکلتا رہتا ہے۔ برش کرنے سے مسوڑے پھول جاتے ہیں اور دانت جلدی نکل جاتے ہیں۔ برش سے ماس خورہ لگ جاتا ہے جس کی وجہ سے کم عمری میں دانت ہل جاتے ہیں۔ برش کرنے سے دانت کی چمک ختم ہو جاتی ہے۔ دانتوں میں فاصلہ پیدا ہوجاتا ہے۔ جب آپ بڑا گوشت کھائیں گے تو آپ کے مسوڑھے پھول جائیں گے درد پیدا ہوگا۔ اس لیے بہتر ہے مسواک کریں۔ (طٰہٰ سلطان)

## داغ دھبوں چھائیوں سے نجات کیلئے میرا آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دیسی کریم حیرت انگیز اور کرشماتی رزلٹ دیتی ہے نہ صرف رنگ نکھارتی ہے بلکہ جھریاں، چھائیاں، داغ دھبے، دانے اور انکے نشانات بھی دور کرتی ہے۔ انتہائی اعلیٰ درجہ کی اینٹی بائیوٹک اور اینٹی سیپٹک ہے۔ اس کا مشاہدہ بندہ نے خود کیا۔ اس کے علاوہ اپنے بچے کے ختنے کرائے ختنے کا زخم خراب ہوگیا اور بہت زیادہ سوزش ہوگئی ڈاکٹر کو چیک کرایا ڈاکٹر نے کھانے کے لیے ایک مہنگی اینٹی بائیوٹک دی اور لگانے کے لیے بہت مہنگی کریم لکھ دی۔ وہ کریم کچھ دن لگائی لیکن اس سے کچھ خاص فرق نہ پڑا البتہ اس کا سائیڈ ایفیکٹ سامنے آیا کہ جیسے ہی جلد کسی چیز سے ٹکراتی زخمی ہوجاتی اور خون نکل آتا آخر سوچ بچار کے بعد دیسی کریم کو کھولا اور لگایا۔ سبحان اللہ۔ پہلی بار لگانے سے فرق محسوس ہوا کہ جیسے دیسی کریم پیپ کو کھا گئی ہو اور زخم بہت جلد خشک ہوگیا۔ (امتیاز احمد)

## جسم کی دردوں کے لیے خاص تیل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اونٹ کی کوہان کی چربی آدھا کلو، ڈالڈا گھی ایک پاؤ، اجوائن آدھی چھٹانک۔ چربی اور گھی خوب گرم کریں اور اس میں آدھی چھٹانک اجوائن ڈال دیں اجوائن کالی ہوجائے تو اتار کر ٹھنڈا کرلے اور چھان کر بوتل میں ڈال لے دوائی تیار ہے۔ کسی بھی جگہ درد ہو، کمر درد میں تو بہت مفید ہے نیم گرم کرکے مالش کرنی ہے۔

**گردے کی درد کے لیے:** پتھری نہ ہو گردوں کے درد کیلئے یہ نسخہ بہت مفید ہے۔ جگنو مار کر کیپسول میں ڈال لیں۔ تین رات ایک ایک کیپسول کھائیں درد ختم ہوجائے گا ان شاء اللہ۔ عبقری میں یہ نسخہ کئی مرتبہ شائع ہوچکا ہے۔ (شاہد محمود، گوجرانوالہ)

گُردی مختصر دوائی فائدے بے شمار
کمزور گردے پرانی سے پرانی گردہ مثانے کی پتھری یوریا یورک ایسڈ، ڈائیلاسز سے نجات کیلئے خالص جڑی بوٹیوں سے بنی گردی استعمال کریں
گردے کے مریض کو جہاں شفا یابی کا ذریعہ بنتی ہے وہاں مرض کی وجہ سے کمزوری ضعف اور نقاہت کو فوری ختم کرتی ہے۔
(قیمت صرف 250 روپے)
بری تقدیر کو بدل دینے والا عمل
ہجویری محل چلیے!

# اگربتی کے دھوئیں سے شفایابی کا انوکھا چٹکلہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میرا پسندیدہ شمارہ ہے‘ بے شمار ٹوٹکے ملتے ہیں‘ نسخہ جات سے مستفید ہوتا ہوں‘ وظائف سے پریشانیوں سے چھٹکارا پاتا ہوں۔ لاتعداد لوگوں کو وظائف‘ نسخہ اور عبقری ٹوٹکے بتائے آج پرسکون زندگی گزار رہے‘ بعض نسخہ جات تو لوگ عبقری کے نسخہ جات مجھ سے لیکر باقاعدہ بیچ رہے اور ٹھیک ٹھاک منافع کمار ہے ہیں اور کامیاب حکیم بن چکے ہیں۔ کچھ اپنے آزمودہ تجربات پیش کررہا ہوں:۔ میرے سر میں ایک مرتبہ شدید درد ہوا علاج کروایا مگر افاقہ نہ ہوا عارضی فائدہ ہوتا میں بہت پریشان تھا میں نے جنوری کے خاص نمبر میں ایک نسخہ پڑھا تھا جو مرض سمجھ نہ آتا ہو اس میں آنکھ بند کرکے استعمال کریں میں نے وہ نسخہ بنایا وہ اس طرح سے ہے۔ ھوالشافی: چینی ایک پاؤ، میٹھا سوڈا 50 گرام اور ست پودینہ 12 گرام۔ میں نے یہ نسخہ تیار کرکے سونگھا تو معلوم ہوا کہ نزلہ جو کہ رکا ہوا تھا اس کی وجہ سے سر میں درد ہورہا تھا سونگھنے سے دوائی نے ٹھاہ کرکے درد کو پکڑا اور سر کے درد سے نجات ملی اور پیلے رنگ کی رطوبت خارج ہوگئی اور مجھ کو اللہ تعالیٰ نے شفاء فرمائی۔

## موہکوں کے لیے

میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے موہکوں کے لیے جو میں پڑھنے والوں کی نذر کرتا ہوں۔ موہکے جو عموماً گردن اور ڈاڑھی میں نکل آتے ہیں بدنما لگتے ہیں ٹوٹکہ یہ ہے کہ ان کو اگربتی کا دھواں دیا جائے۔ دھواں اس طرح دیا جائے اگربتی کی گرمی محسوس نہ ہو یعنی تھوڑے دور سے دیا جائے اگربتی کا دھواں اتنے فاصلے سے دیا جائے جتنا آپ برداشت کرسکیں یعنی تقریباً پانچ یا چھ انچ کے فاصلے سے صرف دو منٹ کے عمل سے موہکے سکڑ کر چھوٹے ہوجائیں گے اس کو پکڑ کر جڑ سمیت باہر نکال دیں اور اس جگہ پاؤڈر وغیرہ لگادیں اگربتی کا دھواں دینے سے موہکے کی جڑیں کمزور ہوجاتی ہیں۔ ایک مرتبہ میری ڈاڑھی میں موہکے نکل آئے تھے میں نے اگربتی استعمال کی اور نکال پھینکے۔ ایک دوست کے ہاتھ پر موہکا تھا میں نے اس کو بتایا تو ایک منٹ کے بعد اس نے نکال دیا یعنی ایک منٹ اگربتی کا دھواں دیا اور موہکا جڑ سمیت نکال دیا۔

## سفوف جلن معدہ

یہ ایک مطب کا چلتا ہوا نسخہ ہے جو کہ دو پشتوں سے چل رہا ہے جو بھی استعمال کرتا ہے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔ جگر معدہ کی گرمی، مثانے کی گرمی اور دیگر ہر قسم کی گرمی کے لیے استعمال کریں میں نے ایک عامل کو یہ نسخہ دیا وہ اس کو کامیابی سے استعمال کررہا ہے وہ معدے سے لے کر یرقان تک اس نسخہ کو استعمال کررہا ہے میں نے کہا کوئی اور نسخہ بھی استعمال کرلیا کرو اس نے کہا کہ اور ہے ہی کچھ نہیں ہمارے پاس۔ اس عامل نے مجھ سے کہا کہ اس دوائی کے ٹھیک ٹھاک پیسے لیا کرو کم پیسے میں یہ دوائی نہ دیا کرو۔ نسخہ کچھ اس طرح سے ہے۔ ھوالشافی: دھنیا خشک 50 گرام، سونف 50 گرام، الائچی سبز 20 گرام، زیرہ سفید 20 گرام، ست پودینہ 3 گرام اور میٹھا سوڈا 20 گرام ڈالیں۔ چینی یا مصری تمام ادویات کے ہموزن ڈالیں۔ جگر اور مثانے کی گرمی کے لیے خالی پیٹ استعمال کریں اور دیگر امراض کے لیے کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں۔ (اقبال احمد، کوٹ رادھا کشن)

# ساس کا شکریہ! ان کے بتائے ٹوٹکہ سے صحت ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دو سال پہلے عبقری رسالہ سے تعارف ہوا میری ایک ملنے والی نے مجھے دیا تھا اسکے بعد سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔

## انڈے سے الرجی کا خاتمہ

مجھے انڈے سے شدید الرجی تھی کسی بھی چیز میں انڈا شامل ہو میں کھالوں تو شدید گیس کا درد ہوتا تھا پوری رات تڑپتے ٹہلتے گزرتی تھی۔ بیکری آئٹم کبھی کھالوں یا کباب میں انڈا ہو کہیں دھوکے سے کھالوں تو یہ مسئلہ ہوتا تھا۔ شادی کے بعد میری ساس امی نے اللہ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے مجھے دو بڑی الائچی کے دانے کھانے کے لیے دیئے کہ چبا کر پانی سے نگل جاؤ۔ یہ عمل کئی بار کیا اور فوری افاقہ ہوا۔ فوراً پیٹ صاف ہوجاتا گیس وغیرہ ختم ہوجاتی حیرت اور خوشی بلکہ صد شکر کا مقام ہے کہ اب مجھے انڈے سے الرجی بالکل نہیں میں انڈہ کھاتی ہوں اس سے بنی ہر چیز کھاتی ہوں۔

## میرے والد کی صحت وتندرستی کا راز مسواک

اکثر دانت میں درد رہتا تھا برش اور پیسٹ کی جگہ مسواک استعمال کی دنیا کے فائدے تو ہوئے ہی آخرت کے فائدے یہ کہ نماز کا ثواب 27 گنا بڑھ جاتا ہے۔ مرتے وقت ان شاء اللہ کلمہ نصب ہوگا۔ اگر مسواک اپنے پاس رکھی جائے (جیب میں یا پرس میں) تو بڑے سے بڑا حادثہ ہو ہڈی نہیں ٹوٹے گی ان شاء اللہ۔ میرے والد کو بارہا تجربہ ہوا۔ ایک واقعہ درج ذیل ہے: والد کا گیٹ، جالی، گرل کا کارخانہ تھا ایک بارٹنوں لوہا آیا۔ اتارا جانے لگا تو والد صاحب قریب ہی کرسی پر بیٹھے تھے پورا لوہے کی چادروں کا بنڈل رسی ٹوٹنے کی وجہ سے انکے آدھے دھڑ پر گر گیا چیخیں نکل گئیں سب سمجھے ان کی ٹانگوں کا کچومر نکل گیا ہوگا۔ پھر انہوں نے کاریگروں سے کہا اپنے ہوش وحواس درست کرتے ہوئے۔ دیکھو اکٹھا چادریں ہٹانے کی کوشش نہ کرو ایک ایک چادر اٹھاتے جاؤ دور ڈالتے جاؤ اس طرح جب ساری ہٹ گئیں تو لوگ جو سمجھ رہے تھے ان کی ٹانگیں سلامت نہ ہوں گی وہ حیران رہ گئے انہوں نے کہا آہستہ آہستہ پیروں میں مساج کرو پھر سہارا لیکر کھڑے ہوگئے ماشاء اللہ 80 سال عمر ہے الحمدللہ حیات ہیں۔ ایسے کئی حادثے ان کے ساتھ ہوئے۔ مسواک کو لازم کرلو دانتوں کے امراض سے نجات پاؤ اور آخرت کی بھلائیاں بھی۔

**پھٹکڑی کا فائدہ:** دانت کے درد میں پھٹکڑی پانی میں گھول کر اس پانی سے اچھی طرح غرارہ کریں فوری آرام ہوگا۔ آزمودہ ہے۔

## بڑی الائچی اور دار چینی کا پانی! بچے صحتمند

ایک ٹوٹکہ آزمایا ہوا ہے کہ بچوں کو گیس‘ تبخیر‘ قبض ہوجائے تو دو بڑی الائچی اور دو ٹکڑے چھوٹے دار چینی‘ ڈیڑھ کپ پانی میں ڈال کر ابال لیں‘ جب ایک کپ رہ جائے تو اتار لیں‘ چھوٹے بچے کیلئے آدھا چائے کا چمچ ہر گھنٹے بعد‘ ایک سال کے بچے کو بڑا چمچ دن میں تین مرتبہ‘ پیٹ ہمیشہ ٹھیک اور بچہ ہمیشہ تندرست رہے گا۔ (رانا طارق احمد‘ لاہور)

بنفشی قہوہ — دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج | درد شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں | گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے پڑنا، آنتوں کے امراض | بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا | قیمت 140 روپے علاوہ ڈاک خرچ | دھونی سے دماغی بیماریاں ختم ہجویری محل چلیے!

# معمولی کمزوری کی دوا لینے گیا، گردے تباہ کروا بیٹھا

## عبقری گاہک کیساتھ ہونے والے دھوکے کا انکشاف

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ آٹھ سال سے پڑھ رہا ہوں‘ تسبیح خانہ سے روحانی تعلق بھی ہے‘ عبقری کی ادویات سالہا سال سے استعمال کررہا ہوں‘ الحمدللہ! میرے گھر میں جو بھی طبی و روحانی مسئلہ ہو سب سے پہلے عبقری ہی ذہن میں آتا ہے‘ عبقری کی بے شمار خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے تیارکردہ ادویات نے ہماری ایلوپیتھک ادویات سے جان چھڑوادی ہے‘ عبقری دواخانہ سے تعارف سے پہلے میرا گھر پورا میڈیکل سٹور تھا‘ سیرپ‘ گولیاں‘ کیپسولز کا پورا باکس تھا‘ مگر جب عبقری ملا‘ عبقری کی ادویات استعمال کیں‘ اللہ کا کرم ہوا اور ہم صحت یاب ہونا شروع ہوگئے۔ عرصہ ہوا ایلوپیتھک ادویات گھر سے جاچکی ہیں۔ میری شادی کو عرصہ چار سال ہوگئے تو مجھے حقوق ادا کرنے میں پریشانی پیش آنا شروع ہوئی‘ معمولی سی کمزوری محسوس ہوئی تو سب سے پہلے عبقری ہی ذہن میں آیا‘ میں قریبی عبقری کی ایجنسی پر ان کو اپنی پریشانی بتائی‘ انہوں نے مجھے باتوں میں ایک گھمایا کہ مجھے کچھ سمجھ ہی نہ آیا اور ان کی بتائی ہوئی دوا ان کی بھرپور اعتماد‘ وعدوں اور گارنٹی پر لے آیا‘ مجھ سے زندگی کی سب سے بڑی غلطی ہوئی جس کا خمیازہ میں آج تک بھگت رہا ہوں‘ بظاہر اس دوا کی پہلی خوراک نے مجھے بہت فائدہ دیا‘ مجھے لگا میں دوبارہ اٹھارہ سال کا نوجوان بن گیا ہوں‘ دل ہی دل میں اس ایجنسی ہولڈر کو دعائیں دیتا‘ جب دوا ختم ہوئی‘ بھاگم بھاگ اسی کے پاس پہنچا‘ جاکر اس دوا کی تعریفوں کے پل باندھ دیئے‘ اس نے میرے کندھے پر ہاتھ مارا اور اپنی گارنٹی یاددلائی کہ دیکھا میں نے پہلے ہی کہا تھا کہ تم اس دوا کے عاشق ہوجاؤ گے‘ میں نے دوبارہ کثیر رقم اس کے ہاتھ رکھی اور دوبارہ ڈبی جیب میں ایسے ڈالی جیسے دنیا کی سب سے قیمتی چیز میرے لیے یہی ڈبی ہے۔ آپ کو قیمت بھی بتاتا چلوں صرف دس کیپسول کی ڈبی میں نے 4 ہزار میں خریدی۔ جب دوسری ڈبی ابھی آدھی ہوئی تھی تو میرے گردوں میں درد شروع ہوگیا‘ معدہ خراب‘ جسم ہروقت گرم‘ سرگھومنے لگا‘ پریشان ہوا‘ ادویات استعمال کیں کوئی فرق نہ پڑا‘ زیادہ طبیعت خراب ہونے پر گھر والے ہسپتال لے گئے‘ ٹیسٹ وغیرہ ہوئے تو معلوم ہوا میرے گردوں میں مسئلہ ہے۔ ڈاکٹر نے بتایا کہ بہت زیادہ اسٹیرائیڈ اور جنسی ہیجان والی انگریزی ادویات کے استعمال سے گردوں پر شدید اثر پڑا ہے۔ میری آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا گیا‘ آج سسک سسک کر جی رہا ہوں‘ اس ایجنسی ہولڈر کو کیا کہا؟ بربادی تو خود ہاتھوں سے گھر لایا تھا‘ کاش! میں اس کی بات نہ مانتا اور عبقری کی بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کی دوا ہی خریدتا‘ عبقری دفتر میں اس بندے کی شکایت کی‘ الحمدللہ! اس بندے کی ایجنسی کینسل ہوچکی ہے‘ اپنے طور پر بھی قانونی کارروائی کروا رہا ہوں۔ مگر میری زندگی تو برباد ہوگئی‘ اب لاہور سے عبقری دفتر سے اسسٹنٹ صاحب کو چیک اپ کرواکر ادویات لے رہا ہوں‘ کافی بہتر ہوں مگر میری زندگی کے گزشتہ دو سال اور ابھی جو عرصہ علاج میں چل رہا ان کا ازالہ کیسے کروں؟

میری بھی عبقری قارئین سے گزارش ہے کہ ہمیشہ عبقری دواخانہ کی خالص جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے ادویات کا ہی استعمال کیجئے‘ بعض لوگ صرف زیادہ منافع کے چکر میں آپ کی زندگی سے کھیل جاتے ہیں‘ لہٰذا صرف عبقری دواخانہ کی مستند پیک شدہ دوا ہی لیں۔ میرا نام اور شہر شائع ہرگز نہ کیجئے۔ (پوشیدہ)

عبقری کی اپنے کسٹمرز سے گزارش ہے کہ جب بھی عبقری دواخانہ کی ایجنسی پر جائیں صرف عبقری دواخانہ کی تیارکردہ مستند اور معیاری ادویات کا ہی انتخاب کریں۔ جو کہ بارہا کی آزمودہ‘ سوفیصد خالص جڑی بوٹیوں‘ مغزیات اور عرقیات سے تیار کی جاتی ہیں۔ جن کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ علاوہ ازیں ادارہ کسی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہیں! اگر کوئی ایجنسی ہولڈر آپ کو کسی اور کمپنی کی دوا‘ شہد یا فوڈ آئٹم دینے میں بضد ہو تو اس نمبر پر فوراً ایس ایم ایس یا واٹس ایپ کیجئے۔ 03438710009۔ ادارہ ایسے ایجنسی ہولڈرز کے خلاف کارروائی کا حق رکھتا ہے۔ مزید ادارہ آپ کا مشکور رہے گا۔ شکریہ! (ادارہ عبقری)

# کثرت حیض کیلئے کامیاب حکیم کا نایاب نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کثرت حیض خواتین کیلئے انتہائی پریشان کن بیماری ہے! کثرت حیض‘ حیض کا زیادہ آنا اور وقت سے پہلے آنا اور بہت دن تک آتے رہنا کے لیے اگر خون حیض ایام مقررہ سے زیادہ آنے لگے اور مقدار میں بھی زیادہ آئے تو مرض نہایت خطرناک ہے کیونکہ اس سے بدن کا خون اسی طرح خارج ہوجاتا ہے‘ بہت کمزوری ہوجاتی ہے بدن کا رنگ خون کی کمی کی وجہ سے پیلا پڑ جاتا ہے‘ مریضہ چڑچڑی اور اکتاہٹ میں آجاتی ہے۔

اس مرض کے ازالہ کے لئے ایک آزمودہ نسخہ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ ھوالشافی: سنگ جراحت 50 گرام‘ گیرو 25 گرام‘ رال خام 25 گرام‘ سپاری 50 گرام‘ مازو 50 گرام‘ سمندر سوکھ 100 گرام‘ کوزہ مصری 200 گرام۔ سب ادویات باریک پیس لیں۔ خوراک: 3 ماشے‘ صبح و شام ان شاء اللہ خون ضرور رک جائے گا۔ خواتین کے لیے بہت ہی عمدہ اور بہترین نسخہ ہے چند دن کے استعمال سے صحت یاب ہوجاتی ہیں۔ (حکیم محمد اصغر سراج‘ بہاولپور)

(بقیہ: دماغ کو طاقتور ترین بنانے کی سادہ سی خوراک)

کمزور ہوجاتا ہے۔ دماغی کام ہمیشہ کھلی روشنی اور ہوادار جگہ پر بیٹھ کر کرنا چاہیے۔ ہمیشہ سانس لمبا لینا چاہیے خصوصاً دماغی کام کرنے کے بعد چند منٹ متواتر لمبے سانس لینے چاہئیں تاکہ آکسیجن زیادہ مقدار میں اندر جائے تو خون صاف ہوجائے۔ سبزے پر نگاہ ڈالنے سے دماغ کو طراوت حاصل ہوتی ہے، اس لئے دماغی کام کرنے والوں کے لیے باغ کی سیر اور پھلواڑی وغیرہ کا شوق نہایت مفید ہے۔ کچھ دیر تک دماغی کام کرنے کے بعد آسمان کی طرف دیکھنے سے سر کی طرف دوران خون کم ہوتا ہے اور آسمان کی نیلی اور پاکیزہ روشنی دماغ کو تقویت پہنچاتی ہے۔ جب دماغی کام سے تکان کا احساس ہو تو کام چھوڑ کر پانی یا دودھ پاؤ پاؤ ایک ایک گھونٹ کرکے پینے سے سر کی جانب خون کا دوران کم ہوجاتا ہے اور دماغ کو فرحت حاصل ہوتی ہے۔ دماغی کام کرنے کے بعد کھلی ہوا میں گہرا سانس لینے سے تکان دور ہوجاتی ہے اسی طرح چاند اور ستاروں کی چمک اور روشنی بھی دماغ کی فرحت بخشنے میں خاص اثر رکھتی ہے۔ دماغی محنت سے تھکنے کے بعد کھلی ہوا میں سر کو دونوں ہاتھوں سے آہستہ آہستہ ملنا تکان میں تخفیف کرتا ہے۔

پتھری ڈائیلاسز کورس
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر ”پتھری ڈائیلاسز کورس“ کا کمال دیکھیں۔
یوریا یورک ایسڈ اور کریٹنین بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔
قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)

مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔

روحانی دنیا کی سیر! ہجویری محل چلیے!

## والدہ کے گھٹنوں کے درد اور پیٹ کے جملہ مسائل کا خاتمہ ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک سال قبل میری والدہ کے گھٹنوں میں شدید درد تھا جس کے لیے کافی ادویات استعمال کیں جن میں انگریزی اور دیسی ادویات بھی شامل تھی لیکن فرق محسوس نہیں ہوا اٹھتے بیٹھتے والدہ درد سے بہت کڑھتی ساری ساری رات جاگ کر گزارتی کیونکہ گھٹنوں کا درد ہی اتنا شدید تھا میں ایک ایک دو دو گھنٹے والدہ کے پاؤں ہی دباتا رہتا جس سے ان کو کچھ سکون محسوس ہوتا تھا اور وہ سو پاتی تھیں۔ مسجد میں نماز پڑھنے گیا واپسی پر ایک بزرگ نے بلایا اور کہا کہ کیا بات ہے پریشان ہو؟ میں نے ان کو تمام بات سے آگاہ کیا تو انہوں نے کہا کہ مری میں عبقری کی ایجنسی ہے وہاں سے جا کر روحانی پھکی لے آؤ بس وہی والدہ کو استعمال کرواؤ ان شاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔ میں فوری مری کے لیے نکل گیا اور تین ڈبی روحانی پھکی کی لے آیا۔ جب میں عبقری ایجنسی پر پہنچا اور روحانی پھکی کی قیمت پوچھی تو میں حیران رہ گیا اتنی کم قیمت یہ کیا اثر کرے گی؟ پھر سوچا بزرگ صاحب نے بتایا ہے اس میں کوئی تو بات ہے ویسے بھی اس کا نام روحانی پھکی تھا۔ والدہ کو پھکی دی اور مستقل مزاجی کے ساتھ استعمال کرنے کی ہدایت کی۔ تین ڈبی ختم ہونے پر والدہ کو روحانی پھکی سے سکون ملا۔ اس کے علاوہ روحانی پھکی سے ہاضمے کا نظام بھی درست ہو گیا۔ اب گھر میں کسی کو بھی پیٹ کا مسئلہ ہو تو میں اس کو روحانی پھکی استعمال کرواتا ہوں۔ پانچ چھ خوراک لینے سے ہی پیٹ کے جملہ مسئلے کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ (محمد رفیق، گھوڑا گلی)

## پٹھوں کے درد میں افاقہ، قوت باہ میں اضافہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 60 سال ہے اور میں پٹھوں کی کمزوری، قوت باہ اور دیگر جسمانی مسائل سے دوچار تھا۔ میرا بدن ہر وقت تھکان سے چور رہتا تھا حالانکہ میں اتنا کام کرتا بھی نہیں تھا۔ میں نے آپ کا ایک پروگرام یوٹیوب پر دیکھا جس میں آپ کالرز کو نسخے اور وظائف بتا رہے تھے وہی سے میں نے عبقری کے بارے پڑھا جو لاہور میں واقع ہے۔ اب میں آپ سے ملنے کا خواہشمند تھا میں اگلے روز عبقری کے دواخانے پہنچ گیا اور آپ سے ملنے کا اصرار کیا تو مجھے بتایا گیا کہ آپ سے ملنے کے لیے تو ٹائم لینا پڑتا ہے مگر آپ کے اسسٹنٹ صاحب دواخانے میں موجود ہوتے ہیں میں نے پھر ٹوکن لینے کے بعد ان سے ملاقات کی اور ان کو اپنا تمام احوال بتایا انہوں نے مجھے "زرغوانی نقرائی" دوائی کے استعمال کا مشورہ دیا۔ میں نے زرغوانی نقرائی دوائی لی جو بالکل چھوٹی سی ڈبی تھی اس کا بروشر پڑھا تو میری آنکھیں کھل گئی کہ اس چھوٹی سی ڈبی میں اتنی زبردست طاقت ہے۔ یعنی کہ یہ کہا جائے کہ "دریا کو کوزے میں بند کر دیا جائے" تو یہ غلط نہ ہوگا۔ میں لاہور سے واپس اپنے گھر آ گیا اور دوائی کو مستقل مزاجی سے استعمال کرنا شروع ہو گیا ایک ڈبی کے استعمال سے میرے میں وہ قوت آ گئی جیسے میں پچیس سال کا نوجوان ہوں۔ گھٹنوں کی درد، پٹھوں کا کھچاؤ، قوت باہ میں بے حد اضافہ ہو گیا۔ اب میں تیز چلتا ہوں تب بھی سانس نہیں پھولتا حالانکہ پہلے تھوڑی سے واک سے ہی سانس پھول جاتا تھا۔ (محمد حفیظ، ٹوبہ ٹیک سنگھ)

## بچے کے پیٹ میں کیڑے تھے اب نہیں رہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا پانچ سال کا ہے نہ کچھ کھاتا تھا نہ پیتا تھا چائلڈ سپیشلسٹ سے چیک کروایا تو اس نے کہا کہ اس کے پیٹ میں کیڑے ہیں جس وجہ سے آپ کے بچے کو بھوک بھی نہیں لگتی اور اس کے چہرے کا رنگ بھی ماند پڑ گیا ہے۔ دوائی سے پندرہ تو افاقہ رہا لیکن پھر وہی صورتحال اب تو بچہ کہنے لگا کہ امی میرے پیٹ میں بھی درد ہے میں بہت پریشان ہو گئی۔ ہمارے محلے میں ایک خالہ جی آتی ہیں میں نے ان سے بات کی تو کہنے لگی ہمارے پوتے کو بھی یہی مسئلہ تھا تو میری بہو نے اس کو ایک دوائی دی ایک ہفتے میں ہی میرا پوتا ٹھیک ہو گیا۔ میں نے ان سے کہا دوائی کا کیا نام ہے؟ تو کہنی لگی میں بھول گئی ہوں ابھی اپنی بہو کو فون کرتی ہوں تو انہوں نے اپنی بہو کو فون کیا اور مجھے دوائی کا نام "تریاق" بتایا جو عبقری دواخانے سے ملتی ہے۔ میں نے عبقری دواخانے کا ایڈریس لیا اور اپنے خاوند کو اس بارے بتایا۔ میرے خاوند اگلے روز عبقری دواخانے سے ایک ڈبی تریاق کی لے آئے اور میں نے مستقل مزاجی سے اپنے بیٹے کو استعمال کروانا شروع کی تقریباً دو ہفتے کے استعمال کے بعد وہ بالکل ٹھیک ہو گیا چہرہ کا رنگ بھی بدل گیا جو پہلے ماند پڑا ہوا تھا اب چہرے سے ہی واضح فرق محسوس ہو رہا تھا اور کھانے پینے کی روٹین بھی اس کی پہلے سے بہتر ہو گئی۔ اب میں اس کو گھر کی بنی چیزیں مثلاً دلیا، چاول وغیرہ دیتی ہوں اور باہر کی چیزیں جو بچے دکان سے لے کر کھاتے ہیں اس سے اجتناب ہی کرواتی ہوں۔ کیونکہ صحت مند غذا سے ہی بچہ صحت مند رہے گا۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانے کا ہی سچن منجن، حلیبنہ، مشروب عبقری افراء بھی اب میرے گھر کا حصہ بن گئے ہیں اور روزمرہ کے استعمال میں ہیں۔ (زوجہ ابوذر، راولپنڈی)

## کان میں درد، پیپ کا مسلسل بہنا بند ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا پچھلے دو سال سے پڑھنے والا ہوں اس کے علاوہ عبقری کی ادویات بھی میرے زیر استعمال ہیں۔ ایک روز میں بازار گھر کی کوئی اشیاء خریدنے گیا تو راستے میں ایک دوست ملا میں نے پوچھا کیا بات ہے پریشان لگ رہے ہو تو کہنے لگا کہ ایک ہفتے سے کان میں درد، پیپ اور بند ہے میں نے اس کو کہا پریشان نہ ہو میرے ساتھ میرے گھر چلو میں اس کو اپنے گھر لے آیا اور عبقری دواخانے کا "کان شفاء" ڈراپر کے دو قطرے اسی وقت اس کے کان میں ڈالے اور کہا کہ ہر پانچ سے چھ گھنٹے بعد دو قطرے ڈالو۔ اگلے روز ملا تو کہنے لگا کافی فرق محسوس ہو رہا ہے پیپ آنا بھی تھوڑا کم ہوا ہے اور درد میں بھی افاقہ ہے تو میں نے اس کو "کان شفاء" کے دو ڈراپر اور دیئے اور کہا استعمال کرو دو ہفتے بعد ملا اور کہنے لگا پیپ بھی بند ہو گئی ہے اور درد بھی ختم ہو گیا۔ اب میں صرف رات کو سوتے ہوئے ہی کان میں دو قطرے ڈال کر سوتا ہوں۔ اس کے علاوہ گھر میں کسی کو بھی کان میں خراش، درد وغیرہ کا مسئلہ ہو تو کان شفاء استعمال کرواتا ہوں۔ (وحید، لاہور)

عبقری کا شہد سو فیصد خالص ہے' موسمی تبدیلی کی وجہ سے شہد کا جمنا فطری عمل ہے۔ مصنوعی اور ملاوٹ نہ سمجھی جائے۔ قارئین! اعتماد سے عبقری کی ادویات استعمال کر رہے ہیں ہم قارئین کے مشکور ہیں۔ (ادارہ عبقری)

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کر دیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ
نسلیں ہمیشہ کامیاب
ہجویری محل چلیے

# سستی دوا کے استعمال سے انمول خزانہ مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو تین سال ہو گئے تھے لیکن اولاد جیسی نعمت سے میں محروم تھی۔ کافی علاج کروائے بہت سارا پیسہ اسی پر ضائع کیا لیکن پھر بھی اولاد کی امید نہیں ہوئی۔ ایک روز ایک لیڈی ہیلتھ ورکر پولیو کے قطرے پلانے والی نے دروازہ کھٹکھٹایا دروازہ کھولا تو لیڈی نے کہا کوئی بچہ ہے قطرے پلانے ہیں میں نے کہا کوئی نہیں ہے اس نے میرا چہرہ پڑھ لیا اور کہنے لگی صحت سے تو تم ٹھیک ہو مسئلہ کیا ہے میں نے اس ساری بات بتائی تو کہنے لگی اتنی ادویات کا تم نے استعمال کیا ہے اب میرے کہنے پر ایک سستی سی دوائی استعمال کرو میں نے کہا کون سی؟ اس نے کہا عبقری دواخانے کی دوائی ''سچی دوا'' ہے اس کا استعمال کرو ان شاء اللہ تمہارے صحن میں بھی بچے کھیلیں گے۔ میں نے جس کو بھی یہ دوائی بتائی ہے پہلے نہیں تو دوسرا دوسرے نہیں تو دوسرے ماہ تو پکا رزلٹ آتا ہے۔ میں نے پوچھا یہ دوائی کہاں سے ملے گی؟ اس نے کہا ویسے تو عبقری دواخانہ لاہور میں واقع ہے لیکن اس کی ادویات کی ایجنسی مختلف شہروں میں ہے ہمارے شہر گوجرانوالہ میں بھی اس کی ایجنسی ہے اور یہ اس ایجنسی کا نمبر ہے۔ اس طرح وہ لیڈی ہیلتھ ورکر نمبر دے کر چلی گئی۔ شام کو میرے شوہر گھر آئے تو میں نے ان کو وہ سب کچھ بتایا جو وہ لیڈی ہیلتھ ورکر بتا کر گئی تھی لیکن جب میں نے دوائی کی قیمت 100 روپے بتائی تو شوہر کہنے لگے کہ ہم نے اتنی اتنی مہنگائی دوائی کھائی ہے اس سے کوئی فرق نہیں پڑا یہ 100 روپے والی دوائی سے کیا فرق پڑے گا ٹائم ضائع کرنے والی بات ہے۔ لیکن میں نے کہا نہیں آپ لے کر آئیں میں کھاؤں گی۔ میرے بے حد اصرار پر شوہر مان گئے اور اگلے روز کام سے واپسی پر ایک ڈبی سچی دوا کی لے آئے۔ میں نے اس پر لکھی ہوئی ترکیب پڑھی اور میں حیران ہوئی کہ اس دوائی پر اسم اعظم کا دم ہوا تھا حالانکہ یہ بات تو لیڈی ہیلتھ ورکر بتانا بھول گئی تھی۔ میرا اس دوائی پر دل سا آ گیا اور دل نے محسوس کیا کہ اس دوائی کے استعمال سے اللہ مجھ پر ضرور کرم کریں گا۔ پہلے دوائی استعمال کی پر کوئی فرق نہیں پڑا کیونکہ دوائی کے بروشر پر لکھا تھا کہ ایک پہلے ماہ فرق نہ پڑے تو دوسرے ماہ اگر دوسرے ماہ بھی نہ پڑے تو تیسرے ماہ استعمال کریں اور کرنی صرف خاص ایام کے شروع دن سے تیسرے دن تک بس۔ پہلے ماہ فرق نہیں پڑا تو شوہر نے کہا میں تو تم کو کہتا تھا یہ اتنی سستی دوائی سے کہاں فرق پڑے گا لیکن دوسرے ماہ دوائی کے استعمال سے فرق پڑا اور جب میں نے شوہر کو یہ خوشخبری سنائی تو انہوں نے فوراً دو شکرانے کے نفل اسی وقت ادا کیے۔ سارا خاندان بہت خوش تھا اور میرے دل سے لیڈی ہیلتھ ورکر اور عبقری دواخانے کے لیے دعائیں نکل رہی تھیں۔ (زوجہ محمد اشرف، گوجرانوالہ)

**قارئین کی شکایت عبقری کی ادویات:** قارئین شکایت کرتے ہیں کہ سیرپ یا شہد کا رنگ کبھی گہرا کبھی ہلکا' سیرپ کا قوام کبھی پتلا کبھی گاڑھا۔ ذائقہ کبھی زیادہ کڑوا کبھی کم! ادویات کے پاؤڈر کے رنگوں میں بھی کمی وبیشی۔ اس طرح کی بے شمار اور شکایات! دراصل قارئین! ہاتھ سے تیار ہونے والی دوائی اپنی ایک مکمل اور جامع تاثیر رکھتی ہے۔ مشین سے تیار ہونے والی دوائی کا انداز اور ہوتا ہے۔ یہ کمی بیشی نہ اجزا میں ہے نہ تاثیر میں ہے بلکہ موسم کی سردی گرمی کبھی مواد کو پگھلا دیتی ہے کبھی سکیڑ دیتی ہے۔

## بیٹی کو لگی ٹھنڈ کا خاتمہ چند دن میں ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کی عمر پانچ سال ہے۔ گزشتہ دنوں اس کو سردی لگ گئی جس وجہ سے الٹی اور پیچش رکنے کا نام بھی نہیں لے رہے تھے۔ حالانکہ ڈاکٹر بدل بدل کر تھک گئے بیٹی دنوں میں اتنی کمزور ہو گئی کہ اس کی بس آنکھیں ہی چمک رہی تھیں۔ لاہور سے بچوں کی نانی نے کال پر بیٹی کا حال پوچھا تو میں نے کہا کہ امی جی بیٹی کی طبیعت بہت خراب ہے تو انہوں نے کہا کہ تم فوری بیٹی کو لے کر لاہور آ جاؤ۔ میں اگلے دن دوپہر کو لاہور پہنچ گئی اور شام کو میری والدہ مجھے عبقری دواخانے لے گئی جہاں اسسٹنٹ حکیم صاحب سے ملاقات ہوئی انہوں نے میری بیٹی کو اچھی طرح چیک کیا اور صرف ایک چائلڈ سیرپ کے نام سے دوائی لکھی دی اور کہا کہ اس کا مستقل مزاجی سے استعمال کروایا ایک دن کے استعمال سے ہی بیٹی کی الٹی رک گئی اور تین دن کے اندر اندر پوشن بھی رک گئے اور بیٹی کی طبیعت ٹھیک ہونا شروع ہو گئی اور میں اپنی ماں کے گھر ایک ہفتے قیام کے بعد دوبارہ اپنے سسرال جڑانوالہ واپس آ گئی سب میری بیٹی کو دیکھ کر حیران تھے کہ جب گئی تھی تو بہت کمزوری تھی لیکن واپسی آئی ہے تو ماشاء اللہ سے صحت مند ہے۔ میری والدہ نے لاہور سے جاتے ہوئے چائلڈ سیرپ کی تین بوتل میرے بیگ میں ڈال دی تھیں کہ جب بھی کسی بچے کو ایسے مسئلہ ہو تو اس کو یہ سیرپ دینا ان شاء اللہ شفاء ہو گی۔ میری والدہ کو عبقری کی ادویات پر بہت اعتماد ہے اور اب مجھے بھی ہے۔ (خورشید بیگم، جڑانوالہ)

## میرا سر درد ختم، بچوں کو سبق یاد ہونے لگا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ دن پہلے سر میں شدید درد ہونے لگا میں نے پین کلر کھائی پر فرق نہیں پڑا میں ڈاکٹر کے پاس گئی اس نے بھی دو چار گولیاں دیدی وہ خوراک بھی کھائی پر سر درد کم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا میرے خاوند کہنے لگے مجھے لگتا ہے تمہاری نظر کمزور ہو رہی ہے تم نظر چیک کرواؤ۔ میں اپنے شہر میں نظر چیک کروانے گئی تو میری نظر واقعی کمزور تھی اس کے لیے اس نے بتایا کہ آپ کو دماغی کمزوری بھی ہے۔ اس نے مجھے ایک ڈبی روشن دماغ کی دی کہنے لگا کہ یہ میں خود بھی استعمال کرتا ہوں اور دوسروں کو بھی استعمال کا مشورہ دیتا ہوں اس کے استعمال سے دماغی کمزوری، نظر کی کمزوری دور ہو جاتی ہے اس کے علاوہ یہ بچوں کو بھی استعمال کروا سکتے ہیں خاص کر کہ پڑھنے والے بچوں کو اس کے استعمال سے ذہنی قوت ملتی ہے۔ میں نے روشن دماغ استعمال کی واقعی میں حیران رہ گئی چند ہفتوں میں میرے سر کا درد بھی ختم ہو گیا اور میری عینک بھی اتر گئی۔ میں نے اپنے بچوں کو بھی روشن دماغ استعمال کروانا شروع کی جس سے ان کا حافظہ تیز ہوا اب وہ سبق بھی اچھی طرح سے یاد کرتے ہیں۔ روشن دماغ اب میرے روزانہ کے معمول کا حصہ ہے۔ میں روشن دماغ اپنی جاننے والی خواتین کو بھی استعمال کروائی جن کے سر میں اکثر درد رہتا تھا ان کو بھی اس سے افاقہ ہوا۔ (مہرین فاطمہ، راولپنڈی)

**پوشیدہ کورس**
ایام کی کمی وزیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ
اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران و پریشان

خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہاسال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
قیمت 600 روپے

دشمن وحاسد کے سامنے پڑھیں!
ہجویری محل چلیے!

# روایتی سردائی ہر موسم میں مفید اور صحت بخش

گرمیوں کی آمد ہوتے ہی گھروں میں مشروبات کا اہتمام ضروری ہوجاتا ہے۔ ہر صوبے کی اپنی ہی ایک ثقافت ہے اور موسم کی مناسبت سے مشروب کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ ''سردائی'' ایک ایسا ہی لذیذ مشروب ہے جو پنجاب کی ثقافت اور ماحول کا جز سمجھا جاتا ہے۔ جوں ہی گرمیوں کی تپش میں اضافہ ہونے لگتا ہے اس حبس زدہ ماحول میں جسم کو فرحت بخش رکھنے کے لیے سردائی کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جو نہایت لذیذ اور قوت بخش مشروب ہے۔ دودھ، بادام، خشخاش، سیاہ مرچ اور چاروں مغز باہم ملا کر بنائی جانے والی سردائی ذائقے میں منفرد اور غذائیت کے اعتبار سے مفید سمجھی جاتی ہے۔ مارچ کی پندرہ تاریخ کے بعد سے ہی اس کی مانگ میں اضافہ ہونے لگتا ہے جو ستمبر تک جاری رہتا ہے۔ پنجاب میں گھریلو خواتین اسے گھروں میں ناشتے کے طور پر استعمال کرتی ہیں۔ لو کے موسم میں گرمی کی حدت سے بچنے کے لیے اسے ضرور استعمال کیا جاتا ہے تاکہ موسم کے مضر اثرات سے جسم کو محفوظ رکھا جاسکے۔ صوبہ پنجاب کے بازاروں میں بھی سرخ کپڑے سے ڈھانپے گئے مٹی کے بڑے بڑے برتن میں یہ مشروب فروخت ہوتا جابجا دکھائی دیتا نظر آتا ہے جو پنجاب کے کلچر کا ایک حصہ ہے۔ پہلے زمانے میں خواتین اپنے اہل خانہ کے لیے ناشتے میں مردوں کو گھروں سے نکلنے سے پہلے سردائی پلانے کا اہتمام کرتی تھیں۔ برصغیر کی خواتین (انڈیا و پاکستان) باداموں کو رات بھر کے لئے بھگو دیتی ہیں صبح باداموں پر سے چھلکا اتار کر الگ کرلیا جاتا ہے۔ پھر اس میں خشخاش، سونف، سیاہ مرچ، سبز الائچی اور چاروں مغز کے ساتھ مٹی کی کونڈی میں پیس کر نرم پیسٹ بنالیا جاتا ہے۔ جب یہ آمیزہ تیار ہوجاتا ہے تو تازہ دودھ لیا جاتا ہے پھر حسب ذوق چینی یا مصری ملا کر ہلکی آنچ پر کاڑھنے کے لیے رکھ دیا جاتا ہے۔ اچھی طرح پکنے کے بعد جب دودھ کی مقدار آدھی رہ جاتی ہے تو اسے ٹھنڈا کیا جاتا ہے اور پھر نرم پیسٹ والا تیار آمیزہ اس پکے دودھ میں ٹھنڈا ہونے کے بعد شامل کیا جاتا ہے۔ پھر اسے پینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ذائقے دار مشروب ٹھنڈا ہونے کے بعد اور بھی مزے دار ہوجاتا ہے۔ غذائیت کے اعتبار سے اس مشروب میں کاربوہائیڈریٹس، وٹامنز، منرلز، پروٹین اور پوٹاشیم موجود ہوتا ہے۔ جو دماغی صلاحیتوں کی کارکردگی کو بھی درست کرنے میں مدد دیتا ہے۔ دن بھر ہونے والی مشقت کے لیے قوت مدافعت میں اضافہ کرتا ہے۔

**بنارس کی سردائی:** ہندوستان کے شہر بنارس میں بننے والی سردائی بھی یوں ہی تیار کی جاتی ہے لیکن اس میں زعفران کا اضافہ کردیا جاتا ہے۔

**راجستھانی سردائی:** راجستھانی سردائی میں گلاب کی پتیاں استعمال کی جاتی ہیں جو وہاں کی جھلستی اور تپتی گرمی میں فرحت پہنچاتی ہے۔ پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا میں اس سردائی کو ٹھنڈائی کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ البتہ پنجاب کے علاقوں میں اسے سردائی کے نام سے ہی موسوم کیا جاتا ہے۔ اور گرمیوں میں اسے استعمال کر کے لطف اٹھایا جاتا ہے۔ اب پنجاب سے نکل کر یہ مشروب سندھ میں بھی متعارف ہونے لگا ہے۔ نئے نئے ذائقوں سے روشناس ہونے والے شوقین افراد لذت سے بھرپور اس مشروب کا ضرور گرمیوں میں استعمال کریں۔ غذائیت کے اعتبار سے یہ بچوں کے لیے بھی بہت مفید ہے۔

# کافور کا تیل سرسوں میں ملا کر لگائیے! جوئیں ختم چاٹی کی لسی سے آج بھی بال دھوتی ہوں

حفصہ عالم، لودھراں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گاؤں میں عبقری رسالہ بہت ہی شوق سے پڑھا جاتا ہے' میری تمام سہیلیاں اور ماموں زاد بہنیں عبقری کی دیوانی ہیں۔ مجھے فخر ہے کہ اپنے گاؤں میں سب سے پہلے عبقری میرے والد صاحب لے کر آئے اور انہی کی محنت سے لوگوں نے عبقری سے فیض اٹھایا' ہمارے خاندان میں خواتین اور مردوں کے بال بہت گھنے' مضبوط اور سیاہ ہیں' خاص طور خواتین کے بال لمبے' گھنے' سیاہ اور چمکدار ہیں' قارئین! میں کسی شیمپو کی مشہوری نہیں کررہی بلکہ آپ کو اس کا راز بتارہی ہوں کہ آخر وہ کون سے ٹوٹکے ہیں جن کی وجہ سے ہماری خواتین کے بال بہت خوبصورت ہیں' الحمدللہ میرے بال بھی باقی خواتین کی طرح ہی لمبے اور گھنے ہیں' اس کی وجہ ہماری بڑی بوڑھیاں ہیں جو نسل در نسل ہمارے بالوں میں دیسی ٹوٹکے اور نسخہ جات آزماتی اور لگاتی ہیں' آپ حیران ہوں گے میری والدہ نے ابھی کل ہی میرے بال چاٹی کی لسی سے دھوئے ہیں' اس کے علاوہ جو دیسی ٹوٹکے ہمارے ہاں استعمال ہوتے ہیں جو بھی مجھے یاد ہیں وہ میں لکھ رہی ہوں۔

☆خشک بالوں کی خشکی دور کرنے کے لیے ناریل کے نیم گرم تیل سے ان میں اچھی طرح مالش کریں۔

☆مہندی اور ناریل کا تیل برابر مقدار میں ملا کر لگانے سے بالوں کی خشکی دور ہوجاتی ہے۔

### بالوں کی چکنائی ختم کرنے کا لیپ

☆چکنے بالوں کی چکناہٹ سے نجات حاصل کرنے کے لئے ملتانی مٹی میں ذرا سا پانی ڈال کر اس میں ایک ترش لیموں نچوڑ لیں اور اس آمیزے کا لیپ بالوں کی جڑوں میں کریں اس کے بعد بالوں کو نیم گرم پانی سے دھوئیں خیال رکھیں کہ پانی بہت زیادہ گرم نہ ہو۔ سر سے زائد از ضرورت چکناہٹ دور ہوجائے گی۔

☆اگر بال جھڑنا شروع ہوجائیں تو مکھن میں نمک ملا کر اچھی طرح سر کی مالش کریں اور تھوڑی دیر بعد نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ چند مرتبہ ایسا کرنے سے بالوں کی مضبوطی میں اضافہ ہوگا اور جھڑنا بند ہوجائیں گے۔

### گرتے بالوں کو روکنے کا بہترین ٹوٹکہ

☆سیکا کائی، میتھی کے بیج اور ماش کی دال کی پیس کر اس میں پانی ڈالیں اور سر پر لگائیں گرتے بالوں کو روکنے کا بہترین ٹوٹکہ ہے۔

☆چاٹی کی لسی یا دہی کی لسی سے دھونے سے بال لمبے ہوتے ہیں۔ ☆چائے کے ٹھنڈے قہوے سے بالوں کو دھونے سے بال لمبے اور گھنے ہوجاتے ہیں۔

### کافور لگائیں بچوں کے سر سے جوئیں ختم

☆بالوں کی لمبائی میں اضافہ کرنے کے لیے کریلے کی جڑ پیس کر بالوں میں لگانا مفید ہے۔ ☆کافور کا عرق سرسوں کے تیل میں ملا کر بالوں میں لگانے سے جوئیں مرجاتی ہیں۔

☆بالوں میں مہندی لگانے سے سر کی گرمی دور ہوجاتی ہے اور بال لمبے بھی ہوتے ہیں۔

گردے فیل شفاء
گردہ کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام
کمزور گردے کو صحت مند کرے۔ یوریا' یورک ایسڈ' کریٹینن' پوٹاشیم کی مقدار درست کرے۔ ڈائیلاسز سے نجات دلائے کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں (قیمت: 150 روپے)
شادی کی بندش ختم ہجویری محل چلیے



www.ubqari.org

# والد پیسے لیکر لوگوں کی زندگیاں جہنم بناتے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج میں انتہائی شرمندگی' کانپتے ہاتھوں سے یہ خط لکھ رہی ہوں' میرا یہ دکھی پیغام عبقری کے قارئین کے نام ہے۔ قارئین میری زندگی اجڑ چکی ہے' میری والدہ نے ساری زندگی سسک کر گزاری اور اب میں گزار رہی ہوں' شاید میری اگلی نسل بھی ایسے سسکے' تڑپے روئے' آہیں بھرے جیسے میں بھرتی ہوں اور اس کا ذمہ دار کوئی اور نہیں میرے سگے والد ہیں' آپ حیران نہ ہوں وجہ صرف یہ ہے کہ میرے والد گھر میں کالا جادو کرتے تھے' انہیں جادوگر بننے کا شوق تھا' نا معلوم کہاں کہاں سے گندے سفلی عمل سیکھ کر آتے اور گھر میں کرتے' میری والدہ' بڑے' حتیٰ کہ محلے دار بھی منع کرتے کہ گھر میں یہ کام نہ کرو' مگر میرے والد پر جادو کرنے کا نشہ سوار تھا اس کے علاوہ ایک اور انتہائی بری عادت تھی کہ میرے والد سود پر لوگوں کو پیسے دیتے تھے اور اس پر سالہا سال سود لیتے اور کھاتے تھے۔ مجھے یاد ہے 2008ء میں ہم اس مکان میں شفٹ ہوئے اور میرے والد سالہا سال یہ کام کرتے رہے۔ کچھ جنات میرے والد کے قابو میں بھی آئے' میرے والد اب پیسے لیکر لوگوں کی زندگیاں جہنم بناتے تھے' آئے روز پتلے منگواتے' گھر میں خون منگواتے' ناپاک رہتے۔ اس سب کا اثر یہ ہوا کہ گھر میں شیاطین جنات نے ڈیرہ ڈال لیا لکھتے ہوئے کانپ رہی ہوں کہ اسی وقت سے غلیظ جنات نے ہمیں تنگ کرنا اور ناپاک کرنا شروع کر دیا' رات رات بھر اذیت سے گزرتی' معدہ خراب ہوگیا' شدید اینگزائٹی ہوگئی' ہر کام الٹا ہوگیا' ساری رات جاگ کر گزارتی' دن میں بھی نیند نہ آتی' دماغ پھٹنے کو آجاتا۔ چار سال بعد میری والدہ ہم نے والد کو اسی گھر میں چھوڑا اور علیحدہ ہوگئے۔ مگر زندگی میں سکون نہ آیا۔ تقریباً دو سال بعد اسی گھر میں والد صاحب پراسرار طور پر مردہ پائے گئے جو کہ شاید کسی شریر جن کی ہی کارستانی تھی جسے میرے والد نے جادو کے زور پر قابو کر رکھا تھا۔ اب دس سال ہوگئے ہیں ہم ان مسائل میں الجھے ہوئے ہیں' میری والدہ کے والد صاحب سے تعلقات کبھی اچھے نہیں رہے' میری والدہ بھی میرے جیسے غلیظ مسائل میں الجھی ہوئی ہیں۔ ہم سسک سسک کر زندگی گزار رہی ہیں' مجھے کسی نے عبقری رسالہ ہدیہ دیا' زندگی کی بجھی ہوئی شمع دوبارہ روشن ہوگئی کہ ان شاء اللہ اب میرا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔ میرے والد کے قیدی جنات اب ہم سے باقاعدہ بدلہ لے رہے ہیں' یہ جنات میری والدہ کو گناہ پر اکساتے ہیں' دل کو بے حد گھبراہٹ ہوتی ہے' معدہ میں تکلیف' یادداشت انتہائی کم' نیند غائب' پاؤں میں سوئیاں چبھتی ہیں' سر میں جیسے کوئی کیل ٹھونک رہا ہو' گھر چھوڑ کر بھاگنے کو دل چاہتا ہے' ماتھے' سر اور کنپٹیوں پر بوجھ پڑتا ہے' منہ میں چیزیں محسوس ہوتی ہیں' سینے میں اچانک شدید تکلیف شروع ہوتی اور اچانک ہی ختم ہو جاتی ہے۔ یہ مسائل میری والدہ کے ساتھ ہیں اور میرے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ رات کو نیند نہیں آتی' جنات رات کو شدید تنگ کرتے ہیں' ہر وقت ڈیپریشن' خاص جگہوں پر خارش' غلیظ خیالات کا آنا' برائی پر اکسانے والے خیالات' ماہواری میں خرابی' چڑچڑا پن' قوت ارادی کمزور' غلیظ خواب آنا' سر میں تکلیف اور بوجھ' یہ تمام میرے اندر ہیں' اب آپ بتائیں یہ زندگی جہنم ہے یا نہیں؟ قارئین میری ہاتھ جوڑ کر گزارش ہے کہ اگر کسی کو جنات کو قید کرنے' یا کالا جادوگر بننے کا شوق ہے یا وہ ہے ان کو سمجھائیں کہ اپنی نسلوں کو تباہ نہ کرو' اسے میرا یہ خط دکھا دو شاید وہ سمجھ جائے شاید کسی کی ماں' کسی بیٹی ایسے عذاب سے بچ جائے۔

# گھر سے لڑائی جھگڑا اور بحث ختم کرنے کے آزمودہ اسم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ثواب کی نیت سے میں چند عمل لکھ رہی ہوں جو میں نے پڑھے فائدہ ہوا ہے۔

## لڑائی جھگڑے اور بحث مباحثہ ختم

اگر کہیں پر کوئی لڑائی ہو رہی ہو یا گھر میں بڑے یا چھوٹے آپس میں بحث کر رہے ہوں تو آپ یہ اسم پڑھیں "یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ" ان کے پڑھنے سے جھگڑا ایسے ختم ہوگا جیسے پنسل سے کچھ لکھا ہوا ربڑ سے مٹا دیا گیا ہو یہ میں نے اپنے سٹوڈنٹس کو بھی بتایا انہیں بھی بہت فائدہ ہوا۔

## الرجی اور ہر مسئلے کے لیے

مجھے 2009ء میں بہت الرجی ہوئی میرے ناک سے بہت زیادہ پانی آنا شروع ہوا ڈاکٹرز کو دکھایا بہت ہائی پاور کی مہنگی دوا کھائی ڈاکٹر نے کہا اسکی دوا اسلام آباد سے آئے گی بہت مہنگا کورس ہے وغیرہ وغیرہ میں بہت پریشان ہوئی اتنی مہنگی دوائیں کیسے خرید پائیں گے میرے پاس انمول خزانہ تھا ایک بک تھی تو اس میں سے انمول خزانہ نمبر 1 میں ہر نماز کے بعد پڑھتی تھی اور آج بھی پڑھتی ہوں انمول خزانہ نمبر 2 اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے وضو بے وضو پڑھتی رہی۔ الحمدللہ اس کے بعد آج تک مجھے دوبارہ الرجی کی شکایت نہیں ہوئی۔ اس سے پہلے تو میرا رومال تو گیلا ہی رہتا تھا ناک میں سے پانی آنے کی وجہ سے ہر ایک دوپٹہ جو کہ دو یا اڑھائی میٹر کا ہے وہ بھی پانی سے گیلا ہو جاتا تھا۔

## رش سے نکلنے کے لیے

حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت محمد ﷺ کی طرف سے تحفہ ملا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ جب رستے میں ٹریفک جام ہوتی تو ہم یہ دعا پڑھنا شروع کرتے تو راستہ کھل جاتا اسی طرح ہم 18 جنوری 2015 کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے مکہ پاک گئے وہاں بھی جب بہت سارے حاجی ہوتے تو جگہ بنانے کے لیے ہم یہ دعا پڑھنا شروع کرتے تو ہمارے لیے خود بخود حاجیوں کے درمیان میں سے راستہ مل جاتا نہ انہیں کوئی تکلیف ہوتی اور نہ ہمیں بلکہ حاجی ہم سے دعا سن کر وہ بھی پڑھنا شروع کر دیتے۔ مکہ پاک اور مدینہ پاک میں بھی ہم نے یہی دعا پڑھی اللہ پاک نے ہمارے ساتھ بہت آسانیاں کی ہم سوچ بھی نہیں سکتے۔

## یَارَبِّ پنج پیر کہتی ہوں راستہ کھل جاتا

2010ء میں میں پارلر کا کورس کرنے جاتی تھی اس کے لیے 25 کلومیٹر کا فاصلہ وین میں طے کر کے جانا پڑتا تھا وین اڈے پر اتارتی پھر چند منٹ آگے پیدل چل کر جانا پڑتا تھا۔ وہاں ایک ایسی سڑک آتی تھی جہاں سے چار راستے نکلتے تھے تو وہاں کوئی ٹریفک پولیس نہیں تھی۔ میں یہ ورد کرتی یَارَبِّ پنج پیر کا ورد کرتے ہوئے بڑی بڑی کاروں، گاڑیوں، وین، رکشہ، (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

فیملی شفاء
گیس۔ بدہضمی۔ سینے کی جلن سے فوری نجات' ہر وقت جیب میں رکھنے کی چیز
شفاء کی ایسی پڑیا جس کے کھاتے ہی ہو جائے تکلیف دور۔ ہر وقت گھر میں اور سفر میں ساتھ رکھیں۔ کھایا پیا فوراً ہضم' طبیعت ہشاش بشاش۔ (قیمت فی ساشے صرف 10 روپے)
محبت و مصالحت کا نادر عمل
ہجویری محل چلیے!



www.ubqari.org

تجربات رومی

# آئے ہیں تو کچھ لے کر ہی جائیے!

قسط 13

رومی احمد پوری

قارئین السلام علیکم! جیسا کہ آپ جانتے ہیں میں نے گزشتہ قسط میں عرض کیا تھا کہ میں سفر پر کیسے گیا؟ کیسے ترتیب بنی؟ کیا ہوا؟ کس عمل نے مجھے فائدہ دیا۔ مجھے اللہ والوں کی قبور پر جانے کا بہت شوق ہے اور اللہ والوں نے امت کو سیدھے راستے پر چلانے کی کیا کیا کوششیں کیں، کیا مشقتیں اٹھائیں، کیا قربانیاں دیں ان مضامین کو بھی تفصیل سے پڑھنے کا اور اس جگہ پر جانے کا جہاں اللہ والے ہوا کرتے تھے۔ بہت سالوں سے یہ اشتیاق اور خواہش تھی کہ میانوالی میں موجود اللہ والے خواجہ خواجگان حضرت خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خانقاہ اور مزار پر حاضری دیں۔ سفر کی کوئی ترتیب نہیں بن رہی تھی' دھند نے سارے ملک کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا تھا جس نے سفر کو ناممکن بنایا ہوا تھا اور حادثات روز کے حساب سے بڑھ رہے تھے۔ بس اندر ایک لگن تھی ایک تڑپ تھی ایک جذبہ تھا جو کہ بار بار خیالات اور جذبات کو خانقاہ کندیاں شریف کی طرف کھینچے جا رہا تھا۔ اب تو بس جس دن سفر کی روانگی تھی اور رات تک یہ فیصلہ نہیں ہو پا رہا تھا کہ جانا ہے کہ نہیں؟ میرا دل تھا اب موقع ہے پتہ نہیں وقت ملتا ہے یا نہیں۔ شیخ الوظائف چند سال پہلے روحانی منزل تشریف لے گئے تھے' وہاں اطلاع نہیں کی لیکن بس تھوڑے سے افراد جمع ہوگئے۔ شیخ الوظائف نے فرمایا ''آئے ہو تو کچھ لے کر ہی جاؤ سورۂ قریش چالیس مرتبہ یقین کے ساتھ پڑھ لیا کرو۔ کوئی مشکل آئے، کوئی پریشانی آئے، دکھ ہو، درد ہو جس کام کے لیے پڑھو گے ان شاء اللہ کے نام کی برکت سے وہ کام ہوجائے گا''۔ اس محفل میں بندہ بھی شامل تھا۔ بس آج وہ وقت اور اجازت یاد آئی اور تسبیح ہاتھ میں لی اور اوّل آخر درود شریف کے سورۃ القریش چالیس مرتبہ یقین کے ساتھ پڑھ لی اور دل ہی دل میں اللہ سے مانگنا شروع کردیا۔ اے میرے مولا! تیرے خزانوں میں کمی نہیں ہے ہم سب گنہگار ہیں، تو اس خیر کے سفر کو کروا دے تو اپنی راہ کے راستے کھول دے۔ خیر میں یہ عمل کرکے سوگیا۔ صبح اٹھا نماز پڑھی نماز پڑھ کر شیخ الوظائف کے حجرے میں گیا۔ وہاں شیخ الوظائف نے فرمایا کیا کندیاں شریف جانا ہے؟ میں نے کہا جی ہاں بالکل۔ جو فیصلہ ہفتوں طے نہیں ہو پا رہا تھا وہ پلک جھپکتے ہی طے ہوگیا۔ یہ کیا ہے؟ یہ اللہ کی نام کی قوت ہے اور ان اللہ والوں کی اجازت کا اثر ہے اور اچانک سفر پر جانے کی تیاری ہوئی۔ آگے میزبان کو اطلاع کی جن کو گزشتہ رات موسم کی خرابی کی وجہ سے روک چکے تھے وہ بھی بہت خوش ہوئے اور ہم تقریباً 9 گھنٹے کا سفر کرتے ہوئے اپنی منزل مقصود پر پہنچے۔ یہ میرا کمال نہیں! یہ تو اللہ کے کلام کی طاقت ہے۔ حاجی عبدالوہابؒ صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے ''کسی سے نہیں ہوتا اللہ سے ہوتا ہے یعنی اللہ سے ہونے کا یقین اور اللہ کے غیر سے نہ ہونے کا یقین ہمارے اندر آجائے''۔

شیخ الوظائف نے بھی ہمیں سبق دیا کہ ''اعمال سے بننے، اعمال سے پلنے اور اعمال سے بچنے کا یقین ہمارے اندر کیسے آجائے''۔ اس لیے ہمارے بڑے کہتے ہیں جب بھی کوئی مشکل آئے پریشانی آئے تو رجوع الی اللہ کرو نہ کہ رجوع مخلوق کرو۔ تسبیح خانہ نے ہمیں یہ طریقہ (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

# میرا بچہ بیمار ہو تو کیا کوئی طبی ٹوٹکہ بھی ہے!

## بچوں کے امراض اور ان کا علاج

بچوں کو خواہ مخواہ دوا کی عادت نہ ڈالنی چاہیے۔ بچے کو دوا دیتے وقت خاص احتیاط کرنی چاہیے۔ بچوں کی بیماریاں عام طور پر معدے کی خرابی سے پیدا ہوتی ہیں اور معدے کی خرابی کا سبب غذاؤں کی بھرمار ہوتی ہے اگر بچے کو دودھ پلانے اور غذا دینے میں خاص احتیاط برتی جائے تو بچہ ہمیشہ تندرست رہ سکتا ہے بچے ان سب بیماریوں کا شکار ہوسکتے ہیں جو بڑے آدمیوں کو ہوسکتی ہیں۔

## بچوں کی کھانسی اور نزلہ

بچوں کا ناک اور پھیپھڑے کھانسی کی تکلیف برداشت نہیں کرسکتا۔ وہ اپنے بلغم کو جوان آدمی کی طرح خارج نہیں کرسکتا۔ بلغم کھانسی کے ساتھ اکھڑتا ہے تو بچہ اس کو نگل لیتا ہے اس لئے بچوں کا ہاضمہ بھی خراب ہوجاتا ہے بچے کو سردی سے محفوظ رکھنا چاہیے۔ اگر ذرا بھی نزلہ زکام اور کھانسی کی شکایت ہو تو فوراً متوجہ ہونا چاہیے۔ اسباب: سردی لگنا جیسے ٹھنڈے پانی سے نہانا، ٹھنڈی ہوا میں رہنا، گیلی زمین پر سونا، پانی میں بھیگنا، گیلے کپڑے، خراب موسم کے بخارات اور گرد و غبار کا ناک اور گلے میں پہنچ کر خراش پیدا کرنا حیاتین کی کمی کے باعث قوت مدافعت کا کمزور ہونا۔

**علامات:** بچہ سست ہوجاتا ہے ناک سے پتلا پانی بہتا ہے چھینکیں آتی ہیں۔ ناک کے نتھنوں کے کنارے سرخ ہو جاتے ہیں اور چھونے سے درد کرتے ہیں کبھی نتھنے بند ہو جانے سے کھر کھر کی آواز آتی ہے مرض کی شدت کے وقت حلق اندر سے سرخ ہوجاتا ہے نرخرہ بھی متورم ہونے کی وجہ سے کھانسی اٹھتی ہے پھیپھڑوں کی نالیاں ماؤف ہوجانے کی صورت میں خراش ہوتی ہے اور بخار بھی ہوجاتا ہے۔ زبان پر میل جم جاتا ہے۔

## جی ہاں! طبی علاج حاضر ہے!

معمولی کھانسی کی صورت میں لعوق سپستان 6 گرام، عرق گاؤزبان 36 گرام میں جوش دیکر تھوڑا تھوڑا ہر دو گھنٹے بعد پلائیں اگر کھانسی زیادہ ہو جائے تو یہ جوشاندہ پلائیں ھوالشافی: گل بنفشہ 7 گرام، عناب 5 دانہ، سپستان 9 دانہ، خطمی 7 گرام، اصل اسوس 5 گرام، گاؤزبان 5 گرام پانی میں جوش دیکر صاف کرکے 25 ملی لیٹر شربت بنفشہ ملا کر بچے کی ماں کو پلائیں تین چمچ بچے کو بھی پلائیں اگرچہ بچہ ماں کا دودھ پیتا ہو، اگر بچہ بڑا ہو تو بچے کو چار چار گھنٹے بعد پلائیں۔

**سینے پر بلغم جم جائے تو:** اگر بچے کے سینے میں بلغم جمع ہوجائے خرخر کی آواز آنے لگے تو گل گاؤزبان، گاؤزبان 3,3 گرام، عناب 5 دانہ، نبات سفید 25 گرام تمام کو پانی میں جوش دے کر پلائیں۔ شربت اعجاز تھوڑا تھوڑا بچے کو چٹائیں اگر قبض ہو تو مندرجہ بالا نسخہ میں ترنجبین حل کرکے پلائیں یا کسٹر آئل چھ ملی لیٹر، شہد چھ ملی لیٹر کے ساتھ ملا کر چٹائیں۔ ان شاء اللہ آپ کا بچہ صحت مند' تندرست اور پھلے پھولے گا۔ بچے کو چھ ماہ کے بعد آہستہ آہستہ ٹھوس غذا کی طرف لائیں۔

سات تخم شفاء
اس دوا کو درویش کی دعا ہے۔ یقین والوں کیلئے اتنا کافی ہے۔ زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں۔
بواسیر۔ ذیابیطس۔ ہائی بلڈ پریشر۔ معدہ کے تمام امراض کا علاج۔ موٹاپا۔ ڈپریشن۔ ذہنی دباؤ کا مکمل علاج۔ پرانی خارش۔ الرجی زخموں کیلئے۔ چھائیاں' داغ دھبوں کا علاج۔ (قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
کمر درد اور مہروں کا مسئلہ ٹھیک
ہجویری محل چلیے



www.ubqari.org

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اثرات کی وجہ سے پریشانیاں | دوستوں کے معاملے میں احتیاط کیجئے! | یہ سورج ہمارے گھر نہ گرے! | گھر میں خوشحالی اور رزق میں فراوانی | آیت کریمہ کے ورد سے باز آجائیے ورنہ! | خواب اور روشن تعبیر |

## اثرات کی وجہ سے پریشانیاں

میں گھر سے مسجد کی طرف نماز پڑھنے جارہا ہوں مسجد کے ساتھ ہی والد کے دوست کا گھر ہے تو میں گھر کے اندر چلا جاتا ہوں۔ میں انکل کو سلام کرنے کے لیے ہاتھ نکالنا چاہتا ہوں تو میرا بازو اٹھ نہیں پاتا۔ میں بہت پریشان ہوجاتا ہوں اور ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے بازو کسی چیز میں پھنسا ہوا ہے۔ انکا گھر بہت خوبصورت ہے اور بہت خوبصورت صوفے گھر میں رکھے ہوئے ہیں۔ انکل مجھ سے پوچھتے ہیں کہ گھر کیسا لگ رہا ہے میں تعریف کرتا ہوں کہ بہت خوبصورت ہے۔ پھر میرے والد اور چاچو آجاتے ہیں اور میں مسجد میں نماز پڑھنے کے لیے چلا جاتا ہوں۔ دوسرا خواب دیکھا کہ ایک کتا مجھے گھور رہا ہے اور پھر وہ ایک دم سے مجھ پر جھپٹ پڑتا ہے اور کاٹتا ہے پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (محمد سلیمان، واہ کینٹ)

